أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ (النمل)

بھلا کون بے قرار کی التجا قبول کرتا ہے جب وہ اس سے دعا کرتا ہے اور (کون) اس کی تکلیف دور کرتا ہے۔

اضافہ شدہ ایڈیشن

وظائف الصالحین

گھریلو پریشانیوں الجھنوں اور بیماریوں کیلئے

مجربات کا نادر ذخیرہ

مؤلف

(مولانا) حافظ اقبال قریشی

روحانی معالج

پسند فرمودہ

مولانا ابوالقاسم نعمانی مدظلہ
مہتمم دارالعلوم دیوبند انڈیا

مولانا محمد سلمان الحسنی مدظلہ
داماد شیخ الحدیث مولانا زکریا نور اللہ مرقدہ
ناظم جامعہ مظاہر العلوم سہارنپور انڈیا

الشیخ عبدالرحمن الشبیلی مدظلہ
کلیدبردار کعبۃ اللہ

مولانا محمد مکی حجازی مدظلہ
شیخ حرم بیت اللہ

وظائف الصالحین

مؤلف حافظ اقبال قریشی

مکتبہ شہید اسلام

متصل مرکزی جامع مسجد (لال مسجد) اسلام آباد

0334-5451794

Website: www.alshaibitrust.org

وظائف الصالحین

گھریلو پریشانیوں، الجھنوں اور بیماریوں کیلئے مجربات کا نادر ذخیرہ

مؤلف

(مولانا) پیر حافظ اقبال قریشی روحانی معالج

مولانا پیر حافظ اقبال قریشی صاحب کی طرف سے اس کتاب کے تمام وظائف پڑھنے کی عام اجازت ہے۔

❁اسماء الحسنیٰ کے فضائل ❁منزل ❁درود شریف سے مشکلات کا حل
❁متفرقات ❁رحمتوں والے اعمال ❁رزق میں برکت کے اعمال ❁مسنون استخارہ

پسند فرمودہ

حضرت مولانا **نذر الرحمٰن** مدظلہ العالی (مقیم رائیونڈ مرکز لاہور پاکستان)

شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر **شیر علی شاہ صاحب** اکوڑہ خٹک

مولانا **عبد العزیز صاحب** خطیب لال مسجد اسلام آباد

شیخ الحدیث مفتی **حمید اللہ جان صاحب** جامعہ اشرفیہ لاہور

برائے صدقہ جاریہ

جو احباب اپنے مرحوم والدین عزیز و اقارب اور دوستوں کے ایصال ثواب کیلئے یا اپنے دوست احباب میں فری تقسیم کروانا چاہتے ہوں یا اپنے اہل و عیال کیلئے صدقہ جاریہ کے طور پر چھپوانا چاہتے ہوں وہ خصوصی رعایت کیلئے درج ذیل پتہ پر رابطہ فرمائیں۔

مرکزی جامع مسجد شیبی، مورگاہ، راولپنڈی

0334-5451794 - 0300-5802404

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

نام کتاب ..... وظائف الصالحین

مؤلف ..... مولانا پیر حافظ اقبال قریشی 0300-5802404

ناشر ..... مکتبہ شہید اسلام لال مسجد اسلام آباد 0334-5451794

پرنٹر ..... دی آرمی پریس، اسلام آباد 0333-5204111

قیمت ..... 350 روپے

یہ کتاب پشتو، فارسی، انگلش اور عربی میں بھی دستیاب ہے۔

اشاعت	تعداد
اوّل 8 جولائی 2009	1000
دوئم 18 جولائی 2009	1000
سوئم 25 جولائی 2009	3000
چہارم 30 اگست 2009	1000
پنجم 10 ستمبر 2009	1000
ششم 28 ستمبر 2009	1000
ہفتم 12 نومبر 2009	1000
ہشتم 20 دسمبر 2009	1000
نہم 25 جنوری 2010	1000
دہم 18 فروری 2010	1000
پندرھویں 07 جنوری 2011	5000
سولھویں 17 اگست 2011	3000
سترھویں 28 جولائی 2011	3000
اٹھارویں یکم مارچ 2012	3000
اُنیسویں جولائی 2012	5000
بیسویں 15-2014	8,000
اکیسویں 2016	4,000
بائیسویں اکتوبر 2017	4,000
تیئسویں ستمبر 2018	2,000
چوبیسویں اکتوبر 2019	2,000

ملنے کے پتے

مکتبہ اجمیریہ متصل مرکزی جامع مسجد الشیبی
مور گاہ، راولپنڈی

مکتبہ شہید اسلام، لال مسجد اسلام آباد

مسٹر بکس، سپر مارکیٹ اسلام آباد

شاہین کیمسٹ، راولپنڈی، اسلام آباد

جامعہ فریدیہ، E-7، اسلام آباد

تاج کمپنی، لیاقت روڈ، راولپنڈی

مکتبہ رشیدیہ، کمیٹی چوک، راولپنڈی

احمد بک کارپوریشن، اقبال روڈ، راولپنڈی

مکتبہ سید احمد شہید، اکوڑہ خٹک

اسلامی کتاب گھر، خیابان، راولپنڈی

مکتبہ رحمانیہ، اردو بازار، لاہور

مکتبہ حسن، اردو بازار، لاہور

مکتبہ ادارۃ الحرم، اردو بازار، لاہور

مکتبہ عمر فاروق شاہ فیصل کالونی کراچی

اشرف بک، کمیٹی چوک، راولپنڈی

عرض ناشر

بفضل تعالیٰ مکتبہ شہید اسلام عرصہ دراز سے اسلامی تعلیمات کی ترویج واشاعت میں مصروف عمل ہے جو شہید اسلام مولانا محمد عبداللہ شہیدؒ کی یادگار ہے۔

حالات کی نزاکت، کفر کے تندوتیز طوفانوں اور اسلام دشمن قوتوں کے مکروہ عزائم کے باوجود مکتبہ شہیدِاسلام اسلامی تعلیمات کی روشنی چارسو پھیلانے کی سعی کررہا ہے۔

اسی سلسلے کی ایک کڑی جادو، بندش، نظربد، جناتی اثرات اور دیگر روحانی بیماریوں کے حل کیلئے لکھی گئی زیرنظر کتاب "وظائف الصالحین" ہے۔جو کہ اس سلسلے میں یقیناً ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔مؤلف کتاب مولانا اقبال صاحب بلند پایہ عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہترین ماہر عملیات بھی ہیں۔ انہوں نے اپنے تجربات کی روشنی میں اکابرین کی تعلیمات کو سامنے رکھتے ہوئے اوراد و وظائف کی ایک بہترین کتاب تالیف کی ہے۔جو نذر قارئین ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب کو شرف قبولیت سے نوازے اور مؤلف موصوف اور ناشر کیلئے ذریعۂ نجات اور قارئین کیلئے نافع اور کارآمد بنائے۔ آمین

والسلام

عمر فاروق مکتبہ شہید اسلام

MTAB
طب اسلامی کی جدید ریسرچ کے عین مطابق
(رجسٹرڈ پنجاب کونسل فار طب اسلام آباد)
ہربل فزیشن حکیم محمود الحسن توحیدی (گولڈ میڈلسٹ)
طب
Herbal Physician
Hakeem (Gold Medalist)
Mahmood-Ul-Hasan Tohidee
Fazil Tibb-o-Jrahat (pak)
Fazil Tibb-e-Islami (P.b)
Simple Argino Pathy (P.b)
Tibh-e-Sunatl (iran)
فاضل طب و جراحت (پاک)
فاضل طب اسلامی (طب)
قانون مفرد اعضاء (پنجاب)
طب سنتی بالقصد (ایران)
متصل جاوا ریسٹورنٹ نزد گورمے بیکری چوک ناخدا دین پورہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میرے مربی و محسن ،استاد،ذی وقارعالم باعمل اور عامل کامل،پیکر اخلاص، داعی الی اللہ حضرت مولانا حافظ محمد اقبال قریشی صاحب دامت برکاتہم العالیہ کو اللہ ربّ العزّت احسن جزا دے ان احسانات کی جوانہوں نے بندۂ عاجز پر کئے ہیں۔

بندۂ ناچیز دینی و دنیاوی تعلیم کے بعد عرصہ تقریباً ۱۲بارہ سال سے عملیات اور طب کے شعبہ سے وابستہ ہے۔ اس سلسلہ میں پاکستان،انڈیا،ایران،بنگلہ دیش وغیرہ کے حکیموں اور عاملوں سے ملا لیکن عملیات میں جو شرح صدر حضرت مولانا اقبال قریشی صاحب پر ہوا وہ کسی اور پر نہ ہوسکا اسکی وجہ ان کا اخلاص، تقویٰ، سچائی، بےلوث دکھی انسانیت کی خدمت اور صحیح علم و عمل ہے روحانی امراض کے علاج میں ان کا علم، تجربہ اوربے حد مہارت ہے۔ پھر اس میں تاثیر، قبولیت اور مریضوں کا شفایاب ہونا یہ سب اللہ ربّ العزّت کی توفیق، مدد اور فضل کے بغیر ممکن نہیں ہوسکتا روحانی امراض کے علاج کے ساتھ ساتھ میرے محسن استادِ محترم نے عام لوگوں کے استخارہ کے لئے قرآنی آیات، دعائے ماثورہ اور اولیاء کرام کے وظائف پر مشتمل یہ کتاب "وظائف الصالحین" کے نام سے ترتیب دی تھی۔

اس صاحب کتاب کو الحمدُللہ عصر حاضر کے اکابرین امت اور اولیائے کرام کی تائیدوسرپرستی اور دعائیں حاصل ہیں جس کی وجہ سے اللہ ربّ العزت نے اس کتاب اورصاحب کتاب کو بڑی قبولیت اور مقبولیت عطا فرمائی اب تک یہ کتاب اردو، عربی اور انگریزی میں تقریباً ایک لاکھ کے قریب چھپ چکی ہے۔

اَللّٰھُمَّ زِدْفَزِدْ میں اتنے سالوں کی محنت اور کوشش کے بعد ان کے سامنے طفل مکتب ہوں اور ان کی شفقت اور علم کے فیض کا طلبگار ہوں ان سے تعلق کے بعد میں نے ان کے حکم پر اور اللہ ربّ العزّت کی رضاکے لئے تمام دنیاوی عہدوں کو خیر باد کہہ دیا اور ان کی دعاؤں اور سرپرستی سے اللہ کی مخلوق کی ہدایت اور خدمت کی کوشش کررہا ہوں اللہ ربّ العزّت بندۂ ناچیز کو ان تمام امیدوں پر پورااترنے اور ان کے دامن سے وابستہ رہنے اور ان کیلئے صدقہ جاریہ بننے کی توفیق عطافرمائے آمین

بندۂ عاجزوناچیز قاری حکیم محمود الحسن توحیدی

سابق صوبائی نائب صدر(علماء ونگ)پاکستان مسلم لیگ (ق)پنجاب،سابق ممبر بین المذاہب صوبائی امن کمیٹی(حکومت پنجاب)،سابق ممبر بین الاذاہب ڈسٹرکٹ امن کمیٹی (پنجاب یونین)،سابق چیئرمین امن کمیٹی سول لائن ڈویژن لاہور(پنجاب پولیس)

فہرست عنوانات

1	مقدمہ	23
2	پیش لفظ	25
3	تاثرات	28
4	**اسماء الحسنیٰ مع معنی اور فضائل**	31
5	**منزل**	57
6	**قرآن پاک کی سورتوں کے فضائل**	67
7	**درود شریف سے مشکلات کا حل**	93
8	درود شریف کی فضیلت و برکات	94
9	حضور ﷺ کی شفاعت واجب ہو جائے	95
10	تریاق مجرب، مال میں برکت ہو گی	96
11	امام شافعیؒ کا اعزاز	96
12	ہر مصیبت سے نجات کیلئے	97
13	حضور ﷺ نے خصوصی اکرام فرمایا	97
14	شوہر کے ظلم اور تنگ دستی سے حفاظت کیلئے، دفع تکان	98
15	خاص خاص ۔۔۔۔۔ درود شریف کن الفاظ سے پڑھنا چاہیے؟	98
16	دل کی گھبراہٹ اور بلڈ پریشر کیلئے	99
17	اسم اعظم کی دعا	99

18	محبت ومصالحت کا نادر عمل	100
19	مستقل مزاجی پائیں اور تضیع اوقات سے بچیں	100
20	آنکھ کی جملہ تکالیف اور بینائی تیز کرنے کیلئے	100
21	ہر قسم کے درد اور لاعلاج بیماری کیلئے	101
22	قرض سے محفوظ رہنے کیلئے	101
23	موذی جانوروں سے حفاظت کیلئے	101
24	اولاد کی کامیابی اور عزت کیلئے	102
25	۸۰ سال کے گناہ معاف اور ۸۰ سال کی عبادت کا ثواب	102
26	سب سے افضل حمد اور درود شریف	102
27	ایک عظیم نیکی کے لکھنے میں فرشتوں کا اللہ سے رجوع کرنا	103
28	اس کا ثواب ستّر فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا	103
29	صلوٰۃ الحاجت	104
30	**متفرق وظائف**	105
31	جادو کا علاج + پہلی قسم	106
32	دوسری قسم جادو چلنے کے بعد جادو کا علاج	107
33	وہ کلمات جن کے روزانہ پڑھنے سے جادو اثر نہیں کرتا	108
34	جادو کے توڑ کیلئے جامع دعائیں	108
35	جادو وغیرہ کا اثر ختم کرنے کیلئے	109
36	دل کی گھبراہٹ کیلئے، غم کا دور ہونا	110
37	اولاد یا نوکر کی سرکشی کا علاج	110
38	دل کے دورے کا علاج	111
39	دل کی تکلیف کیلئے	111
40	دل کی بیماری دور کرنے کا نبوی نسخہ	111

41	دل کی ہر بیماری کیلئے مجرب نسخہ	112
42	اگر بدن میں کسی جگہ درد ہو	112
43	بلڈ پریشر کیلئے	112
44	جملہ قسم کے یرقان کیلئے	113
45	جگر کی بیماری کیلئے	113
46	دفع دردِ جگر کیلئے	113
47	معدہ کی کمزوری کا علاج	113
48	دردِ سینہ کا علاج	113
49	ذیابیطس کے مریض کیلئے روحانی علاج	114
50	شوگر کے مریضوں کیلئے ایک اور دعا	114
51	تلی بڑھ جانے کا علاج	114
52	ناف ٹل جانے کا علاج	115
53	پیٹ کے درد کا علاج	115
54	پیٹ کے ہر قسم کے درد کیلئے	115
55	بدہضمی کا علاج	115
56	بھوک کی کمی کا علاج	116
57	زبان کی لکنت کا علاج	116
58	منہ کے چھالوں کا علاج	116
59	دفع بلغم	116
60	فالج کا علاج	117
61	ہچکی کا علاج	117
62	گردے اور پتے کی پتھری کا علاج	117
63	پیدا ہونے والی اولاد کو شیطانی اثرات سے بچانے کا نسخہ	117

64	قوتِ حافظہ کا مجرب ترین عمل،ہر قسم کے جوڑوں کے درد کا علاج	118
65	خارش کے مریض کا علاج، پیشاب بند ہوجانے اور پتھری کیلئے دعا	118
66	دردِ سر کا علاج، درد زیر ناف	119
67	تین بیماریوں سے عافیت	120
68	ہر مرض اورہر درد کیلئے	120
69	کان جھنجھنانے کے وقت کی دعا	120
70	جلے ہوئے پر یہ پڑھ کردم کرے	120
71	قصیدہ بردہ شریف اور اُس کے خواص	121
72	نظر بد کا علاج	121
73	درد چشم	121
74	آنکھ دکھنے کی ایک اور دعا	122
75	الرجی اور ہر قسم کے دانوں کا علاج	122
76	قدرت جماع	122
77	قوتِ باہ کیلئے، قوتِ باہ کا مجرب ترین عمل	123
78	جریان کا علاج	123
79	کثرت احتلام کا علاج	124
80	آتشک اور سوزاک کا علاج	124
81	برائے قرارِ حمل	125
82	اسقاطِ حمل کا علاج	125
83	برائے اولادِ نرینہ	126
84	اولادِ نرینہ کیلئے	127
85	حیض کی کمی کا علاج	127
86	حیض کی کمی اور درد کا علاج	127

87	کثرت حیض کا علاج	128
88	بچوں کی بدتمیزی کا سبب اور اس کا علاج	128
89	حالت مرض کی دعا	129
90	ڈاڑھ اور کان کے درد کیلئے عمل	129
91	بیمار کی شفا کیلئے	129
92	نیند نہ آنے کا مجرب علاج	129
93	مقررہ وقت پر بیداری کا خاص عمل	130
94	اچھا رشتہ ملنے کیلئے اہم دعائیں	130
95	بیٹے یا بیٹی کی شادی مبارک ہو	131
96	اصحاب کہف کے ناموں کی فضیلت	131
97	عزت، وقار اور نام پیدا کرنے کیلئے	131
98	امتحان میں آسان پرچوں کیلئے	132
99	مقدمہ میں کامیابی کیلئے	132
100	غصہ دفع کرنے کیلئے	132
101	ہر قسم کے نشے کا علاج	132
102	اولاد کا مطیع ہونا	133
103	کنواں یا بورنگ کراتے وقت کا عمل	133
104	ہر قسم کی شوگر کیلئے، ہائی بلڈ پریشر کیلئے	133
105	چہل کاف	134
106	عمل برائے تسخیر، ہر تکلیف سے حفاظت کیلئے	135
107	تقویٰ حاصل کرنے کا عمل	136
108	بھول جانے کا علاج، سگریٹ، چرس ہر قسم کا نشہ چھڑانے کیلئے عمل	137
109	ظالم پر غلبہ حاصل ہو	137

110	ذہن اور حافظہ قوی ہو جائے	137
111	حصول شفا کیلئے قرآنی وظیفہ	138
112	شوہر کی ناراضگی دور کرنے کیلئے، ہر قسم کی مشکلات کیلئے مجرب عمل	138
113	دعا کی قبولیت کیلئے	139
114	نکسیر کا مجرب علاج	139
115	ہر قسم کے پھوڑوں کا علاج، لیکوریا کا خاتمہ	140
116	چہرہ خوبصورت ہو جائے	140
117	پھوڑے پھنسی کا تیر بہدف علاج	141
118	چہرے کے کیل مہاسوں کا علاج	141
119	داغ دھبوں کا علاج	141
120	حضرت خضرؑ کی دعا	142
121	گویا والدین کا حق ادا کر دیا	142
122	یَالَطِیْفُ کا عمل	143
123	بِسْمِ اللہ کا عمل	144
124	سورۃ الاخلاص کا مجرب عمل	145
125	سورۃ الفاتحہ کا مجرب عمل	145
126	سحر کا مجرب علاج	145
127	عمل آیت الکرسی	146
128	دل کی غفلت دور کرنے اور ہدایت پانے کیلئے	146
129	ہر قسم کی مشکل سے نجات کا مجرب ترین عمل	146
130	ایک مسنون دعاء	147
131	ایک آیت کریمہ کا عمل	147
132	اللہ الصمد کے خواص	147

133	ڈاڑھ کے درد کا دم	148
134	**رحمتوں والے اعمال**	149
135	ستر ہزار فرشتوں کی دعائیں	150
136	مجلس کے خاتمہ پر مبارک دعا	150
137	ماہ شعبان کا عمل	150
138	ابدال بننے کا نسخہ، مشکلات آسان ہوجائیں	151
139	حضرت شیخ بونیؒ کا ایک خاص الخاص عمل	152
140	قید سے رہائی کا عمل	152
141	ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں	153
142	بے بسی ختم ہو اور کام جلدی ہو	153
143	عظیم الشان وظیفہ	153
144	اللہ تعالیٰ کو محبوب کلمات	154
145	دشمن سے حفاظت کیلئے	154
146	مال کا گم ہوجانا	155
147	مفرور کی واپسی	156
148	دفع آسیب و جن	157
149	مکان کی حفاظت کیلئے	157
150	ہر قسم کی بواسیر کیلئے	158
151	چلاسی مجربات	158
152	برائے حاجت	158
153	حادثات سے بچنے کا وظیفہ	159
154	پورا ہفتہ شر سے محفوظ رہنے کا عمل	160
155	دردِ سر کیلئے	160

156	آیات الحفظ کی فضیلت	161
157	تمام دن ظالموں کے شر سے محفوظ رہیں، حضرت انسؓ کی دعا	162
158	دعاءامام ابوحنیفہؒ برائے قرب الی اللہ	162
159	اگر کوئی برے افعال کا شکار ہو جائے	163
160	عزت و عظمت میں اضافہ کیلئے	163
161	عزت پانے کیلئے،شیاطین سے حفاظت کیلئے	163
162	جنات سے حفاظت کا عمل، نظر بد کیلئے	164
163	نماز مغرب کے بعد یہ پڑھے	164
164	نماز عشاء کے بعد یہ پڑھے	164
165	جو مانگے وہ عطا ہو	165
166	بڑا نور حاصل کرنے کیلئے	165
167	موت کے سوا ہر چیز سے امن	165
168	نمازِ جمعہ کے بعد گناہ معاف کروانے کا ایک نبوی نسخہ	165
169	حصول ملازمت کیلئے سورہ والضحیٰ کا خاص عمل	166
170	لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو	166
171	ہفت سلام کا عمل	166
172	شب قدر کی پہچان کا طریقہ	167
173	ہر سال حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کیلئے خاص عمل	167
174	برائے زیارت نبی کریم ﷺ	168
175	آیت قطب کے عجیب و غریب اوصاف	168
176	دعا کی قبولیت کیلئے مجرب عمل	170
177	وظیفہ خاص حضرت شاہ ابرارالحق	170
178	نظر بد دور کرنے کا مسنون وظیفہ	170

179	خیرو برکت کیلئے	171
180	کاروبار کی ترقی کا عمل	171
181	برائے مکان اور ترقی رزق، کشائش رزق کیلئے، جنتی تعویذ	172
182	شبِ قدر کے برابر ثواب	173
183	چار کلمے بہت بڑھے ہوئے ہیں	174
184	ذاتی مکان اوروسعتِ رزق کیلئے	174
185	اولادِ نرینہ اور حفاظت حمل کیلئے	174
186	مرگی کا علاج، پریشانیوں کا حل	175
187	ہر قسم کی کاروباری بندش کا حل	175
188	**رزق میں برکت اور حاجات کیلئے اعمال**	177
189	عمل سورۃ المزمل شریف	178
190	برائے ادائیگی قرض	179
191	روزی میں برکت کیلئے نبوی نسخہ	179
192	اَلْمُعْطِیُ ہُوَاللہ کا سریع الاثر عمل	180
193	اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ والا مسنون و مجرب عمل	180
194	ایک اکسیر عمل	180
195	سورہ فلق کا لاجواب عمل	180
196	یا غنی یا مغنی کا مجرب عمل	180
197	روزی کا اصل الاصل عمل	181
198	ختم خواجگان برائے حل مشکلات	181
199	روزی میں برکت کا ایک فطری عمل	181
200	برائے ترقی رزق	182
201	اولادِ نرینہ کیلئے عمل	183

202	قرارِ حمل کیلئے	183
203	لیکوریا کے لئے علاج	183
204	استخارہ، نوافل کا استخارہ	184
205	ایمرجنسی استخارہ کا عمل	185
206	تین سورۃ استخارہ	185
207	مختصر ترین عملِ استخارہ	186
208	سورۃ الاخلاص کا استخارہ	186
209	مسنون استخارہ	186
210	مجرب ترین استخارہ	186
211	تین دن کا یقینی استخارہ	187
212	اسمائے حسنیٰ کا استخارہ، حضرت علیؓ کی دعا	187
213	پریشانی کے وقت سرورِ کائنات ﷺ کا وظیفہ	187
214	جناب حافظ اقبال قریشی کا انٹرویو	188
215	جائز تعویذ اور ناجائز تمیمہ	194
216	علمی شجرہ/تفسیر و حدیث کی سند	196
217	شجرہ برائے تصوف(صندل بابا)	198

طبِ نبوی علامہ ذھبیؒ

طب کی آٹھ سو سالہ قدیم کتاب جس میں دنیائے اسلام کے عظیم محدث علامہ ذھبی نے بے شمار مجرب طبی نسخے جمع کئے ہیں جن پر عمل کرنے سے ہر انسان بیماریوں سے بچ سکتا ہے الحمدللہ حضرت مولانا طارق جمیل صاحب مدظلہ کی خواہش پر بندہ نے اس کا ترجمہ کیا۔ پہلی بار وہ اردو زبان میں چھپی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Dr. Sher Ali Shah Almadani	**الدكتور شير علي شاه المدني**
P.H.D. (Gold Medalist) Madina University	الدكتوراه (بمرتبة الشرف الأولى)
Prof. of Hadith in Jamia Darul Uloom Haqqania	من الجامعة الإسلامية بالمدينة المنورة و سعودية
Akora Khattak, N.W.F.P. Pakistan	أستاذ الحديث بجامعة دار العلوم الحقانية أكوره ختك
Ph: 0923-630731	إقليم سرحد - باكستان
Date:..................	التاريخ:------------------

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

اما بعد! ہمارے محترم مولانا حافظ محمد اقبال قریشی صاحب نے اپنی مستقل تحسین میں کتاب قرآنی آیات، احادیث نبویہ ماثورہ دعوات ماثورہ، حضرات اکابرین... مقام کے معمولات... تجربات، عملیات کو مستند و معتبر مصادر سے جمع کر کے ترتیب دے کر کتابی شکل میں مرتب... انسانی جسمانی، روحانی... اسلام کو اصل مستحق... شفا بخش... ہے۔

(وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ) قرآن پاک کی جسمانی، روحانی بیماریوں کا علاج ہے۔

سید الکائنات رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم بیمار پر اپنا دست مبارک پھیرتے ہوئے دعائیہ کلمات ارشاد فرماتے
أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

حضرت عثمان بن ابی العاص نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے جسم کے درد کا تذکرہ کیا تو آپ نے فرمایا درد کی جگہ اپنا ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر سات دفعہ کلمات پڑھ لیں۔ أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللَّهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ
اسی وقت درد ختم ہوا۔

بارگاہ الٰہی میں دست بدعا ہوں کہ رب العالمین جل جلالہ محترم قریشی صاحب کی اس تدوین و تالیف کو شرف قبولیت سے نوازے... اس مجموعہ دعوات، معمولات سے استفادہ کی توفیق بخشے اور مرتب... کو... دارین میں... سے نوازے۔ آمین

کتبہ شیر علی شاہ المدنی ۲/۹/۱۴۲۷ھ

خادم العلم والعلماء بجامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ صوبہ سرحد، پاکستان

Jamia Darul Uloom Haqqania Akora Khattak, Distt; Nowshera, N.W.F.P. Pakistan

Mufti Hameedullah Jan
Chairman Darul Ifta
AL JAMIATUL ASHRAFIA
Shahrah-e-Ferozpur, Lahore - Pakistan
Tel #: 042 - 7531581
Cell #: 0333 - 4241816

المفتی حمید اللہ جان
دار الافتاء
الجامعۃ الاشرفیہ

بسم اللہ تعالیٰ

Date _____

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

آج کل امت مسلمہ مختلف مصائب کا شکار ہے۔ علماء کرام ہمیشہ ان کی ظاہری اور باطنی امراض کے علاج کیلئے فکرمند رہتے ہیں۔

چنانچہ اس سلسلہ کی ایک کڑی "وظائف الصالحین" ہے جو ہمارے حافظ محمد بلال قریشی صاحب نے اکابرین کے مجربات کو یکجا کر کے امت پر احسان فرمایا۔ اللہ کریم ان کی اس خدمت کو قبول فرما کر ذخیرہ آخرت بنادے آمین ثم آمین۔

فقط
حمید اللہ عفی عنہ
خادم الحدیث والافتاء
جامعہ اشرفیہ لاہور

☎ 22429

دارالعلوم دیوبند

Darul-Uloom, Deoband U.P.

حوالہ ....   التاریخ ....

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

محترم جناب اقبال قریشی صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

وظائف الصالحین کا انگلش ایڈیشن موصول ہوا۔ اس سے قبل اس کتاب کا اردو ایڈیشن بھی دستیاب ہوا تھا جس پر احقر نے کچھ مشورے بھی دیئے تھے جنہیں آپ نے قبول فرمالیا۔

ماشاء اللہ آپ کا یہ اقدام بہت مستحسن ہے۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے، قرآنی دعائیں اور حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ماثور دعائیں اقرب الی الاجابت ہیں۔ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو اس کتاب سے کما حقہ استفادہ کی توفیق بخشیں، اور اپنے قرب و رضا کا ذریعہ بنائیں۔

والسلام

ابوالقاسم نعمانی غفرلہ

کارگزار مہتمم دارالعلوم دیوبند

[illegible] جمادی الثانیہ ۱۴۳۲ھ



بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله والصلاة على رسول الله وآله وصحبه أجمعين أما بعد

فإني إطلعت ولله الحمد على كتاب وظائف الصالحين للشيخ حافظ إمتال قريش جزاه الله عن الإسلام والمسلمين خير الجزاء فوجدته كتابا جليلا فيه من الأحاديث والفضائل شيئ كثير ونافعا دنيا وآخرة وصلى الله على سيدنا محمد وآله وصحبه وسلم

سادن الكعبة المشرفة

MADRASA
MAZAHIR ULOOM
SAHARANPUR-247001
(U.P.) _____ INDIA
Ph. : (0132) 2655542 Fax : 2659912

مدرسہ
مظاہر علوم
سہارنپور

Ref. No. ..... Dated .....

کلمات قرآنیہ اور احادیث سے رقیہ، مشائخ کے تجربات کی روشنی میں

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

امابعد! قرآن واحادیث کے مبارک کلمات بیشک اپنا ایک اثر اور تاثیر رکھتے ہیں، اور زندگی کے مختلف مراحل میں ان سے رہنمائی اور استفادہ کیا جاتا ہے اور اس کی برکات کا مشاہدہ کیا جاتا ہے، اسی لئے مختلف ادوار میں اکابر علماء امت نے کلمات قرآنیہ اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے استفادہ فرماتے ہوئے مخصوص مواقع کے لئے کچھ اوراد و وظائف اپنے تجربات کی روشنی میں بتلائے ہیں، پیش نظر کتاب ''وظائف الصالحین'' جس کے مؤلف مولانا حافظ اقبال قریشی صاحب ہیں انھوں نے بزرگان دین کے انھیں تجربات کو کتابی شکل میں جمع کر دیا ہے، دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالی اس کتاب کو امت کے لئے نافع بنائے اور قبول عام سے نوازے۔

مولانا سلمان الحسنی مدظلہ
(داماد شیخ الحدیث مولانا ذکریا نوراللہ مرقدہ)
ناظم جامعہ مظاہر علوم، سہارنپور انڈیا

۱۲ ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ

بسم الله الرحمن الرحيم

Mohammad K. M. Hijazi
(MOHAMMAD MAKKI HIJAZI)
Scholar in Masjid El- Haram

محمد خير محمد حجازي
(محمد مكي حجازي)
المدرس بالمسجد الحرام

Date / التاريخ



مكة المكرمة – المملكة العربية السعودية – ص.ب ٣٦٩٩ – ت ٥٤٤٢٦٥٧ – فاكس ٥٧٤٣٩٤٢
Makkah Al- Mukarramah Kingdom of Saudi Arabia - P.O Box 3699 - Tel. 5442657 - Fax. 5743942

Muhammad Abdul Aziz
Khateeb:
Central Mosque Islamabad,
Government of Pakistan

محمد عبدالعزیز
خطیب مرکزی جامع مسجد اسلام آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔

دعاء کے قرآن و حدیث میں بڑے فضائل ہیں
دعا عبادت ہے دعا اپنے محبوب اللہ رب العزت
کے تعلق جوڑنے کا بہترین ذریعہ ہے دعا غم پریشانیوں
کا بہترین علاج ہے دعا سے پریشان دلوں کو سکون ملتا ہے
دعاؤں اور وظائف پر مشتمل محمد نا اقبال صاحب اتاری
نے ایک پیاری کتاب ترتیب دی ہے اللہ رب العزت
اسکو آزمائشوں میں مبتلا امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم
کیلئے نفع کا باعث بنائے آمین ثم آمین

خطیب لال مسجد
اجاری اتاری

Ph: 2277313, 2874313, 2273313, 2272313, 2822411 Fax: 2829373

حضرت مولانا نذر الرحمٰن مدظلہ العالی

(مقیم رائیونڈ مرکز، لاہور، پاکستان)

محترم مولانا حافظ اقبال قریشی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ صلاحیتیں عطا فرمائی ہیں علماء کرام اور اکابرین کے بے حد مداح اور خدمت گار ہیں بے شمار اکابر امت نے ان کو اجازت عطا فرمائی ہے عملیات کے ساتھ لوگوں کو دعوت تبلیغ کی بھی ترغیب دیتے ہیں ان کی تالیف کردہ کتاب وظائف الصالحین کو اللہ تعالیٰ نے مقبولیت عطا فرمائی ہے عرب و عجم ان پر اعتماد کرتے ہیں مولانا جمشیدؒ کے علاج کے لئے بھی رائیونڈ مرکز تشریف لائے تھے میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی صلاحیتوں میں مزید اضافہ فرمائے اور ان کی کتاب کو لوگوں کے نفع کا ذریعہ بنائے اور حاسدین اور مخالفین کے شر سے ان کی حفاظت فرمائے، ہم سب کا خاتمہ بالایمان فرمائے۔



مقدمہ

ہر علم وفن کیلئے استاد کی ضرورت ہے دنیا میں جس قدر علوم و فنون پائے جاتے ہیں ان کے سیکھنے کیلئے ہم استاد کے محتاج ہیں علم وفن کی سینکڑوں کتابیں ہیں اور علم تصوف اور روحانیت پر جو کتابیں مرتب ہوئی ہیں ان کا بھی بڑا ذخیرہ ہمارے ہاں موجود ہے خصوصاً حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ و حضرت امام غزالیؒ و حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ اور حضرت مولانا اشرف علی تھانوی جیسے عظیم المرتبت بزرگوں نے اس موضوع پر کتابیں لکھ کر درحقیقت امت مسلمہ کی رشدو ہدایت اور فلاح کا کافی معتبر مواد جمع کر دیا ہے مگر اصلاح نفس کیلئے پیرومرشد کی ضرورت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا بہر حال کتابوں کے مطالعہ سے عام طور پر کوئی عالم نہیں بن جاتا عالم فاضل بننے کیلئے ہمیں لازماً کسی درسگاہ میں پہنچ کر استاد کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پڑتے ہیں۔ عملیات کے سلسلے میں بھی ہمارے نیک با عمل اسلاف نے عظیم الشان خدمات انجام دی ہیں اور اس موضوع پر بھی کافی ذخیرہ موجود ہے مگران سے استفادہ کیلئے بھی اچھے استاد کی رہنمائی کی ضرورت ہے۔ بطور خود کوئی وظیفہ پڑھنا اور بغیر اجازت چلہ کشی کرنا ویسے بھی خطرہ سے خالی نہیں ہے قدیم زمانہ سے ہمارے بزرگوں کا یہ طریقہ رہا ہے جب طالب علم نے کسی فن کی کتابیں اوّل تا آخر پڑھ لیں اور دوسروں کو تعلیم دینے کا جذبہ رکھتا ہے تو اسے اپنے شیخ سے باقاعدہ اجازت حاصل کرنی پڑتی ہے اسی طرح کسی سے روحانی سلسلہ میں بیعت ہونے کے بعد آگے دوسرے لوگوں کی رہنمائی کے لئے مرشد سے اجازت لینی پڑتی ہے اگر مرشد اسے اجازت دے تو وہ مجاز اور خلیفہ کہلاتا ہے۔

عملیات کا فن جس کا خانقاہی زندگی سے ایک خاص ربط تھااستاد اور مرشد کی اجازت کے بغیر کوئی ایک قدم بھی نہیں اٹھاتا تھالیکن افسوس اب نئی نسل کے عاملین کو ان تکلفات کی ضرورت نہیں رہی آج ہر شخص بے لگام ہے اسے کسی استاد کی ضرورت نہیں وہ خود اپنا استاد ہے جس کا دل چاہتا ہے خود ساختہ عامل بن بیٹھتا ہے نہ اسے کسی استاد کے پاس جاکر سیکھنے کی حاجت رہی اور نہ محنت و مشقت برداشت کرنے کی اور نہ چلہ کشی کی اور نہ ان ضرورتوں کو محسوس کرتا ہے اور اس سے بڑا ظلم یہ ہے کہ ایسا شخص جو عامل بھی نہیں ہے بلکہ خود کتابوں کا مطالعہ کرکے تعویذ لکھ کر لوگوں کو دینا شروع کردیتا ہے اورعامل کہلانا شروع کردیتا ہے۔عملیات کی اصل بنیاد قرآن حکیم کی سورتیں اور آیات اور حضور ﷺ کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے کلمات ہیں جودعاؤں اور نقوش کی شکل میں احادیث کی کتابوں میں موجود ہیں۔

عملیات کے میدان میں قدم رکھنے والے کیلئے جن علوم کی ضرورت ہے ان میں سب سے اہم علوم عربیہ سے واقف ہونا ہے کیونکہ عملیات کا ایک بڑا ذخیرہ عربی میں ہے اس کے علاوہ عامل کو علم نجوم اور ستاروں کی حرکات کا بھی علم ہونا ضروری ہے اس کے علاوہ اہم چیز جوعامل کے عمل میں تاثیر پیدا کرتی ہے وہ تقویٰ اور اتباع سنت ہے۔

ابوعبداللہ حافظ اقبال قریشی

۱۲ ربیع الاوّل ۱۴۳۰ھ

پیش لفظ

الحمدللہ و کفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی
وعلی الہ واصحابہ نجوم الھدیٰ امابعد

انسان کو اللہ تعالیٰ نے اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاؑ اسی یاددھانی کیلئے دنیا میں تشریف لائے تاکہ انسان صراطِ مستقیم سے بھٹک نہ جائے حضور ﷺ کی ختم نبوت کی وجہ سے یہ ذمہ داری اب امت محمدیہ کے ذمہ لگی ہے۔ میں نے بھی سکول کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد دعوت وتبلیغ کے ماحول میں وقت لگایااس ماحول کی برکت سے حفظ قرآن کریم اور عالم کورس کرنے کا شوق پیدا ہوا حدیث کی تعلیم مکمل طور پر استاذالعلماء مولانا زین العابدین مدظلہ سے حاصل کی اورحفظ قرآن کی سعادت حضرت قاری غلام رسول مدظلہ سے حاصل کی روحانی علم کی جستجو میں سفر شروع کئے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور والدین کی دعاؤں سے بہت قلیل عرصہ میں مجھے مرشد کامل بھی مل گئے شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خانؒ کے استاد حضرت مولانا محمد جان (ٹیکسلا) کے صاحبزادے اور گوجرانوالہ نصرت العلوم کے استاد الحدیث حضرت مولانا مفتی عزیزالرحمٰن (نوراللہ مرقدہ) سے نسبت قائم ہوگئی۔ انہوں نے باقاعدہ ۵ چلے کروائے پھر سورہ مزمل کے چلہ کے ساتھ باموکل اجازت بھی عطافرمائی۔ کتاب پر موکل کی حاضری و کپڑے پر بالشت کا عمل اور تسبیح پر عمل بھی مختلف عاملین سے سیکھے۔ اس کے علاوہ جاگام کے پہاڑوں پر مصروف عبادت ۱۳۲ سالہ ولی اللہ قطب وقت

پیر کامل صندل بابا جی سے اجازت حدیث اور اجازت وظائف حاصل کی۔

اس کے علاوہ رومیٔ وقت، علم روحانی کے مالک اور ابدال وقت، پانچ زبانوں کے شاعر اور صاحب کشف بزرگ ہستی جن کی زیارت ہمارے اکابرین بھی سعادت جانتے تھے حضرت مولانا غلام النصیر المعروف چلاسی بابا سے بھی اجازت کا شرف حاصل کیا۔ ان بزرگوں کے علاوہ کروڑوں لوگوں کی مخدوم شخصیت اور عالمی تبلیغی مرکز رائے ونڈ کے مقیم اور بزرگ ترین ہستی استاذالعلماء حضرت مولانا نذرالرحمٰن دامت برکاتہم سے بھی اعمالِ قرآنی کی اجازت حاصل ہوئی ہے۔اس کے علاوہ ملک اور بیرونِ ملک کے کئی عاملین سے مختلف اعمال کی اجازت عطا ہوئی۔بیت اللہ کے کنجی بردار اور حضرت عثمان بن طلحہؓ صحابی کی اولاد میں حضرت عبدالرحمٰن الشیبی دامت برکاتہم سے بھی ان کے خاندانی وظائف اور مجربات اور قصیدۂ بردہ شریف کی اجازت کی سعادت عطاہوئی۔

ان تمام علوم سے لوگوں کی فیض یاب کرنا یہ ہمارا اصل مقصد ہے اس کے لئے میں راولپنڈی میں ایک خواتین کا مدرسہ بنام جامعہ امّ حبیبہؓ اور ایک عالیشان مسجد بنام جامع مسجد الشیبیؒ جس کا سنگِ بنیاد متولی خانہ کعبہ نے کیا نگرانی کررہا ہوں۔روزانہ سینکڑوں لوگ تشریف لاتے ہیں الحمدللہ علاج کے ساتھ ان کے عقیدہ کی اصلاح بھی ہورہی ہے آج ہم جتنے مسائل کا شکار ہیں اس کا سبب ہماری دین سے دوری ہے اولاد کی نافرمانی، گھریلو ناچاقی، جسمانی اور ذہنی بیماریاں، اولاد کے اچھے رشتے نہ ہونا، جادو اور جنات کے اثرات، لاعلاج بیماریوں کا آجانا، گھر میں خون کے چھینٹے آنا، الماری میں رکھے کپڑوں میں کٹ لگ جانا، گھر سے رقم کا چوری ہونا، گھر میں آگ کا بھڑکنا، یہ جناتی یا جادو کے اثرات کی علامات ہیں ان کا حل کسی قرآن و سنت کے پابند عامل سے کرانا ضروری ہے۔

اس کے علاج کیلئے بدعتی اور بدعقیدہ کالے جادو کے ماہر عاملوں کے پاس جانا ایمان سے محرومی کی علامت ہے الحمدللہ مجھ سے شفایاب ہونے والے بے شمار لوگوں نے(جن میں اکثریت بیرون ملک مقیم ہے) بار بار خواہش کی کہ آپ اپنے اساتذہ اور بزرگوں کے مجربات کتابی شکل میں شائع کریں تاکہ تمام لوگ اس سے فائدہ اُٹھاسکیں۔میں نے اس کتاب کو مرتب کیا اور اس کا نام ''وظائف الصالحین'' رکھاالحمد للہ دو سال میں اس کو شرف قبولیت عطاہوا اور پچاس ہزار سے زائد کتب چھَپ چکی ہیں،پھرانگلش، عربی،پشتواور فارسی ترجمہ میں بھی اس کتاب کی اشاعت ہو چکی ہے۔ میں کتاب پڑھنے والے تمام اہل ایمان مرد اور خواتین کو تمام وظائف کی دل سے اجازت عام دیتاہوں بشرطیکہ وہ نماز کی پابندی کریں وہ تمام وظائف کر سکتے ہیں۔ آخر میں وظائف کرنے والوں سے گزارش ہے کہ وہ جہاں اپنے لئے دعاکریں وہاں میرے لئے اور میری والدہ مرحومہ کیلئے بھی خصوصی دعاکریں۔

بندۂ عاجز
خاکپائے اصحابِ رسول ﷺ
حافظ اقبال قریشی نقشبندی
جامع مسجد الشیبیؓ، راولپنڈی
موبائل نمبر: +92-300-5802404
ای میل:saaleheen@gmail.com
ویب:www.alshaibitrust.com

سعد حسین شاہ لندن

حافظ اقبال قریشی صاحب سے میرا رابطہ 2009ء میں ہوا جب میں ایک شدید الجھن میں مبتلا تھا۔ میرے گھر میں جادو کے ذریعے جنات چھوڑے گئے تھے۔ جنہوں نے میری اور میرے بیوی بچوں کی زندگی اجیرن بنائی ہوئی تھی۔ بے شمار عاملوں سے میں نے علاج کرایا لیکن افاقہ کی بجائے تکلیف بڑھتی رہی۔ میرے ایک دوست حسین رضا صاحب جو بنگلہ دیش میں ہوتے ہیں وہ حافظ اقبال صاحب کو اپنا پیرو مرشد مانتے ہیں۔ جب وہ انگلینڈ آئے اور میرے حالات کا ان کو پتہ چلا تو انہوں نے حافظ صاحب کا نمبر دیا۔ میں نے حافظ صاحب سے رابطہ کیا اور انہیں اپنی پریشانی بتائی تو انہوں نے میرا اور میری والدہ کا نام اور ایڈریس لے کر الحمدللہ تین دن میں میرے گھر سے جنات نکال دیئے اور جادو کا اثر ختم کر دیا۔ میں اور میرے گھر کے تمام لوگ ان کے احسان مند اور معتقد ہیں اللہ ان کی کاوشوں اور اخلاص اور عمل میں برکت عطا فرمائے۔

سعد حسین شاہ

برسٹل روڈ لندن

ڈاکٹر مزمل شاہ کراچی

میرا حافظ اقبال صاحب سے تقریباً دوسال سے تعلق ہے۔میری بیوی پر جناتی اثرات تھے جن کی وجہ سے ہماری شادی کو دس سال گزرنے کے باوجود ہمارے ہاں اولاد بھی نہ ہورہی تھی ۔مجھ سے صاحبزادہ نعیم شاہ صاحب نے ان کا تعارف کرایا اور پھر میں ان کے پاس مدرسہ ام حبیبہؓ،مورگاہ راولپنڈی حاضر ہوا۔میں بے شمار عاملوں کے پاس سے علاج کراچکا تھااور عاملوں سے متنفر تھا لیکن حافظ صاحب کو میں نے نہایت منکسرالمزاج اور سنت کا پابند پایامیں ان سے بہت متاثر ہوا۔انہوں نے میرے سامنے کتاب پر موکل کو حاضرکیا اور میرے اور میری بیوی کے بارے میں سوال کیا ۔ایک طرف سے حافظ صاحب نے کتاب کو پکڑا اور دوسری طرف سے میں نے۔ جب آپ نے موکل سے میرے بارے میں سوال کیا توکتاب بائیں کو تیزی سے گھوم گئی جوکہ نفی میں جواب کا اشارہ تھا لیکن جب میری بیوی پر جناتی اثر کا سوال کیا توکتاب تیزی سے دائیں کو گھوم گئی جو اثبات کا اشارہ تھا۔الحمداللہ میری بیوی سے جناتی اثر ختم ہوا اوراللہ نے ہمیں ایک بیٹا بھی عطا کیا ہے اور حضرت کے پاس ہیپاٹائٹس،شوگر،بخار اور درد دل وغیرہ کے خاتمے کے اذن بھی ہیں۔جن سے لوگ فائدہ اٹھاتے رہتے ہیں اللہ ان کی صلاحیتوں سے ہمیں مستفید فرمائے۔

ڈاکٹر مزمل بٹ
کلینک ناظم آباد کراچی

ستارہ کیمیکل انڈسٹریز لمٹیڈ
32کلومیٹر شیخوپورہ روڈ، فیصل آباد فون: 4689141-41-92+ فیکس 4689147-41-92+
ای میل: ceo@sitara.com.pk ویب سائٹ: www.sitara.com.pk

حافظ اقبال قریشی صاحب نے مختلف وظائف پر مشتمل کتاب وظائف الصالحین تالیف کی ہے جس کی آج کل کے دور میں بہت اہمیت ہے۔

یہ کتاب اسلامی تعلیمات اور ان کے ذریعے اپنی روحانی بیماریوں کو دور کرنے کے لئے بہترین مجموعہ ہے۔ میں نے اس کتاب کو پڑھنے کے بعد اس کی 10ہزار کاپیاں چھپواکر ہدیہ کے طور پر تقسیم کی ہیں تاکہ لوگ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنی پریشانیوں کا حل نکال سکیں جن کے متعلق اس کتاب میں قرآن سنت کی روشنی میں وظائف اور دعائیں موجود ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ رب کریم حافظ اقبال قریشی صاحب کے علم وعمل میں برکت عطا فرمائے اور ان کی تالیف سے سب کو مستفید ہونے کی توفیق بخشے۔ آمین

محمد ادریس
ستارہ کیمیکل انڈسٹریز لمٹیڈ
32کلومیٹر شیخوپورہ روڈ، فیصل آباد

اسماء الحسنٰی مع معنی اور فضائل

اسماءُ الحُسنیٰ مع معنی اور فضائل

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۱	اَللّٰہُ ۶۶	خدا تعالیٰ کا ذاتی نام	جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ "یَااَللّٰہُ" پڑھے گا، ان شاء اللہ اس کے دل سے تمام شکوک وشبہات دُور ہوجائیں گے اور عزم ویقین کی قوت نصیب ہوگی۔جو لاعلاج مریض ہواور اس کے مرض سے اطباء عاجز آگئے ہوں وہ بکثرت "یَااَللّٰہُ" کا وِرد رکھے اور اس کے بعد شِفاء کی دُعا مانگے اس کو شِفاء نصیب ہوگی،بشرطیکہ موت کا وقت نہ آگیا ہو۔
۲	اَلرَّحْمٰنُ ۲۹۸	بے حد رحم کرنے والا	جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ "یَارَحْمٰن" پڑھے گااس کے دل سے ان شاء اللہ ہر قسم کی سختی اور غفلت دُور ہوجائے گی۔اگر کوئی شخص "اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ" کو لکھ کر اور دھو کر وہ پانی کسی درخت کی جڑمیں ڈال دے تو اس درخت کے پھل میں برکت ہو۔اسی طرح طالب ومطلوب کا نام مع والدہ کے لکھ کر باندھے تو مطلوب اس کی محبّت میں سرگرداں ہوجائےاوراگر کسی کو گھول کر پلائے تو اس کے دل میں کاتب کی محبّت ہو،بشرطیکہ محبّت جائز ہو۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۳	اَلرَّحِیۡمُ ۲۵۹	بڑا مہربان	جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ "یَارَحِیۡمُ" پڑھے گا اس کے قلب کی غفلت اور نسیان دفع ہوجائے گا، اور تمام دنیاوی آفتوں اور عملِ مکروہ سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا اور تمام مخلوق اس پر مہربان ہوجائے گی، اور اگر اس کو مشک وزعفران سے لکھ کر کسی محفوظ جگہ بدخلق آدمی کے گھر میں دفن کردیا جائے تو اس میں حیاء، ترحم اور مسکنت پیدا ہوجائے گی۔
۴	اَلۡمَلِكُ ۹۰	حقیقی بادشاہ	جو شخص روزانہ صبح کی نماز کے بعد "یَامَلِكُ" کثرت سے پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی فرمادیں گے، اور جو زوال کے وقت ایک سو بیس بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو صفائی قلب اور غناء ظاہری وباطنی سے سرفراز فرمائیں گے۔
۵	اَلۡقُدُّوۡسُ ۱۷۰	نقائص سے پاک ذات	جو شخص روزانہ زوال کے وقت اس اسمِ مُبارک کو کثرت سے پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا دل روحانی امراض سے پاک رہے گا۔ یعنی حسد، بغض، کینہ، حرص، خود غرضی اور ریاکاری وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔
۶	اَلسَّلَامُ ۱۳۱	عیب ذات	جو شخص کثرت سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھتا رہے گا ان شاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر مریض کے پاس اسکے سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اُٹھا کر اس اسمِ مُبارک کو ۱۳۶ مرتبہ بلند آواز سے کہ مریض بھی سُن لے پڑھیں تو ان شاء اللہ اِس کو شفاء نصیب ہوگی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۷	اَلْمُؤْمِنُ ۱۳۶	امن وامان دینے والا	جو شخص کسی خوف کے وقت ۶۳۰ مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا، ان شاء اللہ ہر طرح کے خوف اور جانی ومالی نقصان سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کو پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے اس کا ظاہر وباطن اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔
۸	اَلْمُهَيْمِنُ ۱۴۵	نگہبان	جو شخص غسل کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور صدقِ دل سے ۱۰۰ مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کا ظاہر وباطن پاک فرما دیں گے اور عُلوِّ ہمّتی پیدا ہو گی۔ اور جو شخص ۱۱۵ مرتبہ پڑھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ پوشیدہ چیزوں پر مطلع ہو گا یعنی اس پر اسرارِ الٰہی منکشف ہونے لگیں گے۔
۹	اَلْعَزِيْزُ ۹۴	بے پرواہ	جو شخص چالیس دن تک چالیس مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو معزز و مستغنی بنادیں گے۔ اور جو شخص نمازِ فجر کے بعد ۴۱ مرتبہ پڑھے گا وہ ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہو گا اور ذلّت کے بعد عزت پائے گا۔
۱۰	اَلْجَبَّارُ ۲۰۶	بے زبردست	جو شخص روزانہ صبح وشام ۲۲۶ مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ ظالموں کے ظلم و قہر سے محفوظ رہے گا، اور جو شخص چاندی کی انگوٹھی پر یہ اسمِ مُبارک نقش کروا کے پہنے گا اس کی ہیبت وشوکت لوگوں کے دلوں میں ان شاء اللہ پیدا ہو گی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۱۱	اَلْمُتَكَبِّرُ ۶۶۲	بڑائی اور بزرگی والا	جو شخص کثرت سے اس اسمِ مُبارک کا وِرد رکھے گا، اللہ تعالیٰ اسے عزّت وبڑائی عطا فرمائیں گے۔ اور اگر ہر کام کی ابتداء میں یہ اسمِ مُبارک بکثرت پڑھے گا تو ان شاء اللہ اس میں کامیاب ہوگا۔ شبِ زفاف میں بیوی کے پاس جاکر قبل مُباشرت دس بار ذکر کرے تو اولادِ نرینہ نیک بخت ہو۔
۱۲	اَلْخَالِقُ ۷۳۱	پیدا کرنے والا	جو شخص سات روز تک متواتر سو مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا ان شاءاللہ تعالیٰ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص ہمیشہ اسمِ مُبارک "اَلْخَالِقُ" پڑھتا رہے تو اللہ پاک ایک فرشتہ پیدا کردیتے ہیں جو اس کی طرف سے عبادت کرتا ہے اور اس کا چہرہ منور رہتا ہے۔
۱۳	اَلْبَارِئُ ۲۱۳	جان ڈالنے والا	اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد ۲۱ مرتبہ "اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ" پڑھے ان شاء اللہ اسے حمل قرار پاوے اور اولادِ نرینہ نصیب ہو۔
۱۴	اَلْمُصَوِّرُ ۳۳۶	صورت دینے والا	اس اسمِ مُبارک کے خواص وبرکات بھی وہی ہیں جو "اَلْبَارِئُ" کے ہیں۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۱۵	اَلْغَفَّارُ ۱۲۸۱	درگزر اور پردہ پوشی کرنے والا	جو شخص نمازِ جُمعہ کے بعد ۱۰۰ مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا ان شاء اللہ اس پر مغفرت کے آثار ظاہر ہونے لگیں گے، اور ہر تنگی رفع ہوگی اور بے شمار رزق حاصل ہوگا۔ اور جو شخص نمازِ عصر کے بعد روزانہ "یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ" پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ان شاء اللہ بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کریں گے۔
۱۶	اَلْقَهَّارُ ۳۰۶	سب کو اپنے قابو میں رکھنے والا	جو شخص دُنیا کی محبت میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھے تو ان شاء اللہ دُنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے گی اور خدا کی محبّت پیدا ہوجائے گی۔ دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی۔ اگر چینی کے برتن پر لکھ کر ایسے شخص کو پلایا جائے جو بوجہ سحر کے عورت پر قادر نہ ہو تو اس کی برکت سے سحر دفع ہو۔
۱۷	اَلْوَهَّابُ ۱۴	سب کچھ عطا کرنے والا	جو شخص فقروفاقہ میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں چالیس مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھا کرے تو ان شاء اللہ فقرو فاقہ سے اُسے حیرت انگیز طور پر نجات ملے گی۔ اور اگر کوئی خاص حاجت درپیش ہو تو گھر یا مسجد کے صحن میں تین بار سجدہ کرکے ہاتھ اُٹھائے اور ۱۰۰ مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوجائے گی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۱۸	اَلرَّزَّاقُ ۳۰۸	بہت بڑا روزی دینے والا	جو شخص نمازِ صبح سے قبل اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھ کر دم کرے گا، اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے ان شاء اللہ کھول دیں گے اور بیماری و مُفلسی اس کے گھر میں ہرگز نہ آئے گی۔ یہ عمل قبلہ کی داہنی جانب سے شروع کیا جائے اور منہ قبلہ کی طرف ہی رہے
۱۹	اَلْفَتَّاحُ ۴۸۹	بہت بڑا مشکل کُشا	جو شخص نمازِ فجر کے بعد دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر ۷۰ مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھا کرے گا ان شاء اللہ اس کا دل نورِ ایمان سے منور ہو جائے گا اور قلب میں طہارت پیدا ہو گی۔
۲۰	اَلْعَلِیْمُ ۱۵۰	بہت وسیع علم والا	جو شخص کثرت سے "یَاعَلِیْمُ" کا وِرد کرے گا، اللہ تعالیٰ اس پر ان شاء اللہ تعالیٰ علم و معرفت کے دروازے کھول دیں گے، اور اس کا حافظہ قوی ہو گا۔ جو شخص "رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا" کی تلاوت کرے گا ان شاء اللہ اس کے عِلم میں بے حد اضافہ ہو گا۔
۲۱	اَلْقَابِضُ ۹۰۳	روزی تنگ کرنے والا	جو شخص روٹی کے چار لقموں پر اس اسمِ مُبارک کو لکھ کر چالیس دن تک کھائے گا بھُوک، پیاس، زخم اور دَرد وغیرہ کی تکلیف ان شاء اللہ محسوس نہ ہو گی۔
۲۲	اَلْبَاسِطُ ۷۲	روزی فراخ کرنے والا	جو شخص نمازِ چاشت کے بعد آسمان کی جانب ہاتھ اٹھا کر روزانہ دس مرتبہ اس اسمِ مبارک کو پڑھے گا اور منہ پر ہاتھ پھیرے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی بنا دیں گے اور وہ کبھی کسی کا محتاج نہ ہو گا۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۲۳	اَلْخَافِضُ ۱۴۸۱	پست کرنے والا	جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ "یَاخَافِضُ" پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی حاجتیں پوری اور مشکلات دُور فرمادیں گے۔جو شخص تین دن تک مسلسل روزے رکھے اور چوتھے روز ایک ہی مجلس میں بیٹھ کر ۷۰ بار "یَاخَافِضُ" پڑھے تو ان شاء اللہ دشمن پر فتح یاب ہو۔
۲۴	اَلرَّافِعُ ۳۵۱	بلند کرنے والا	جو شخص ہر مہینہ کی چودھویں رات کو آدھی رات کے وقت ۱۰۰ مرتبہ "یَارَافِعُ" پڑھے تو اللہ پاک اسے ان شاء اللہ مخلوق سے بے نیاز کردیں گے اور تونگری عطا فرمائیں گے۔
۲۵	اَلْمُعِزُّ ۱۱۷	عزت دینے والا	جو شخص پیر یا جُمعہ کے دن بعد نمازِ مغرب ۴۰ مرتبہ "یَامُعِزُّ" پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ان شاء اللہ لوگوں میں باعزّت اور باوقار بنادیں گے اور اس کی ہیبت لوگوں کے دلوں میں پیدا ہوگی۔
۲۶	اَلْمُذِلُّ ۷۷۰	ذلت دینے والا	جو شخص ۷۵ مرتبہ "یَامُذِلُّ" پڑھ کر سر بسجود ہو کر دُعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ان شاء اللہ حاسدوں، ظالموں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھیں گے۔اگر کوئی خاص دشمن ہو تو سجدہ میں اس کا نام لے کر کہ "اے اللہ! فلاں ظالم یا دشمن کے شر سے محفوظ رکھ۔" دُعا کرے ان شاء اللہ قبول ہوگی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۲۶	اَلسَّمِیْعُ ۱۸۰	سب کچھ سننے والا	جو شخص جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو یا ایک سو یا پچاس مرتبہ "یَاسَمِیْعُ" پڑھے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دُعائیں قبول ہوں گی۔ درمیان میں کسی سے بات ہرگز نہ کرے، اور جو شخص جُمعہ کے دن فجر کی سُنّتوں اور فرضوں کے درمیان سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ان شاء اللہ نظر خاص سے نوازیں گے۔
۲۸	اَلْبَصِیْرُ ۳۰۲	سب کچھ دیکھنے والا	جو شخص نمازِ جُمعہ کے بعد سو مرتبہ "یَابَصِیْرُ" پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی نگاہ میں ان شاء اللہ روشنی اور دل میں نُور پیدا فرمادیں گے۔ جو شخص جمعرات کے روز نمازِ فجر کی سُنتوں اور فرضوں کے درمیان اس اسمِ مُبارک کو سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ہدایت سے منور فرمائیں گے۔
۲۹	اَلْحَکَمُ ۶۸	حاکم مطلق	جو شخص اخیر شب میں ۹۹ مرتبہ باوضو یہ اسمِ مُبارک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ان شاء اللہ تعالیٰ محل اسرار وانوار بنادیں گے۔ اور جو شخص جُمعہ کی رات میں یہ اسمِ مُبارک اس قدر پڑھے کہ بے حال وبےخود ہوجائے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو کشف والہام سے نوازیں گے۔
۳۰	اَلْعَدْلُ ۱۰۴	سرتاپا انصاف	جو شخص جُمعہ کے دن میں یا جُمعہ کی رات میں روٹی کے بیس ٹکڑوں پر "اَلْعَدْلُ" لکھ کر کھائے گا اللہ تعالیٰ مخلوق کو اس کے لئے مسخر فرمادیں گے۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۳۱	اَللَّطِیْفُ ۱۲۹	بڑا لطف و کرم کرنے والا	جو شخص ۱۳۳ مرتبہ "یَالَطِیْفُ" پڑھا کرے اس کے رزق میں ان شاء اللہ برکت ہوگی اور اس کے سب کام بخوبی پورے ہوں گے۔ جو شخص فقروفاقہ، دُکھ، بیماری، تنہائی، کسمپرسی یا کسی اور مصیبت میں گرفتار ہو وہ اچھی طرح وضو کرکے دوگانہ پڑھے اور اپنے مقصد ومطلب کو دل میں رکھ کر سومرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھے، مقصد یقیناً پورا ہوگا۔
۳۲	اَلْخَبِیْرُ ۸۱۲	باخبر اور آگاہ	جو شخص سات روز تک یہ اسمِ مُبارک بکثرت پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اس پر پوشیدہ راز ظاہر ہونے لگیں گے۔ جو شخص خواہشاتِ نفسانی میں یا کسی موذی کے پنجہ میں گرفتار ہو وہ بکثرت اس اسمِ مُبارک کا وِرد کرے ان شاء اللہ ان سے رہائی نصیب ہوگی۔
۳۳	اَلْحَلِیْمُ ۸۸	بڑا بردبار	جو شخص اس اسمِ مُبارک کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر جس چیز پر اس پانی کو چھڑکے یا ملے گا ان شاء اللہ اس میں خیروبرکت ہوگی۔ اگر اوزاروں پر چھڑکے تو اس کی صنعت وحرفت میں برکت ہو۔ اگر کشتی پر چھڑکے تو غرق ہونے سے محفوظ رہے۔ جانور پر چھڑکا جائے تو تمام آفتوں سے وہ محفوظ رہیں۔ اگر کوئی امیر آدمی اس کی بکثرت تلاوت کرے تو اس کا عزووقار برقرار رہے۔
۳۴	اَلْعَظِیْمُ ۱۰۲۰	بڑا بزرگ	جو شخص اس اسمِ مُبارک کا بکثرت وِرد رکھے گا ان شاء اللہ اسے عزت و عظمت نصیب ہوگی اور وہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا۔ اس اسمِ مُبارک کے ۱۲ مرتبہ پڑھنے سے ہر آفت سے اَمن حاصل ہوگا۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۳۵	اَلْغَفُوْرُ ۱۲۸۶	بہت بخشنے والا	جو شخص اس اسمِ مُبارک کا بکثرت ورد رکھے گا ان شاء اللہ اس کی تکلیفیں اور رنج و غم دُور ہو جائیں گے اور مال واولاد میں برکت ہو گی۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو سجدہ میں "یَارَبِّ اغْفِرْلِیْ" تین مرتبہ کہے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرمادیں گے (نماز کے سجدہ کے علاوہ)۔ اس کے علاوہ اس اسمِ مُبارک کو تین بار لکھ کر بُخار والے کو باندھ دیا جائے تو بُخار جاتا رہے، ان شاء اللہ۔
۳۶	اَلشَّکُوْرُ ۵۲۶	قدر دان	جو شخص معاشی تنگی یا کسی اور دُکھ درد میں مبتلا ہو وہ اس اسمِ مُبارک کو ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھے، ان شاء اللہ اس سے رہائی نصیب ہو گی۔ اگر تکان یا گرانیٔ اعضاء ہو تو اس اسمِ مُبارک کو لکھ کر بدن پر پھیر دے اور پیئے تو آرام ہو اور اگر ضعیف البصر اپنی آنکھ پر پھیرے تو نگاہ میں ترقی ہو۔
۳۷	اَلْعَلِیُّ ۱۱۰	بہت بلند و برتر	جو شخص اس اسمِ مُبارک کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے اسے رُتبہ کی بلندی، خوشحالی اور مقصد میں کامرانی نصیب ہو گی۔ اگر اس اسمِ مُبارک کو لکھ کر بچے کو باندھ دیا جائے تو جلد جوان ہو۔ اگر مسافر اپنے پاس رکھے تو جلد اپنے عزیزوں سے ملے۔ اگر محتاج اپنے پاس رکھے تو غنی ہو جائے۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۳۸	اَلْکَبِیْرُ ۲۳۲	بہت بڑا	جو شخص اپنے عہدہ سے معزول ہو گیا ہو وہ سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ "یَا کَبِیْرُ" پڑھے وہ ان شاء اللہ اپنے عہدہ پر بحال ہو جائے گا اور بزرگی وبرتری نصیب ہو گی۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کی کثرت کرے گا اس پر عُلوم ومعرفت کے دروازے کُھل جائیں گے۔ اگر کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے میاں بیوی کو کھلایا جائے تو باہم اُلفت پیدا ہو۔
۳۹	اَلْحَفِیْظُ ۹۹۸	سب کا محافظ	جو شخص بکثرت "یَا حَفِیْظُ" کا وِرد رکھے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ ان شاء اللہ ہر طرح کے خوف وخطر اور نقصان وضرر سے محفوظ رہے گا چاہے وہ درندوں کے درمیان ہی کیوں نہ سوتا ہو۔
۴۰	اَلْمُقِیْتُ ۵۵۰	سب کو روزی وتوانائی دینے والا	جو شخص خالی آبخورے میں سات مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھ کر دَم کرے گا، اور اس میں خود پانی پیئے یا کسی دوسرے کو پلائے یا سونگھے تو ان شاء اللہ مقصد حل ہو جائے گا۔ اگر روزہ دار اسے مٹی پر پڑھ کر یا لکھ کر اس کو تَر کر کے سونگھے تو قوت اور غذائیت حاصل ہو۔ اگر مسافر کوزہ پر سات بار پڑھ کر پھونکے اور پھر اس سے پانی پیا کرے تو وحشتِ سفر سے مامون ہو۔
۴۱	اَلْحَسِیْبُ ۸۰	سب کیلئے کفایت کرنے والا	جس شخص کو کسی بھی شخص یا چیز کا ڈر ہو وہ جمعرات سے شروع کر کے آٹھ روز تک صبح وشام ستر مرتبہ "حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ" پڑھے وہ ان شاء اللہ ہر چیز کے شر سے محفوظ رہے گا۔ جسے کوئی غم یا مصیبت واقع ہو وہ "حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ" کی کثرت کرے۔ اللہ تعالیٰ اسکی تمام دنیوی واُخروی پریشانیاں دُور فرمائیں گے۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۴۲	اَلْجَلِیْلُ ۷۳	بڑے اور بلند مرتبہ والا	جو شخص مشک و زعفران سے اسمِ مُبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور بکثرت "یَاجَلِیْلُ" کاوِرد رکھے گا،ان شاء اللہ اس کو عزت وعظمت اور قدر ومنزلت حاصل ہوگی۔
۴۳	اَلْکَرِیْمُ ۲۷۰	بہت کرم کرنے والا	جو شخص روزانہ سوتے وقت "یَاکَرِیْمُ" پڑھتے پڑھتے سوجایاکرے تواللہ تعالیٰ اس کوعُلماءوصُلحاء میں عزت نصیب فرمائیں گے۔
۴۴	اَلرَّقِیْبُ ۳۱۲	بڑا نگہبان	جو شخص اپنے اہل و عیال و مال و منال پر سات مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھ کر روزانہ دم کیا کرے اور "یَارَقِیْبُ" کا وِرد رکھے ،ان شاء اللہ وہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔اگر حمل کے ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو عورت اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر سات بار اس اسمِ مُبارک کو پڑھے،ان شاء اللہ بچہ ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا۔اگر سفر میں کسی بال بچے کی طرف سے فکر ہو تو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر اس اسمِ مُبارک کو سات مرتبہ پڑھے،ان شاء اللہ وہ بچہ سفر میں محفوظ رہے گا۔
۴۵	اَلْمُجِیْبُ ۵۵	دُعائیں سُننے اور قبول کرنے والا	جو شخص کثرت سے "یَامُجِیْبُ" پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کی دُعائیں بارگاہِ خداوندی میں قبول ہونے لگیں گی۔نیز دُعا کے ساتھ ذکر کرنا موجبِ قبولیتِ دُعاہے۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۴۶	اَلْوَاسِعُ ۱۳۷	وسعت والا	جو شخص بکثرت "یَاوَاسِعُ" کا ذکر کرے گا ان شاء اللہ اس کو ظاہری و باطنی غناء اللہ تعالیٰ عطا فرمائیں گے، اس میں حوصلگی و بردباری پیدا ہو گی۔
۴۷	اَلْحَکِیْمُ ۷۸	بڑی حکمتوں والا	جو شخص کثرت سے "یَاحَکِیْمُ" پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس پر علم و حکمت کے دروازے کھول دیں گے۔ جس کا کوئی کام پورا نہ ہوتا ہو تو وہ پابندی سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھے ان شاء اللہ کام پورا ہو جائے گا۔
۴۸	اَلْوَدُوْدُ ۲۰	بڑا محبت کرنے والا	جو شخص ایک ہزار مرتبہ "یَاوَدُوْدُ" پڑھ کر کھانے پر دم کرے گا اور بیوی کے ساتھ بیٹھ کر وہ کھانا کھائے گا تو ان شاء اللہ میاں بیوں کا جھگڑا ختم ہو جائے گا اور باہمی محبت پیدا ہو گی۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کا ہزار بار ذکر کرے گا وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا محبُوب ہو جائے گا۔
۴۹	اَلْمَجِیْدُ ۵۷	بڑا بزرگ	جو شخص کسی موذی مرض آتشک، جذام یا برص وغیرہ میں گرفتار ہو، وہ (۱۳، ۱۴، ۱۵) تاریخ کے روزے رکھے اور افطار کے بعد اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے اور پانی دم کر کے پیئے، ان شاء اللہ وہ مرض دُور ہو جائے گا۔ چاہے اس کا ازالہ بلا سبب ہو یا اسباب دنیویہ یعنی علاج وغیرہ کے ساتھ ہو۔
۵۰	اَلْبَاعِثُ ۷۳	مُردوں کو زندہ کرنیوالا	جو شخص روزانہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ "یَا بَاعِثُ" پڑھے کرے، ان شاء اللہ اس کا دل علم و حکمت سے زندہ ہو جائے گا۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۵۱	اَلشَّهِيْدُ ۳۱۹	حاضر و ناظر	جس شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو وہ صبح کے وقت اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر ۲۱ مرتبہ "یَاشَهِیْدُ" پڑھ کر دم کرے، ان شاء اللہ فرمانبردار ہو جائے گی۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کی کثرت سے تلاوت کرے گا، اس کا دل باطل سے متنفر ہو کر حق کی جانب مائل ہو گا۔
۵۲	اَلْحَقُّ ۱۰۸	برحق و برقرار	جو شخص چوکور کاغذ کے چاروں کونوں پر "اَلْحَقُّ" لکھ کر سحر کے وقت کاغذ کو ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف بلند کر کے دُعا کرے، ان شاء اللہ گمشدہ شخص یا سامان مل جائے گا اور نقصان و مصائب سے محفوظ رہے گا۔
۵۳	اَلْوَكِيْلُ ۶۶	بڑا کارساز	جو شخص کسی بھی آسمانی آفت کے خوف کے وقت "یَاوَكِیْلُ" کا وِرد کرے گا اور اس اسمِ مُبارک کو اپنا وکیل بنالے گا وہ ان شاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ جسے کوئی غم یا مصیبت واقع ہو وہ "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ" کی کثرت کرے، اللہ تعالیٰ اس کی تمام دنیوی و اُخروی پریشانیاں دُور فرمادیں گے۔
۵۴	اَلْقَوِيُّ ۱۱۶	بڑی طاقت و قوت والا	جو شخص واقعی مظلوم، کمزور اور مغلوب ہو وہ اس ظالم اور طاقتور دشمن کو دفع کرنے کی نیت سے بکثرت اس اسمِ مُبارک کو پڑھے تو ان شاء اللہ اس سے محفوظ رہے گا۔ (بے محل اور ناحق یہ عمل ہرگز نہ کرے)۔
۵۵	اَلْمَتِيْنُ ۵۰۰	شدید قوت والا	جس عورت کے دودھ نہ ہو اس کو "اَلْمَتِیْنُ" کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں، ان شاء اللہ خوب دُودھ ہو گا۔ جو شخص لڑکا یا لڑکی پر "اَلْمَتِیْنُ" دس بار پڑھے گا تو وہ بچہ فسق و فجور اور گناہوں سے محفوظ رہے گا۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۵۶	اَلْوَلِیُّ ۱۳۷	مدد گار اور حمایتی	جو شخص اپنی بیوی کی عادتوں، خصلتوں سے خوش نہ ہو وہ جب اس کے سامنے جائے تو اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے ان شاء اللہ نیک خصلت ہوجائے گی۔ جو شخص شبِ جُمعہ میں اس اسمِ مُبارک کو ایک ہزار بار پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اسے نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائیں گے۔
۵۷	اَلْحَمِیْدُ ۶۲	لائق تعریف	جو شخص ۴۵ دن تک متواتر ۹۳ مرتبہ تنہائی میں پڑھا کرے اس کی تمام بُری خصلتیں دُور ہوجائیں گی ان شاء اللہ۔
۵۸	اَلْمُحْصِیُ ۱۴۸	ایک ایک کو علم و شمار میں رکھنے والا	جو شخص روٹی کے بیس ٹکڑوں پر روزانہ بیس مرتبہ یہ اسمِ مُبارک ــــ پڑھ کر دم کرے اور کھائے تو ان شاء اللہ مخلوق اس کے لئے مسخر ہوجائے گی۔
۵۹	اَلْمُبْدِئُ ۵۶	پہلی بار پیدا کرنے والا	جو شخص سحر کے وقت حاملہ عورت کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ۹۹ مرتبہ "یَامُبْدِئُ" پڑھے گا، ان شاء اللہ حمل ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا اور جب تک بچہ کامل نہ ہوگا وضع حمل نہ ہوگا۔
۶۰	اَلْمُعِیْدُ ۱۲۴	دوبارہ پیدا کرنے والا	گمشدہ شخص کو واپس بلانے کے لئے جب گھر کے سب آدمی سو جائیں تو گھر کے چاروں کونوں میں ستّر ستّر مرتبہ "یَامُعِیْدُ" پڑھے، ان شاء اللہ سات روز میں واپس آجائے گا یا پتہ چل جائے گا۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کا ورد کرے گا اسے بھُولی ہوئی باتیں یاد آجائیں گی۔ اور جو شخص اس اسمِ مُبارک ــــ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ اس کی حیرت دُور ہوجائے گی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۶۱	اَلْمُحْیِیُ ۶۸	زندگی دینے والا	جو شخص بیمار ہو وہ کثرت سے "اَلْمُحْیِیُ" کا ورد رکھے یا اگر کسی بیمار پر دم کیا جائے تو ان شاء اللہ جلد صحت یاب ہوجائے ۔جو شخص ۸۹ مرتبہ "اَلْمُحْیِیُ" پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرے،وہ ہر طرح کی قید وبند سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔
۶۲	اَلْمُمِیْتُ ۴۹۰	موت دینے والا	جس شخص کا نفس اس کے قابو میں نہ ہو وہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر "اَلْمُمِیْتُ" پڑھے پڑھتے سوجائے تو ان شاء اللہ اس کا نفس مطیع ہوجائے گا۔اگر کسی میں اسراف کی عادت ہو تو وہ اس اسمِ مُبارک کی کثرت سے تلاوت کرے تو یہ عادتِ بَد اس سے چھوٹ جائے گی اور شوقِ عبادت پیدا ہوجائے گا۔
۶۳	اَلْحَیُّ ۱۸	ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا	جو شخص روزانہ تین ہزار مرتبہ "اَلْحَیُّ" کا وِرد رکھے گا وہ ان شاء اللہ کبھی بیمار نہ ہوگا۔جو شخص اس اسمِ مُبارک کو چینی کے برتن پر مشک اور گلاب سے لکھ کر شیریں پانی سے دھوکر پیئے گا یا کسی دوسرے بیمار کو پلائے گا تو ان شاء اللہ شفائے کامل نصیب ہوگی۔
۶۴	اَلْقَیُّوْمُ ۱۵۶	سب کو قائم رکھنے اور سنبھالنے والا	جو شخص بکثرت اس اسمِ مُبارک "یَاقَیُّوْمُ" کا وِرد رکھے گا، ان شاء اللہ لوگوں میں اس کی عزت وساکھ زیادہ ہوگی، اور تنہائی میں بیٹھ کر وِرد کرے گا تو ان شاء اللہ خوشحال ہوجائے گا۔جو شخص صبح کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک "یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ" کا وِرد کیا کرے،ان شاء اللہ اس کی سُستی اور کاہلی دُور ہوجائے۔ان ہر دو اَسماء کی تلاوت سے نیند کا غلبہ دُور ہوجاتا ہے اور مستعدی پیدا ہوجاتی ہے۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۶۵	اَلْوَاجِدُ ۱۴	ہر چیز کو پانے والا	جو شخص کھانا کھاتے وقت "یَاوَاجِدُ" کا وِرد رکھے، غذا اس کے قلب کی طاقت و قوت اور نورانیت کا باعث ہو گی، ان شاء اللہ۔
۶۶	اَلْمَاجِدُ ۴۸	بزرگی اور بڑائی والا	جو شخص تنہائی میں اس اسمِ مُبارک کو اس قدر پڑھے کہ بے خود ہو جائے۔ تو ان شاء اللہ اس کے قلب پر انوار الٰہیّہ ظاہر ہونے لگیں گے۔
۶۷	اَلْوَاحِدُ ۱۹ اَلْاَحَدُ	ایک، اکیلا	جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ "اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ" پڑھا کرے گا، اس کے دل سے ان شاء اللہ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔ جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اس اسمِ مُبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ ان شاء اللہ اس کو اولادِ صالح نصیب ہو گی۔
۶۸	اَلصَّمَدُ ۱۳۴	بے نیاز	جو شخص سحر کے وقت سجدہ میں سر رکھ ۱۱۵ یا ۱۲۵ مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا اس کو ان شاء اللہ ظاہری و باطنی سچائی نصیب ہو گی۔ اور جو شخص باوضو اس اسمِ مُبارک کا وِرد جاری رکھے وہ ان شاء اللہ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا اور کبھی ظالموں کے ہاتھ میں گرفتار نہ ہو گا اور جب تک اس اسمِ مُبارک کا ذکر کرتا رہے گا بھوک کا اثر نہ ہو گا۔
۶۹	اَلْقَادِرُ ۳۰۵	قدرت والا	جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر ۱۰۰ مرتبہ "یَاقَادِرُ" پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکے دشمنوں کو ذلیل و رسوا فرمادیں گے (اگر وہ حق پر ہو گا)۔ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل کام یا کسی کام میں دشواری یا دِقّت پیش آجائے تو ۴۱ بار "یَاقَادِرُ" پڑھے ان شاء اللہ وہ دشواری دُور ہو جائے گی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۷۰	اَلْمُقْتَدِرُ ۷۴۴	پوری قدرت رکھنے والا	جو شخص سو کر اٹھنے کے بعد بکثرت "یَامُقْتَدِرُ" کا وِرد کیا کرے یاکم از کم بیس مرتبہ پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کے تمام کام آسان ہوجائیں گے۔
۷۱	اَلْمُقَدِّمُ ۱۸۴	پہلے اور آگے کرنے والا	جو شخص جنگ کے وقت کثرت سے "یَامُقَدِّمُ" پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اسے (پیش قدمی کی) قوت یقیناً عطا فرمادیں گے اور دشمنوں سے محفوظ رکھیں گے۔ اور جو شخص ہر وقت "یَامُقَدِّمُ" کاوِرد رکھے گا ان شاءاللہ وہ اللہ تعالیٰ کا مطیع اور فرمانبردار بن جائے گا۔
۷۲	اَلْمُؤَخِّرُ ۸۴۶	پیچھے اور بعد میں رکھنے والا	جو شخص کثرت سے "یَامُؤَخِّرُ" کا ورد رکھے گا اسے ان شاء اللہ سچی توبہ نصیب ہوگی،اور جو شخص روزانہ سو مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پابندی سے پڑھا کرے اس کو ان شاء اللہ حق تعالیٰ کا ایسا قرب نصیب ہوگا کہ اس کے بغیر چین نہ آئے گا۔
۷۳	اَلْاَوَّلُ ۳۷	سب سے پہلے	جس شخص کے لڑکا نہ ہوتا ہو وہ چالیس دن تک چالیس مرتبہ روز "یَااَوَّلُ" پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کی مُراد پوری ہوگی۔جو شخص مسافر ہووہ جُمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ "یَااَوَّلُ" پڑھے،ان شاء اللہ جلد وطن واپس بخیریت پہنچے گا۔
۷۴	اَلْاٰخِرُ ۸۰۱	سب کے بعد	جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ "یَااٰخِرُ" پڑھا کرے اسکے دل سے غیر اللہ کی محبت دُور ہوجائیگی اور ان شاءاللہ ساری عمر کوتاہیوں کا کفّارہ ہوجائے گااور خاتمہ بالخیر ہوگا۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۷۵	اَلظَّاهِرُ ۱۱۰۶	ظاہر و آشکارا	جو شخص نمازِ اشراق کے بعد پانچ سو مرتبہ "یَاظَاهِرُ" کا وِرد کیا کرے، اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں میں روشنی اور دل میں نور عطا فرمادیں گے۔ ان شاء اللہ۔
۷۶	اَلْبَاطِنُ ۶۲	پوشیدہ و پنہاں	جو شخص روزانہ ۳۳ مرتبہ "یَابَاطِنُ" پڑھا کرے گا ان شاء اللہ اس پر باطنی اسرار ظاہر ہونے لگیں گے اور اس کے قلب میں انس و محبتِ الٰہی پیدا ہوگی۔ جو شخص دو رکعت نماز ادا کرکے "هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" پڑھا کرے، ان شاء اللہ اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور تمام خیالاتِ باطلہ دُور ہوجائیں گے۔
۷۷	اَلْوَالِیُ ۴۷	متولی اور متصرف	جو شخص کثرت سے "یَاوَالِیُ" کا وِرد رکھے گا وہ ناگہانی آفتوں سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔ کورے آبخورے پر یہ اسمِ مُبارک لکھ کر اس میں پانی بھر کر مکان میں چھڑکے گا تو وہ مکان بھی ان شاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی کو مسخّر کرنا چاہے تو گیارہ مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھے انشاءاللہ وہ فرمانبردار ہوجائے گا۔ اس اسمِ مُبارک کی کثرت بجلی کی کڑک سے بھی محفوظ رکھتی ہے۔
۷۸	اَلْمُتَعَالِ ۵۵۱	بہت بلند و برتر	جو شخص کثرت سے "یَامُتَعَالِیُ" کا وِرد رکھے ان شاء اللہ اس کی تمام مشکلات رفع ہوجائیں گی۔ اور جو عورت حالتِ حیض میں کثرت سے اس اسمِ مُبارک کا وِرد رکھے، ان شاء اللہ اس کی تکلیف رفع ہوگی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۷۹	اَلْبَرُّ ۲۰۲	بڑا اچھا سلوک کرنے والا	جو شخص (نعوذ باللہ) شراب نوشی اور زناکاری جیسے بدترین گناہوں میں مُبتلا ہو وہ روزانہ سات مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھے، ان شاء اللہ ان گناہوں کی رغبت جاتی رہے گی۔ جو شخص حُبِّ دُنیا میں مُبتلا ہو وہ اس اسمِ مُبارک کو بکثرت پڑھتا رہے، ان شاء اللہ دُنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے گی۔ جو شخص اپنے بچہ کے پیدا ہونے کے بعد ہی سات مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھ کر دم کرے اور اللہ کے سپرد کردے، وہ بلوغ تک تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا اور نیک بخت اُٹھے گا۔
۸۰	اَلتَّوَّابُ ۴۰۹	بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا	جو شخص نمازِ چاشت کے بعد ۶۳۰ مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے، ان شاء اللہ اسے سچی توبہ نصیب ہو۔ جو شخص کثرت سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے گا ان شاء اللہ اس کے تمام کام آسان ہوں گے۔ اگر کسی ظالم پر دس مرتبہ پڑھ کر پھُونکا جائے تو ان شاء اللہ اس سے خلاصی نصیب ہو گی۔
۸۱	اَلْمُنْتَقِمُ ۶۳۰	بدلہ لینے والا	جو شخص حق پر ہو اور دشمن سے بدلہ لینے کی اس میں قدرت نہ ہو وہ تین جُمعہ تک بکثرت "یَامُنْتَقِمُ" پڑھے، اللہ تعالیٰ خود اس سے انتقام لیں گے۔ (یہ عمل ناحق ہرگز نہ کیا جائے، بہت سخت گناہ ہے)۔
۸۲	اَلْعَفُوُّ ۱۵۶	بہت زیادہ معاف کرنے والا	جو شخص کثرت سے "یَاعَفُوُّ" پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو ان شاء اللہ معاف فرمادیں گے اور اسے رضائے الٰہی حاصل ہو گی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۸۳	اَلرَّءُوْفُ ۲۸۶	نہایت مہربان، شفیق	جو شخص بکثرت "یَارَءُوْفُ" کا وِرد رکھے گا مخلوق اس پر مہربان ہو جائے گی اور وہ مخلوق پر۔ اور جو شخص دس مرتبہ درود شریف اور دس مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے تو ان شاء اللہ اس کو غصہ رفع ہو جائے گا یا کسی غضبناک شخص پر دم کیا جائے تو اس کا غصہ رفع ہو جائے۔
۸۴	مَالِكُ الْمُلْكِ ۲۱۲	ملکوں کا مالک	جو شخص "یَا مَالِكَ الْمُلْكِ" کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اس کو غنی اور لوگوں سے بے نیاز فرمادیں گے اور وہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔
۸۵	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۱۱۰۰	عظمت و جلال اور اکرام والا	جو شخص کثرت سے "یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ" پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو عزت و عظمت اور مخلوق سے استغناء عطا فرمادیں گے۔
۸۶	اَلْمُقْسِطُ ۲۰۹	عدل و انصاف قائم کرنے والا	جو شخص روزانہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے گا وہ ان شاء اللہ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر کسی خاص اور جائز مقصد کے لئے سات سو(۷۰۰) مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا ان شاء اللہ وہ مقصد حاصل ہو گا۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۸۷	اَلْجَامِعُ ۱۱۴	سب کو جمع کرنے والا	جس شخص کے اعزاء یا احباب منتشر ہوگئے ہوں وہ چاشت کے وقت غسل کرکے اور آسمان کی طرف منہ کرکے دس مرتبہ "یَاجَامِعُ" پڑھے اور ایک انگلی بند کرلے۔ اسی طرح ہر دس مرتبہ پر ایک انگلی بند کرتا جائے۔ آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے، ان شاء اللہ جلد جمع ہوجائیں گے۔ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو "اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّارَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْ ضَآلَّتِیْ" پڑھا کرے وہ چیز اُسے ان شاء اللہ مل جائے گی۔ جائز محبت کے لئے بھی یہ دُعا بے مثال ہے۔
۸۸	اَلْغَنِیُّ ۱۰۶۰	بڑا بے نیاز، بے پرواہ	جو شخص روزانہ ستّر (۷۰) مرتبہ "یَاغَنِیُّ" پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے مال میں برکت عطا فرمائیں گے اور ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ جو شخص کسی ظاہری و باطنی مرض یا بلا میں گرفتار ہو وہ اپنے تمام اعضاء و جسم پر پڑھ کر دم کیا کرے ان شاء اللہ نجات پائے گا۔
۸۹	اَلْمُغْنِیُّ ۱۱۰۰	بے نیاز و غنی بنا دینے والا	جو شخص اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ سو گیارہ مرتبہ وظیفہ کی طرح یہ اسمِ مُبارک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ظاہری و باطنی غناء عطا فرمائیں گے، صبح کی نماز کے بعد پڑھے یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھے، اس کے ساتھ سُورۃ مُزَّمِّل بھی تلاوت کرے۔ اگر اس اسمِ مُبارک کو بیوی سے صُحبت سے پیشتر پڑھے تو بیوی کو اس سے محبت پیدا ہوجائے گی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۹۰	اَلْمَانِعُ ۲۰۱	روکنے والا	اگر بیوی سے جھگڑا یا ناچاقی ہو تو بستر پر لیٹتے وقت ۲۰ مرتبہ یہ اسمِ مُبارک پڑھا کرے ان شاء اللہ جھگڑا اور ناچاقی دُور ہو جائے گی اور باہمی انس و محبت پیدا ہو جائے گی۔ جو شخص بکثرت اس اسمِ مُبارک کا وِرد رکھے گا ان شاء اللہ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی خاص اور جائز مقصد کیلئے پڑھے تو ان شاء اللہ وہ حاصل ہو جائے گا۔
۹۱	اَلضَّآرُّ ۱۰۰۱	ضرر پہنچانے والا	جو شخص شبِ جمعہ میں سو(۱۰۰) مرتبہ "یَاضَآرُّ" پڑھا کرے وہ ان شاء اللہ تمام ظاہری اور باطنی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور قربِ خداوندی اسے حاصل ہو گا۔
۹۲	اَلنَّافِعُ ۱۶۱	نفع پہنچانے والا	جو شخص کشتی یا کسی اور سواری میں سوار ہونے کے بعد "یَانَافِعُ" کثرت سے پڑھتا رہے ان شاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ یا کسی بھی کام کے شروع کرتے وقت ۱۶۱ مرتبہ "یَانَافِعُ" پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ کام حسبِ منشا ہو گا۔ جو شخص بیوی سے جماع کے وقت یہ اسمِ مُبارک پڑھ لیا کرے اسے ان شاء اللہ اولادِ صالح نصیب ہو اور بیوی کو اس سے محبت ہو گی۔
۹۳	اَلنُّوْرُ ۲۵۶	سرتاپا نور اور نور بخشنے والا	جو شخص شبِ جُمعہ میں سات مرتبہ سُورۃ نور اور ایک ہزار ایک مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے تو ان شاء اللہ اس کا دل نورِ الٰہی سے منور ہو جائے گا۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۹۴	اَلْهَادِیُ ۲۰	سیدھی راہ دکھانے اور چلانے والا	جو شخص ہاتھ اُٹھ کر آسمان کی طرف مُنہ کر کے بکثرت "یَاهَادِیُ" پڑھے اور آخر میں چہرہ پر ہاتھ پھیر لے تو اس کو ان شاء اللہ کامل ہدایت نصیب ہوگی اور اہلِ معرفت میں شامل ہوگا۔ یہ عمل اہلِ حکومت کے لئے بھی مناسب ہے۔
۹۵	اَلْبَدِیْعُ ۸۶	بے مثال چیزوں کو ایجاد کرنے والا	جس شخص کو کوئی غم یا مُصیبت یا کوئی بھی مشکل پیش آئے وہ ایک ہزار مرتبہ "یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ" پڑھے، ان شاء اللہ کشائش نصیب ہوگی۔ جو شخص اس اسمِ مُبارک کو باوضو پڑھتے ہوئے سوجائے تو جس کام کا ارادہ ہو وہ یقیناً خواب میں نظر آجائے گا۔ جو شخص نماز عشاء کے بعد "یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ" بارہ سو بارہ مرتبہ بارہ دن پڑھے گا تو جس کام یا مقصد کے لئے پڑھے گا ان شاء اللہ وہ پورا عمل ختم ہونے سے پہلے حاصل ہوجائے گا۔ (آزمودہ ہے)
۹۶	اَلْبَاقِیُ ۱۱۳	ہمیشہ ہمیشہ باقی رہنے والا	جو شخص اس اسمِ مُبارک کو ایک ہزار مرتبہ جمعہ کی رات میں پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو ہر طرح کے ضرر و نقصان سے محفوظ رکھیں گے اور ان شاء اللہ اس کے تمام نیک عمل مقبول ہوں گے۔
۹۷	اَلْوَارِثُ ۷۰۷	سب کے بعد موجود رہنے والا	جو شخص طلوع آفتاب کے وقت سو مرتبہ "یَاوَارِثُ" پڑھے گا ان شاء اللہ ہر رنج، غم، سختی اور مصیبت سے محفوظ رہے اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔ جو شخص مغرب و عشاء کے درمیان ایک ہزار مرتبہ پڑھے ہر طرح کی تکلیف و پریشانی سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا اور حیرت دفع ہوگی۔

نمبر شمار	اسماءِ حُسنیٰ	معنی	خواص اور فوائد
۹۸	اَلرَّشِیْدُ ۵۱۴	راستی اور بھلائی پسند کرنے والا	جس شخص کو اپنے کسی مقصد یا کام کی تدبیر سمجھ میں نہ آتی ہو وہ مغرب وعشاء کے درمیان ایک ہزار مرتبہ "یَارَشِیْدُ" پڑھے تو ان شاء اللہ خواب میں تدبیر نظر آجائے گی یا دل میں اس کا القاء ہوجائے گا۔ اگر روزانہ اس اسمِ مُبارک کا وِرد رکھے تو تمام مشکلات ان شاء اللہ دُور ہوجائیں گی اور کاروبار میں دن دُگنی رات چوگنی ترقی ہوگی۔ جو شخص عشاء کے بعد اس اسمِ مُبارک کو یومیہ سوبار پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کے اسباب پیدا فرمادیں گے ان شاء اللہ۔
۹۹	اَلصَّبُوْرُ ۲۹۸	بڑے صبر وتحمل والا	جو شخص طلوعِ آفتاب سے پہلے سو مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے وہ ان شاء اللہ اس دن ہر مُصیبت سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں، حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی۔ جو شخص کسی بھی طرح کی مُصیبت میں گرفتار ہو وہ ایک ہزار بیس مرتبہ اِس اسمِ مُبارک کو پڑھے ان شاء اللہ اس سے نجات پائے گا اور اطمینان قلب نصیب ہوگا۔

کتابوں میں تو ان اسماءِ مُبارکہ کے اور بھی بے شمار خواص اور فضیلتیں مذکور ہیں مگر اخلاص واعتقاد اور یقین وایمان کے ساتھ اس قدر بھی کافی ہیں۔ اللہ سُبحانہ وتعالیٰ ہمیں ان اسماءِ مُبارکہ کی برکات سے نوازے اور دُنیا اور آخرت میں انہیں ہماری نجات کا ذریعہ بنائے۔ آمین ثم آمین۔

نوٹ: اسماءِ حُسنٰی کے کالم میں ہر اسمِ مُبارک کے نیچے اس اسمِ پاک کے اعداد ابجد لکھ دئے گئے ہیں۔

منزل

منزل

حامدًا وّمُصَلِّیًا وّمُسَلِّمًا ط

ذیل میں جن قرآنی آیات کو ورد کیا گیا ہے وہ "منزل" کے نام سے معروف ہیں۔ نقش و تعویذات کے مقابلہ میں آیات قرآنیہ اور وہ دعائیں جو حدیث پاک میں وارد ہوئی ہیں یقیناً بہت زیادہ مفید و موثر ہیں۔ عملیات میں انہی چیزوں کا اہتمام کرنا چاہیے۔ فخر الرسل ﷺ نے دینی یا دنیاوی کوئی حاجت اور غرض ایسی نہیں چھوڑی جس کیلئے دعا کا طریقہ نہ تعلیم فرمایا ہو۔ اسی طرح بعض مخصوص آیات کا مخصوص مقاصد کیلئے پڑھنا مشائخ کے تجربات سے ثابت ہے۔

یہ منزل آسیب، سحر اور بعض دوسرے خطرات سے حفاظت کیلئے ایک مجرب عمل ہے۔ یہ آیات کسی قدر کمی بیشی کے ساتھ "القول الجمیل" اور "بہشتی زیور" میں بھی لکھی ہیں۔ القول الجمیل میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں: "یہ تینتیس (۳۳) آیات ہیں جو جادو کے اثر کو رفع کرتی ہیں اور شیاطین، چوروں اور درندے جانوروں سے حفاظت پناہ حاصل ہو جاتی ہے۔"

اور بہشتی زیور میں حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں: "اگر کسی پر آسیب کا شبہ ہو تو آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر دم کر کے مریض پر چھڑک دیں اور اگر گھر میں اثر ہو تو ان کو پانی پر پڑھ کر گھر کے چاروں گوشوں میں چھڑک دیں۔"

حضرت مولانا محمد طلحہ صاحب کاندھلوی لکھتے ہیں: "ہمارے گھر کی مستورات کو یہ مشکل پیش آتی کہ جب وہ کسی مریضہ کیلئے اس منزل کو تجویز کرتیں تو اصل کتاب میں نشان لگا کر یا نقل کرا کر دینی پڑتی۔ اس لئے خیال ہوا کہ اگر اس کو علیحدہ ایک مستقل باب کی شکل میں طبع کرا دیا جائے تو سہولت ہو جائے گی۔"

یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ عملیات اور دعاؤں میں زیادہ دخل پڑھنے والے کی توجہ اور یکسوئی کو ہوتا ہے۔ جتنی توجہ اور عقیدت سے دعا پڑھی جائے اتنی ہی موثر ہوتی ہے۔ اللہ کے نام اور اس کے کلام پاک میں بڑی برکت ہے۔ واللہ الموفق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ② الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ③ مٰلِكِ
يَوْمِ الدِّيْنِ ④ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ⑤ اِهْدِنَا
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ⑥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ⑦

[سورة الفاتحة، ١-٧]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ① ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ②
الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ③ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ
وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ④
اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑤

[سورة البقرة، ١-٥]

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ⑯③

[سورة البقرة، ١٦٣]

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا
نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ
يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا

خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ
وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قف قَدْ تَّبَيَّنَ
الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ
فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٥٦﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ
مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ
الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ
اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥٧﴾ ع

[سورة البقرة، ٢٥٥-٢٥٧]

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا
فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۭ فَيَغْفِرُ
لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ﴿٢٨٤﴾ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ
وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ
وَرُسُلِهٖ ۣ قف لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ قف وَقَالُوْا
سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨٥﴾

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ
وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ
اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ
عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ
لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟
اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ ع

[سورة البقرة، ۲۸۴-۲۸۶]

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ
قَآئِمًا ۢ بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ ؕ

[سورة آل عمران، ۱۸]

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ
الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ
الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ
تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ
الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

[سورة آل عمران، ۲۶، ۲۷]

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ
اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۘ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ

يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ
بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾
اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾
وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا
وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

[سورة الأعراف، ۵۴-۵۶]

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ
الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ
بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ
الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾

[سورة الإسراء، ۱۱۰-۱۱۱]

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾
فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ
الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ
بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾
وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

[سورة المؤمنون، ۱۱۵-۱۱۸]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ
ذِكْرًا ۙ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۙ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا
السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ۙ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ
كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ لَّا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۖ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ
وَّاصِبٌ ۙ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ
ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ
خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾

[سورۃ الصّافّات، ۱-۱۱]

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ
اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا
بِسُلْطٰنٍ ۚ﴿۳۳﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ يُرْسَلُ
عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۚ﴿۳۵﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٦﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ
السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿٣٧﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٨﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا
جَآنٌّ ﴿٣٩﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٠﴾

[سورة الرحمٰن، ٣٣-٤٠]

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا
مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا
لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿٢٢﴾
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ
الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٢٣﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ
لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٤﴾ ع

[سورة الحشر، ٢١-٢٤]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿۱﴾ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ﴿۳﴾ وَّ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ﴿۴﴾

[سورة الجن،۱-۴]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ﴿۱﴾ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ﴿۴﴾ وَ لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ﴿۶﴾

[سورة الكافرون،۱-۶]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

[سورة الإخلاص،۱-۴]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنۡ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾
وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

[سورۃ الفلق،۱-۵]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰہِ
النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ الۡخَنَّاسِ ۪﴿۴﴾ الَّذِیۡ
یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

[سورۃ الناس،۱-۶]

کام کاج صبح سویرے شروع کرو ان شاء اللہ برکت ہوگی۔

صخر الغامدیؓ کا بیان ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے دعا فرمائی ہے کہ "اے اللہ! سویرے میں میری امت کیلئے برکت عطا فرما"۔ چنانچہ خود آنحضرت ﷺ جب کوئی لشکر جہاد کیلئے روانہ فرماتے تو صبح سویرے روانہ کرتے۔

کہتے ہیں کہ حضرت صخرؓ ایک تاجر آدمی تھے وہ اپنا تجارتی مال ہمیشہ صبح سویرے بھیجا کرتے تھے اس کی برکت سے وہ خوش حال اور سرمایہ دار ہوگئے۔ (ابن ماجہ)

قرآن پاک کی سورتوں کے فضائل

قرآن پاک کی سورتوں کے خواص

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ کی صداقت سے بھر پورالفاظ کی گواہی چودہ صدیاں گزرجانے کے باوجود تمام حقائق پورے شدومد کے ساتھ دے رہے ہیں۔قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جو تحریف وترمیم سے مبراہے۔قرآن کا کھلاچیلنج ہے کہ تمام جن وانس ایک دوسرے کے مددگار ومعاون بن کر بھی اس کی مثل نہیں لاسکتے۔قرآن نے چیلنج کے طور پر ایک سورۃ کے الفاظ بھی استعمال کئے ہیں کہ کچھ نہیں تو اس کی مانند ایک سورت ہی بناکرلے آؤ۔

قرآن کی موجودہ ترتیب نزولی تو نہیں بلکہ توقیفی ہے جس کو حضوراکرم رسالت مآب حضرت محمد ﷺ نے اللہ کی رضاکے مطابق ترتیب دیاہے۔بالکل ایسے جیسے کوئی ماہر جوہری نگینہ میں تمام پتھروں کو مناسب ترین اور کامل ترین ترتیب میں جڑتا ہے۔

قرآن تمام بنی نوع انسان کے تمام مسائل اور مصائب کا حل احسن ترین طریقے سے پیش کرتا ہے۔قرآن پاک کی سورتوں اور بعض سورتوں کی آیات میں موجود سربستہ خزانے کی مشاہدات میں جھلک مندرجہ ذیل ہے۔

سورۃ الفاتحہ (۱)

سورۃ فاتحہ کو سر کے درد کیلئے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں اول و آخر درودشریف اور دم کریں تمام دردسر اور درد شقیقہ کو مفید ہے تین دن ایسا کریں ان شاءاللہ رحمت ہوگی۔پیٹ کے درد کیلئے نمک پر دم کرکے دیں درد والا مریض نمک کو تھوڑا تھوڑا چکھا کرے،بخار اوردرجہ حرارت کیلئے سات بار پانی پر دم کرکے پلائیں۔ان شاء اللہ مفید ہوگا۔

مسخرات کیلئے اکتالیس بار بعد سنت فجر وقبل فرض اوّل وآخر درودشریف سات سات باردعا زاری سے کیا کریں۔فتح یابی کیلئے گیارہ بار پڑھ کر اپنے کام کو جاری رکھیں۔

مشکل کشائی کیلئے اکیس بارپڑھیں۔اگرزوجین کے درمیان محبت نہیں تو اکیس بارکسی شیرینی وغیرہ پرپڑھ کر چند ایام تک زوجین کو کھلادیں۔جس کو محبت ہے وہ دوسرے بے محبت پر بسم اللہ کے ساتھ تین بار پڑھ کر دم کرتا

رہے اس کو محبت ہوجائے گی۔اوّل و آخر درود شریف ہر کام کے ساتھ پڑھیں اور سورۃ الفاتحہ ہر دکھ کی دوا ہے۔

فوائد سورۃ البقرۃ و آلِ عمران(۲،۳)

جس گھر میں یہ سورتیں تین دن رات پڑھی جائیں جن و شیاطین اس گھر میں داخل نہ ہوں گے اور پڑھنے والے پر قیامت کے دن سایہ کریں گی۔ جس پر سحر ہوچکا ہووہ ان سورتوں کی کثرت سے تلاوت کرے سحر دور ہوجائے گا۔

جس گھر میں سورۃ البقرۃ کی آخری دوآیتیں تین راتیں پڑھی جائیں اس میں شیطان قریب نہیں آتے، رات کو پڑھی جائیں اگراس میں موت آگئی تو اس کی مغفرت ہوگی اور چور وغیرہ جیسی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

خواص آیت الکرسی

جو شخص ان آیتوں کو ہر روز ہر نماز کے بعد پڑھا کرے شیطان کے وسوسے اور سرکش شیطان کے مکروفریب وایذا سے محفوظ رہے گا۔اگر فقیر ہوگا تو مالدار ہوجائے گا۔ اور حق تعالیٰ اس کو ایسے طریق سے روزی عطافرمائیں جس کا وہم وگمان بھی نہ ہوگا۔ صبح و شام اور گھر میں داخل ہوتے وقت اور بستر پر لیٹتے وقت ہمیشہ پڑھنے سے حر، سرق اوعرق سے محفوظ رہے گا۔صحت نصیب ہوگی اور ہر قسم کے خوف اور اندیشہ سے سالم رہے گا۔ اگر ان آیات کو ٹھیکری پر لکھ کر غلہ میں رکھ دیں تو وہ چوری اور گھن سے محفوظ رہے گا۔برکت ہوگی۔اس آیت کو دکان میں یا مکان میں اونچی جگہ رکھ دیں تو رزق میں زیادتی ہوگی۔فاقہ نہ ہوگا اور وہاں چورنہ آئے گا۔

آیۃ الکرسی **ھم فیھا خالدون** تک پڑھیں۔

آیۃ الکرسی کے ایک سو ستّر حروف ہیں جو شخص اس تعداد کے مطابق آیۃ الکرسی پڑھ کر حق تعالیٰ سے جو مراد مانگے گا ملے گی درجہ اور مرتبہ میں ترقی ہوگی۔رزق میں اضافہ ہوگا قرض ادا ہوجائے گااور شیطان اورجنات کی شرارت سے محفوظ رہے گا۔عمر بھر عیش وآرام سے رہے گا۔اور کوئی شخص قول یا فعل سے کسی قسم کا ایذانہ پہنچائے گا لوگوں کی نظروں میں معزّز و مکرم بن جائے گا۔

جو شخص بے روزگار ہو ملازمت نہ ملتی ہو یَاغَنِیُّ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ تین ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر آیت الکرسی ایک سو ستر مرتبہ پڑھے گا نوکری مل جائے گی۔

نمک کی چھوٹی چھوٹی کنکریاں لیں اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں ایک کنکری روزانہ چوسیں بلغم دور ہوگی۔

جو شخص ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے پاس شیطان نہ آئے گا اور کوئی شخص آیت الکرسی تیرہ سو مرتبہ پڑھے گا سب حاجتیں پوری ہوں گی اور ظالم و جابر حاکم مہربان ہوگا۔

مرگی کے مریض پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں تو اس کا دورہ دور ہوجائے گا۔

اگر رات کو سوتے وقت تین مرتبہ پڑھے تو گھر میں چور، ڈاکو، آسیب اور جن سے محفوظ رہے گا۔اور انسان ڈراؤنے خوابوں سے بچا رہے گا۔

خواص سورۃ النساء(۴)

اس سورۃ کی تلاوت سے گناہوں سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔اگر کوئی عورت یامرد زنا میں مبتلا ہوں اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درودابراہیمی اوردرمیان میں سات مرتبہ سورۃ النساء پڑھ کر اس کا پانی پلائے اس کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ نیک صالح ہوجائیں گے۔

خواص سورۃ المائدہ(۵)

اگر کوئی شخص باوضو ۴۱مرتبہ سورۃ المائدہ کو پڑھے تو اس کے گھر والے فاقہ سے محفوظ رہیں اور اس کا پڑھنے والا دنیا کے لوگوں کی نگاہ میں عزیز ہوگا۔ان شاء اللہ تعالیٰ

خواص سورۃ الانعام(۶)

جو شخص سورۃ الانعام کو باوضو اکتالیس مرتبہ پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

خواص سورۃ الاعراف(۷)

اگر کوئی شخص باوضو عرق گلاب اور زعفران سے سورۃالاعراف کو

پاک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے وہ ان شاء اللہ تعالیٰ آنکھ کی تکلیف اور آنکھ کے زخم سے صحت یاب ہو گا۔

خواص سورۃ الانفال(۸)

اگر کوئی شخص نا حق قید ہوگیا ہوتواس کی روزانہ تلاوت سے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رہاہو جائے۔ نیز اس کا پڑھنے والا ہمیشہ کامیاب رہے، عزت حاصل ہو دشمنوں پر ہیبت طاری ہو اگر کسی شخص کو ظالم حاکم یا عدالت میں جانا پڑے اور پریشانی ہوتو اس کو چاہیے کہ سورۃ الانفال لکھے اور موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے یادائیں بازو پر باندھے۔ان شاء اللہ حاکم اس کے ساتھ نرمی سے پیش آئے گا۔

خواص سورۃ یونس (۱۰)

دشمن پر غلبہ پانے اور غلبہ حاصل کرنے کیلئے سورۃ یونس کی تلاوت بہت اکسیر ہے۔اس کی کثرت سے تلاوت آدمی کو فتح و ظفر سے ہمکنار کرتی ہے۔ہر مشکل کیلئے اس کی تلاوت اس مشکل کو آسان بنادیتی ہے۔

خواص سورۃ ھود (۱۱)

ہر مشکل گھڑی میں سورۃ ہود کی تلاوت بہت فائدہ مند ہے اس کے پڑھنے سے دشمن مغلوب رہتاہے۔

خواص سورۃ یوسف(۱۲)

ہر قسم کی حاجت براری اور ضرورت کے لئے سورۃ یوسف کی تلاوت بہت اہم ہے اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہوگیا ہویا نوکری سے نکال دیا گیا ہوتو اس کی کثرت سے تلاوت کرے ان شاء اللہ واپس اپنے عہدے پر بحال ہو گا۔اگر کوئی غریب و نادار ہوتو اس کی تلاوت کرنے سے بحکم اللہ تعالیٰ غنی اور مال دار ہو گا۔

جو شخص قرآن پاک حفظ کرنا چاہتا ہے تو سب سے پہلے سورۃ یوسف حفظ کرے ان شاء اللہ قرآن پاک باآسانی حفظ ہو گا۔

خواص سورۃ رعد (۱۳)

اگر بچہ کثرت سے روتا ہو تو اس پر دم کرنے سے بچہ ہشاش بشاش رہے اس کا نقش باوضو لکھ کر گلے میں ڈالے یادائیں بازوپر باندھیں ان شاء اللہ تعالیٰ وہ شخص آسیب یاجن کے اثر سے محفوظ رہے گا۔اور ظالم حاکم سے محفوظ رہے گا۔

جیل خانہ سے رہائی کیلئے باوضو مغرب اور عشاء کے درمیان اکیس بار پڑھیں اور اگر بچہ روتا ہوتو تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔مجرب ہے۔

خواص سورۃ ابراہیم (۱۴)

یہ سورہ سحر (جادو) سے نجات کیلئے بہت مفید ہے۔اگر کسی شخص کی قوت مردمی سحر (جادو) کے ذریعے باندھ دی گئی ہوتو روزانہ ۳بارسورۃابراہیم تلاوت کرنے سے سحر باطل ہوگا اور قوت مردمی بحال ہوجائے گی۔اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ مرد اپنی اصلی حالت پر آجائے گا۔

خواص سورۃ الحجر (۱۵)

اگر جگر بڑھ گیا ہو یا سخت ہوگیا ہوسات بار پیٹ پر دم کریں تکلیف جاتی رہے گی۔اگر کوئی شخص سورۃالحجر کو زعفران کے پانی سے باوضو لکھے اور پاک پانی سے دھو کر عورت کو پلائے تو بحکم خدا اس کا دودھ بہت زیادہ ہوگا۔

جب کوئی چیز خریدے یافروخت کرے اگراس پر سورۃالحجر پڑھ کر دم کرے تو اس مال میں برکت ہوگی۔

سورۃ النحل (۱۶)

اگر کسی شخص کے دشمن اسے جان سے مارنا چاہتے ہوں اور اسے ہلاکت کا خوف ہوتوسورۃ النحل کو ایک بیٹھک میں ایک آدمی یا کئی آدمی ایک سو مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن اس کے فرماں بردار ہوں گے اور اگر اطاعت نہ کی تو پریشان اور ذلیل ہوں گے۔

اگر کسی کے دشمن ایک جگہ جتھا بنا کر نقصان پہنچانا چاہتے ہوں تو سورۃالنحل کو تین مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ دشمن منتشر ہوں گے۔

سورۃ الاسراء (بنی اسرائیل) (۱۷)

سورۃالاسراء(بنی اسرائیل) کا روزانہ باوضوتین مرتبہ پڑھنا دوجہاں کی ترقی،کامیابی،حصول مراتب وعزت اور سارے جہان کی مشکلات کے حل کرنے کیلئے نہایت مجرب اور مفید ہے۔

اگر کسی بچے کی زبان میں لکنت ہےاور وہ بات کرنے میں اٹکتا ہے یا بات کرتے وقت اس کی زبان پھرتی ہے تو عرق گلاب میں زعفران کو حل کرکے پاک کاغذ پر سورۃبنی اسرائیل کو لکھے اور پانی میں گھول کر روزانہ بچے کو پلائے توکچھ عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بچے کی زبان کی لکنت ختم ہوجائے گی۔

اگر لڑکا یا لڑکی کند ذہن ہو اور سبق یاد نہ ہوتا ہویا یاد کرکے بھول جاتا ہوتو باوضو ہوکرعرق گلاب میں زعفران کوحل کرکے اس سے پوری سورۃ الاسراء(بنی اسرائیل) کو لکھے اور پانی میں گھول کر روزانہ بچے کو پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا ذہن کھل جائے گا۔اور حافظہ بحال ہوجائے گا۔

سورۃ الکہف کے خواص (۱۸)

سورۃ الکہف کا جمعہ کے دن پڑھنا زمین سے آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ دن تک وہ نور برابر قائم رہتا ہے۔پھر اس کے پڑھنے والے کو سارا نور قبر میں اور قبر کے بعد قیامت میں دیاجائے گا۔اور اس سورۃ کو روزانہ تلاوت کرنا ایمان کی قوت کو زیادہ کرتا ہے اور نورایمانی میں ترقی بخشتا ہے۔

اگر کسی شخص کو رات کے وقت جاگنا منظور ہواور کوئی جگانے والا نہ ہواور خود بھی اٹھنے کی اُمید نہ ہوتو وہ شخص نمازعشاء کے بعد سورۃ الکہف پڑھ کر سوجائے ان شاء اللہ تعالیٰ جس وقت اٹھنے کا ارادہ کرے گااسی وقت آنکھ کھل جائے گی۔(مجرب ہے)

جو شخص قرض میں گرفتار ہواور قرض اترنا مشکل ہوگیا ہوتو بعد نماز جمعہ سورۃ الکہف سات بار پڑھنے اور اللہ تعالیٰ سے پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ دعا مانگےان شاء اللہ تعالیٰ اس کا قرضہ اتر جائے گا۔

اس سورہ کے پڑھنے سے قیامت میں نور ملے گا اور دجال کے مکروفریب سے محفوظ رہے گااوراوّل آخر کی دس آیتیں پڑھنے سے بلا اور مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ مریم(۱۹)

اگر کسی شخص نے کسی نوجوان کی قوت مردمی باندھ دی ہو اور وہ پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو سورۃ مریم پڑھ کر دعا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی قوت مردمی بحال ہوجائے گی اگر خود پڑھنا نہ جانتا ہو تو کسی سے تین مرتبہ پڑھوا کرپانی دم کروالے اور روزانہ وہ پانی پیئے جب تک طاقت بحال نہ ہو پانی پیتا رہے ان شاء اللہ صحت یاب ہوگا۔

سورۃطٰہٰ(۲۰)

اگر کوئی شادی کے قابل ہورشتہ نہ آتا ہویا شادی میں رکاوٹ ہوتو ۲۱بار روزانہ سورۃطٰہٰ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ مناسب جگہ رشتہ طے ہوجائے گا۔

اگر کوئی یہ چاہتا ہوکہ لڑکی کا رشتہ کسی نیک مرد سے ہوجائے تو سورۃ طٰہٰ کو باوضو کسی ریشمی کپڑے پر لکھ کر موم جامہ کرکے لڑکی کے گلے میں ڈال دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے رشتہ اور شادی کسی نیک مرد سے ہوجائے گی اور اولاد نیک پیدا ہوگی۔

خواص سورۃ الانبیاء(۲۱)

اگر کوئی شخص پریشان حال ہو اکثر پریشان اور غم زدہ رہتا ہوتو ہرروز باوضو تین بارسورۃانبیاءپڑھےان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام غم اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

خواص سورۃ الحج(۲۲)

جب کسی شخص کو کوئی سمندری یا دریائی سفر درپیش ہوتو جہاز یا کشتی میں سوار ہونے سے قبل باوضوتین مرتبہ اس سورۃ کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ جہازیا کشتی کے مسافر بخیریت منزل مقصود پر پہنچیں گے اورہر قسم کے نقصان یا ڈوبنے سے محفوظ رہیں گے۔

سورۃالمومنون(۲۳)

اگر کوئی شخص شراب، ہیروئن ،چرس،سٹہ،جوا،سود و زنا اور دیگر گناہوں میں

بری طرح مبتلا ہو اور اسے یہ گناہ چھوڑنا مشکل معلوم ہوتا ہو تو عرق گلاب میں زعفران حل کرکے باوضو سفید کپڑے پر اس سورۃ کو لکھے اور موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے۔ان شاء اللہ وہ شخص ان بری عادتوں سے توبہ کرلے گا۔

خواص سورۃ النور(۲۴)

اگر کسی شخص کو دشمن بہت تنگ کرتے ہوں اور طرح طرح سے زبان درازی اور تہمت بازی کرتے ہوں تو اس سورۃ کو روزانہ باوضو دن میں کسی وقت ایک ہی بیٹھک میں پانچ مرتبہ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان چغلی،الزام تراشی اور نقصان پہنچانے سے باز رہے گی۔

اگر کسی شخص کو کثرت سے احتلام ہوتا ہو تو روزانہ باوضو ہوکر تین بار اس سورۃ کو پڑھ کر اپنے اوپر اور پانی پر دم کرکے پانی پی لے تو ان شاء اللہ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

خواص سورۃ الفرقان(۲۵)

دشمن کی ہلاکت کیلئے روزانہ اڑتیس بار اس سورۃ کو پڑھے بحکم خدا دشمن ہلاک ہوگا۔اس عمل کو کرنے سے قبل کسی عالم دین اور خداترس شخص سے مشورہ کرے ورنہ قتل کا گناہ ہوگا۔

اگر کسی کو کوئی ظالم شخص ناحق ستاتا ہو اور ہر وقت درپے آزار رہتا ہو تو اس سورۃ کو ایک سو آٹھ بار پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

خواص سورۃ الشعراء (۲۶)

اگر کوئی لڑکا یا نوکر گھر سے بھاگنے کا عادی ہو تو سورۃ الشعراء کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے لڑکے یا نوکر کی گردن میں باندھ دے خدا تعالیٰ کے حکم سے بھاگنے سے رک جائے گا اور گھر میں اس کا دل لگے گا۔

اگر کوئی شخص خوف و ڈر کی وجہ سے پریشان ہو تو سورۃ الشعراء کو باوضو سات بار پڑھ کر دعا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ خوف وڈر سے آزاد ہوجائے گا اور کسی قسم کی پریشانی باقی نہ رہے گی۔

خواص سورۃ النمل (۲۷)

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر یہ ادا کرنے کے لئے سورۃ النمل کو دس بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں برکت دے گا اور غم و فکر سے آزادی نصیب ہوگی۔

اگر کسی شخص کو ضروری حاجت پیش آئے تو سورۃ النمل ایک ہفتہ کیلئے روزانہ ایک بار باوضو پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

اگر کوئی شخص ہرن کی کھال پر اس سورۃ کو باوضو لکھ کر اپنے صندوق یا گھر میں رکھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ گھر سانپ بچھو اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

خواص سورۃ القصص(۲۸)

اگر کوئی شخص بیمار ہو تو سورۃ القصص تین روز تک باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مریض صحت یاب ہوگا۔

اگر کوئی شخص غائب ہوگیا اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو سورۃ القصص کو باوضو ۲۷ بار پڑھیں ان شاء اللہ غائب شخص بخیر و خوبی گھر لوٹ آئے گا۔

اگر کوئی بیمار ہو، پیٹ میں درد رہتا ہو یا اسے استسقاء یا جذام کی بیماری کا ڈر ہو تو اس سورۃ کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال لے ان شاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی اور ایسی کوئی بیماری اس پر حملہ نہ کرے گی۔

خواص سورۃ العنکبوت(۲۹)

اگر کوئی شخص رنج و غم میں مبتلا ہوتو سورۃ العنکبوت باوضو ہو کر عرق گلاب میں زعفران کو حل کرکے لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر پئے ان شاء اللہ تعالیٰ اس پانی کے پینے سے اس کا رنج و غم دور ہوگا۔

خواص سورۃ الروم (۳۰)

اگر کسی کا دشمن بہت عیار و چالاک ہو اور اپنی شرارتوں سے ہر وقت پریشان رکھتا ہو تو سورۃ الروم کو اکیس مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور ہمیشہ ناکام رہے گا اور ہر طرح دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

اگر کوئی چاہے کہ دشمن اس کا ذلیل ہواوراسے فتح حاصل ہو اور دشمن کو قدم قدم پر ناکامی ہو تو سورۃ الروم کو باوضو کاغذ پر لکھے اور اس کو لپیٹ کرایک بوتل میں رکھ دے اورسخت ڈاٹ سے اس بوتل کا منہ بند کرکے اپنے مکان میں رکھے ان شاء اللہ دشمن ذلیل وخوارہے گا۔

اگر میاں بیوی میں جھگڑا رہتا ہو تو باوضو اس سورۃ کو لکھ کر شیشی میں بند کرکے مظلوم اپنے پاس رکھے تو ظالم ظلم و زیادتی سے باز رہے اور خداتعالیٰ کے فضل وکرم سے دونوں میں اتفاق قائم ہوجائے گا۔

خواص سورۃ لقمان(۳۱)

اگر کسی شخص کے پیٹ میں شدید درد ہو یا پیٹ کی کوئی بھی بیماری ہوتو سورۃ لقمان کو سات بار پڑھ کر پیٹ پر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ پیٹ کا درد جاتا رہے گااور پیٹ کے مرض سے صحت حاصل ہوگی۔

ہر بیماری سے صحت کیلئے باوضوتین بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے ان شاءاللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔

اگر کوئی شخص ہر وقت دریا یا سمندر کے سفر پر رہتا ہےتو اگر سفر کرنے سے قبل ایک مرتبہ اس سورۃ کو پڑھ لے تو ان شاء اللہ تعالیٰ بخیروعافیت اپنے مقام پر واپس ہوگا اورسفر میں ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔

اگر کسی شخص کے پیٹ میں ہمیشہ درد رہتا ہواور اس بیماری سے پریشان ہوتوسورۃلقمان کا نقش باوضو لکھ کر پیٹ پر باندھے اورسورۃلقمان ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرلیا کرے ان شاء اللہ اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

خواص سورۃالسجدہ(۳۲)

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور کسی طرح صحت بحال نہ ہوتی ہو تو باوضو سات بار سورۃالسجدہ کو پڑھے اور بیمار پر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ بیمار صحت یاب ہوگا۔

اگر کسی شخص کو مختلف امراض نے گھیر رکھا ہو تو اس کیلئے سورۃ السجدہ کو باوضو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے لکھے اور مریض کو پلائے ان شاء اللہ

تمام بیماریوں سے شفاء حاصل ہوگی اور بیمار تندرست ہوجائے گا۔
سورۃ السجدہ کو لڑکیوں کا نصیب کھولنے کیلئے کہ اچھی جگہ رشتہ ہوجائے اکیس مرتبہ روزانہ پڑھے ان شاء اللہ بہت اچھی جگہ رشتہ ہوجائے گا۔

خواص سورۃ الاحزاب(۳۳)

میاں بیوی میں نااتفاقی اور عدم موافقت کو دور کرنے کیلئے سورۃ الاحزاب کا باوضو پڑھنا بہت کارآمد ہے۔ان شاء اللہ اس کے پڑھنے سے اہلِ خانہ میں محبت واتفاق پیدا ہوجائے گا۔
اگر کوئی ظالم شخص کسی مجبور وبے کس پر ناحق ظلم کرتاہے اور ظلم وتعدی سے باز نہیں آتا تو سورۃالاحزاب کو باوضوسات بار پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی اور ظالم مطیع وفرماں بردار ہوگا۔
اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو یا بات لگ کر چھوٹ جاتی ہو یا باربار شادی میں رخنہ پڑجاتا ہو تو سورۃ احزاب باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے لڑکے کے دائیں بازو پر اور لڑکی کے بائیں بازو پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ بخت کھلے گااور اچھی جگہ رشتہ ہوجائے گا۔اور جملہ رکاوٹیں دورہوجائیں گی۔

خواص سورۃ سبا(۳۴)

اگر کسی کے دشمن ناحق ستاتے ہوں اور ہروقت تکلیف پہنچانے کا بہانہ ڈھونڈتے رہتے ہوں تو ان کیلئے روزانہ باوضو دس بار سورۃ سبا پڑھی جائے تاکہ دشمن دفع ہو اوراس کے ظلم سے نجات حاصل ہو۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس سورۃ کا پڑھنے والا ظلم سے محفوظ رہے گا۔
اگر کوئی شخص سورۃ سباباوضو سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے سفید کپڑے میں لپیٹ کراپنے داہنے بازو پر باندھے تو اللہ کے فضل وکرم سے ہر قسم کے موذی جانوروں سے حفاظت رہے گی۔

خواص سورۃ فاطر(۳۵)

اگر کسی حاکم کو درخواست دینی ہے یا ملازمت یا کسی اور کام کیلئے عرضی پیش کرنی ہے تو چاہیے کہ باوضو ہوکر سورۃ فاطر کو ۷۵بار پڑھے اور درخواست پر انگلی

سے بغیر روشنائی کے اپنا مطلب لکھے اور درخواست حکام کو بھیج دے۔ان شاء اللہ اس کی درخواست منظور ہوگی۔مطلب حاصل ہوگا۔

سورۃ یٰسین (۳۶)

مشکلات و تکالیف آفات وبلیات سے نجات اور اہم مقاصد میں کامیابی کیلئے سورۃ یٰسین باوضو اس طرح پڑھے کہ ہر مبین پر یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ گیارہ دفعہ پڑھے اور جب کلمہ "کُن" اِذَآ اَرَادَشَیْأً اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ پڑھے تو یَااللّٰہُ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُّ یَافَتَّاحُ پڑھ کر ختم کردے ان شاء اللہ تمام تکالیف کا ازالہ ہوجائے گا۔

باوضو سورۃ یٰسین پڑھ کر سرمہ پر دم کرکے آنکھوں میں روزانہ بلاناغہ لگایا کرے ان شاء اللہ موتیا دور ہوجائے گا۔

سورۃ یٰسین روزانہ باوضو بعد نماز عشاء سات بار پڑھے یہ عمل قرض کی ادائیگی کیلئے اکسیر ہے۔ان شاء اللہ جلد ہی قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃ یٰسین عرق گلاب میں زعفران حل کرکے اس سے باوضو لکھیں اور عرق گلاب میں حل کرکے اکتالیس دن پئیں۔ان شاء اللہ بھول چوک کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃ یٰسین کو باوضو اس ترکیب سے پڑھے پہلے مبین سے لوٹ کر دوبارہ پڑھنا شروع کرے جب دوسرے مبین پر پہنچے تو پھر لوٹ کر شروع سے پڑھے اسی طرح ساتویں مبین پر پہنچے تو لوٹے بغیر سورۃ ختم کرلے پھر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے بارش کا پانی میسر آجائے تو بہتر ہے ورنہ جو پانی مل جائے اس پر دم کرے اور مریض کو پلائے یہ عمل گیارہ روز تک بلاناغہ کرے ان شاء اللہ دل کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

جس عورت کا دودھ ختم ہوجائے اور بچہ بھوکا رہتا ہو تو یٰسین باوضو کسی چینی کی پلیٹ پر یا کاغذ پر لکھے اور پانی میں گھول کر عورت کو پلائے ان شاء اللہ عورت کا دودھ زیادہ اور بچہ سیر ہوگا۔

دل کی سختی دور کرنے اور دل میں نرمی اور شفقت پیدا کرنے، گناہوں سے

بچنے اور بزرگوں کی نصیحت پر عمل کرنے کیلئے سورۃ یٰسین باوضو کسی چینی کی پلیٹ یا کاغذ پر لکھے اور اس شخص کو پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کا دل نرم ہو گا نماز روزہ کی توجہ ہو گی اور بزرگوں کی نصیحت پر عمل کرنے کیلئے دل آمادہ ہو گا۔

خشک سالی سے نجات اور بارانِ رحمت طلب کرنے کیلئے باوضو سورۃ یٰسین ۷۵ بار یا اکتالیس بار پڑھے ان شاء اللہ بارانِ رحمت خوب برسے گی اور فصل اور کھیتی خوب سیراب ہو گی۔

اگر کوئی شخص قید میں ہو اور اس کی رہائی ناممکن یا مشکل ہو تو باوضو ۷۵ بار سورۃ یٰسین پڑھے اور اکیلا نہ پڑھ سکتا ہو تو چند آدمی مل کر پڑھ لیں ان شاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد ہی قید سے رہا ہو گا۔

ایک بار صبح وشام اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھے گا تو رضا اور محبت نصیب ہو گی اور شفا کیلئے پڑھے گا تو شفا نصیب ہو گی اگر ایمان کی سلامتی کیلئے پڑھے گا تو ایمان سلامت رہے گا۔ اگر دفع سکرات الموت (یعنی نزع کے وقت) کے لئے پڑھے گا تو آسانی نصیب ہو گی۔

دولت کے حصول کیلئے سہ بار روزانہ پڑھتا رہے دولت مند ہو جائے گا اور دفعِ دشمن کیلئے پڑے گا تو دشمن دفع ہوں گے جس کام کیلئے پڑھے گا وہ کام آسان ہو جائے گا۔

جو شخص سورۃ یٰسین کا ورد صبح وشام رکھے گا بھوکا ننگا نہ رہے گا۔

دشمن کو ہلاک کرنے کیلئے کچی اینٹوں کے ٹکڑوں پر سورۃ یٰسین سات بار پڑھ کر دم کریں اوران ٹکڑوں کو جنازہ کی طرح کپڑے میں لپیٹ کر بہتے پانی میں ڈال دیں۔ جب وہ ٹکڑے پانی میں گل جائیں گے دشمن بھی ہلاک ہو جائے گا۔

نوٹ: غیر شرعی طور پر اس وظیفے کو کرنے والا نقصان کا خود ذمہ دار ہو گا۔

سورۃ الصّٰفّٰت (۳۷)

سورۃ الصّٰفّٰت سات بار باوضو پڑھے تو ان شاء اللہ اس کی روزی میں برکت ہو گی اور اس کی روزی فراخ ہو گی۔

سورۃ ص(۳۸)

اگر کوئی شخص دشمنوں سے پریشان ہوتو سورۃ ص کو باوضو سات بار پڑھ کر دعا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوں گے اور ان کے شر سے ہر طرح محفوظ رہے گا۔

سورۃ الزمر (۳۹)

اگر کوئی شخص چاہے کہ کھوئی ہوئی عزت دوبارہ حاصل ہوتو اسے چاہیے کہ روزانہ باوضوسات بار سورۃ الزمر پڑھے ان شاء اللہ عزت دوبارہ حاصل ہوگی۔

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے مال میں برکت ہواوراس کامال خوب بڑھے تواسے چاہیے کہ روزانہ باوضوے بارسورۃالزمر پڑھے ان شاء اللہ مال میں اضافہ ہوگا۔

سورۃ المومن(۴۰)

اگر کسی کو کوئی بڑی اہم مہم درپیش ہواور وہ حل نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ سورۃالمومن کوایک سومرتبہ باوضوپڑھے یا چند آدمی مل کر پڑھ لیں اور دعا کریں ان شاء اللہ تعالیٰ کتنی ہی بڑی مشکل ہواللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حل ہوگی اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

جس شخص کو پھوڑے پھنسی نکلے ہوں یا کوئی شخص بیمار ہوتوسورۃ المومن کو ایک بارباوضوروزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرےاور پانی پر دم کرکے پی لے یا اگر کوئی دوسرا شخص بیمار ہو تو اس کو پڑھ کر دم کردیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بیماری سے صحت ہوگی۔

سورۃ حم سجدہ(۴۱)

اگر کوئی مشکل پیش آگئی ہو یا کوئی اہم حاجت پیش آگئی ہو یا کسی مقصد میں ضرور کامیابی چاہیے ہو تو باوضو نماز فجر کے بعد سات بار سورۃ حم سجدہ پڑھے ان شاء اللہ مشکل حل ہوگی۔حاجت پوری ہوگی اور مقصد میں کامیابی ہوگی۔

جس شخص کی آنکھ میں کوئی تکلیف ہویاناخونہ ہویا ظفرہ ہو یا پھولا وغیرہ ہوتو باوضو پوری سورۃ حٰم سجدہ لکھ کر بارش کے پانی میں گھول کر اس کا پانی آنکھ میں لگائے یا اس پانی میں سرمہ پیس کر آنکھوں میں لگاتا رہے ان شاء اللہ سفیدی زائل ہوگی اور آنکھوں میں تکلیف سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃ الشوریٰ(۴۲)

اگر کسی شخص کو دشمن کا خوف ہوتواسے چاہیے کہ باوضو سورۃ الشوریٰ روزانہ بعد نماز فجر تین بار پڑھے ان شاء اللہ دل سے دشمن کا خوف نکل جائے گا۔

اگر کوئی شخص ظالم کے پھندے میں پھنس گیا ہوتو اسے چاہیے کہ باوضو روزانہ نماز فجر کے بعد ایک بار سورۃ الشوریٰ پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمنوں پر غالب رہے گا اور ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔اسی طرح اگر باوضو اس سورۃ کو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال دے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رکھے گا۔

سورۃ الزخرف(۴۳)

اگر کوئی شخص مقصد میں کامیابی چاہتا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ من کی مراد پوری ہوتواسے چاہیے کہ مقصد حاصل ہونے تک روزانہ باوضو آٹھ مرتبہ سورۃ الزخرف پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

سورۃ الدخان(۴۴)

ہر قسم کی بلاؤں سے نجات کیلئے سورۃ الدخان تیر بہدف ہے۔باوضو چند آدمی مل کر پچاس مرتبہ پڑھ لیں ان شاء اللہ مکان ہر قسم کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

بعض دفعہ مرنے والے کی جان اٹک جاتی ہے اور موت نہیں آتی ایسی صورت میں چند آدمی مل کرپچاس مرتبہ باوضو سورۃ الدخان پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں یااس کے چہرے پر وہ پانی ملیں ان شاء اللہ آسانی سے روح قبض ہوگی۔

خواص سورۃ الجاثیہ (۴۵)

اس سورۃ مبارکہ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بچوں کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ بچے جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہیں گے۔

سورۃ احقاف (۴۶)

اگر بارش نہ ہوتی ہو اور کھیتی پانی نہ ہونے کے سبب سوکھ رہی ہوتو اللہ تعالیٰ

سے بارش طلب کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ چند دن باوضو تیرہ بار سورۃ الاحقاف پڑھے ان شاء اللہ بارش ہو گی۔

سورۃ محمد (۴۷)

اگر کسی کو کوئی مشکل مہم پیش آگئی ہو تو سورۃ محمد کو اکتالیس مرتبہ چند دن پڑھے۔ اگر اکیلا یا چند آدمی مل کر باوضو پڑھ لیں تو ان شاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

جو شخص یہ چاہے کہ اس کی عزت بڑھے اور لوگ اس کی عظمت کو تسلیم کریں تو اس سورۃ کو مشک و زعفران سے لکھ کر گھول کر پی لے۔

سورۃ الفتح (۴۸)

ہر قسم کی کامیابی اور دشمن پر فتح حاصل کرنے کیلئے سورۃ الفتح باوضو اس طرح پڑھے کہ اوّل و آخر درود شریف اکہتر اکہتر بار درمیان میں تین تین بار سورۃ الفتح اور سورۃ النصر پڑھے ان شاء اللہ ہر قسم کی کامیابی حاصل ہو گی اور دشمن پر غلبہ حاصل ہو گا۔

جو شخص رمضان المبارک کا چاند دیکھ کر اس کے سامنے کھڑے ہو کر باوضو تین بارہ سورۃ الفتح پڑھے تو بفضلہٖ تعالیٰ سال بھر امن و امان سے رہے گا اور ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ الحجرات (۴۹)

اگر سورۃ الحجرات کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے حاملہ عورت کے گلے میں باندھ دے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے حاملہ کا حمل قائم رہے گا اور بچہ صحت مند و تندرستی سے پیدا ہو گا۔

اگر کسی کا مادہ منویہ پتلا ہو گیا ہو اور جریان منی کی شکایت ہو تو روزانہ باوضو سورۃ الحجرات تین بات پڑھے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے اور اکتالیس دن تک یہ عمل جاری رکھے ان شاء اللہ صحت ہو گی۔

سورۃ ق (۵۰)

پیٹ کی تمام بیماریوں کیلئے باوضو سورۃ ق کو لکھے اور پانی میں گھول کر چند دن میں وہ پانی پئے ان شاء اللہ تعالیٰ پیٹ کی جملہ بیماریوں سے نجات حاصل ہو گی۔

پاگل پن اور دیوانگی دور کرنے کیلئے سورۃ ق کو باوضو لکھے اورپانی میں گھول کر مریض کو پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے خوف ڈراوردیوانگی سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃ الذّاریات(۵۱)

اگر کسی ملک یا بستی میں قحط پڑگیا ہواور لوگ بھوک کی وجہ سے پریشان ہوں توچند آدمی مل کر سورۃ الذّاریات ستّر مرتبہ روزانہ ایک وقت میں پڑھ لیا کریں جب تک قحط ختم نہیں ہو جاتاپڑھتے رہیں۔

سورۃ الطّور(۵۲)

روزانہ رات کو تین بار سورۃ الطّور باوضو پڑھنے سے جذام اور کوڑھ کے مرض سے محفوظ رہے گا اور اگر خدانخواستہ بیماری کے آثار شروع ہوچکے ہوں تو جلد ہی نجات حاصل ہوگی۔

اگر کوئی مسافر سفر کے دوران اس سورۃ کوایک بارروزانہ پڑھ لیا کرے توان شاء اللہ ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا اور بحفاظت گھر واپس پہنچے گا۔

سورۃ النجم (۵۳)

سورۃ النجم ۲۱بار پڑھنا ہر قسم کی مراد پوری ہونے کیلئے اکسیر ہے۔

سورۃ القمر(۵۴)

مقبولیت عامہ کیلئے سورۃ القمر باوضو ظہر کے وقت لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے۔

سورۃ الرحمٰن(۵۵)

خسرہ یا چیچک کی وباء پھیل رہی ہوتو اس سے حفاظت کیلئے مونگ یا لونگ پر سورۃ الرحمٰن تین بار باوضو پڑھے اور دم کرے ان لونگوں میں سے تین یا پانچ یا سات لونگ لے کر پانی سے نگل لے ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔

سورۃ الواقعہ(۵۶)

روزانہ مغرب کے بعد سورۃ الواقعہ پڑھنے سے فاقہ سے نجات حاصل ہوگی اور خوشحالی نصیب ہوگی۔اگر بارش نہ ہوتی ہوتو روزانہ سات بار پڑھ کر دعا کریں۔

سورۃ الحدید (۵۷)

ہر قسم کی رکاوٹ دور کرنے اور ہر قسم کی بیماری کے لئے سورۃ الحدید تین بار پڑھے اوردعا کرے اور مریض کے چہرے پر پانی کے چھینٹے مارے اور اسے پلائے۔

سورۃ المجادلہ (۵۸)

مایوس العلاج مریضوں کیلئے بعد نماز عصر سورۃ المجادلہ تین بار پڑھ کر ہر دفعہ مریض پر پھونکیں یہ عمل ۴۰ روز تک کریں۔

سورۃ الحشر (۵۹)

نسیان کیلئے سورۃ الحشر کو باوضو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر بارش کے پانی سے حل کرکے وہ پانی پی لے نسیان کا مرض دور اور حافظہ قوی ہو گا۔

سورۃ الممتحنہ (۶۰)

اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے شرعی عذر کی وجہ سے طلاق لینا چاہتی ہواور خاوند اس کو طلاق نہ دیتا ہوتو وہ عورت سورۃ الممتحنہ کو گیارہ روز تک روزانہ باوضو گیارہ بار پڑھے۔

اگر کوئی شخص شیطانی کاموں میں مبتلا ہے تو اسے چاہیے کہ روزانہ پانچ بار سورۃ الممتحنہ پڑھے۔ان شاء اللہ وہ گناہوں سے باز آجائے گا۔

سورۃ الصّف (۶۱)

اہل خانہ اور اولاد کو مطیع اور فرمانبردار بنانے کیلئے ۷۰ بار سورۃ الصّف پڑھے۔

سورۃ الجمعۃ (۶۲)

میاں بیوی میں اُلفت و محبت قائم کرنے اور جھگڑے ختم کرنے کیلئے جمعہ کے دن ۳ بار یہ سورۃ پڑھے اور دعا کرے۔ان شاء اللہ محبت قائم ہوجائے گی۔

سورۃ المنافقون (۶۳)

جو کوئی شخص اس سورۃ کو روزانہ باوضو پڑھ کر سوئے ان شاء اللہ اس کے دشمن ہمیشہ ذلیل و خوارہوں گے اور اسے نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

سورۃ التغابن (۶۴)

زیور، سونا، چاندی، مال اور روپیہ رکھ کر باوضو سات بار سورۃ التغابن پڑھ کر پھونک دیں ان شاء اللہ کوئی چور اور ڈاکو اس کو چوری نہیں کرسکے گا۔

سورۃ الطلاق (۶۵)

تین دن تک باوضو تین بار روزانہ پڑھ کر شدید زخموں پر دم کرنا خدا کے فضل سے زخموں کو جلد اچھا کرتا ہے۔

سورۃ التحریم (۶۶)

جو عورت ہمیشہ روزانہ باوضو سورۃ تحریم پڑھے گی ان شاء اللہ اس کا خاوند اسے ہمیشہ راحت و آرام سے رکھے گا اور اس کی اولاد تابع فرمان ہوگی۔

سورۃ الملک (۶۷)

اولاد کیلئے بوقت تہجد دو رکعت نفل اکتالیس روز تک اس طرح پڑھے کہ دونوں رکعت میں سورۃ الملک کی تلاوت کرے ان شاء اللہ اولاد ہوگی۔

آخرت میں کامیابی اور عذاب قبر سے نجات کیلئے روزانہ ایک بار بعد نماز عشاء سورۃ الملک کی تلاوت کریں۔

سورۃ القلم (۶۸)

۷۰ بار سورۃ القلم پڑھنے سے چغل خور اور برا کہنے والوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ الحاقہ (۶۹)، سورۃ المعارج (۷۰)، سورۃ نوح (۷۱)

دشمن کے شر سے بچنے کیلئے ہفتے کی صبح بعد نماز فجر ۲۱ بار سورۃ الحاقہ پڑھیں۔

بری موت سے بچنے کیلئے عصر کی نماز کے بعد سورۃ نوح پڑھیں۔

سورۃ الجن (۷۲)

قیدی اگر سورۃ الجن کو روزانہ پڑھے تو اسے رہائی نصیب ہوگی۔ اور آسیب زدہ کو دم کرکے پلانے سے افاقہ ہوگا۔

سورۃ المزّمّل(۷۳)

جس گھر میں فاقہ رہتا ہوروزانہ بعد نماز عشاء ایک بار سورۃ مزمل پڑھیں ان شاء اللہ گھر میں برکت ہوگی۔

جس کے بچے مرجاتے ہوں تو سات بار باوضو سورۃ مزمل پڑھ کر چھالیہ پر دم کرکے اس میں سوراخ کرکے بچے کے گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ بچے کی عمر درازہوگی۔

سورۃ المدّثّر (۷۴)

محتاجی دور کرنے کے لئے اس سورۃ کو روزانہ ایک بار پڑھیں۔

سورۃ القیامہ (۷۵)

تسخیر خلائق کیلئے اس سورۃ کو روزانہ سات بار پڑھیں۔

سورۃالدّہر(۷۶)

۷بارروزانہ اس سورۃ کی تلاوت کرنے سے دشمنوں کے شر سے حفاظت ہوگی۔

سورۃ المرسلات (۷۷)

اگر کسی کا سانس پھولتا ہویا برے خواب دیکھتا ہوتواس سورۃ مبارکہ کو دم کرکے پینے سے افاقہ ہوگا۔

سورۃ النبا(۷۸)

سورۃ النبا کا بعد از نماز عصر پڑھنا دل میں ایمان اورنور پیدا کرتاہے۔

سورۃ النازعات(۷۹)سورۃعبس(۸۰)سورۃ التکویر(۸۱)

جو شخص روزانہ ۲۱بارسورۃ النازعات پڑھے گا وہ موت کی تلخی سے محفوظ رہے گا۔خاتمہ بالایمان ہوگا۔

ہر قسم کی رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے سورۃ التکویر کو ۲۱بار تلاوت کریں۔

سورۃ الانفطار (۸۲)

سحر اور جادوکسی مکان میں دفن ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس سورۃ کو ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اورپورے مکان کی دیواروں پر چھڑکیں ان شاء اللہ خواب میں جگہ معلوم ہوجائے گی۔

سورۃ المطففین (۸۳)

۷۰ ستّر بار یہ سورۃ پڑھنے سے بچے کی باآسانی ولادت ہوگی۔

سورۃ الانشقاق (۸۴)

اگر کسی کو بچھو نے ڈنگ ماردیا ہو اور زہر کے سبب تکلیف ہو تو یہ سورۃ دم کریں۔

سورۃ البروج (۸۵)

دشمنوں کے شر سے بچنے کیلئے پانچ ۵ بار روزانہ پڑھیں۔

سورۃ الطارق (۸۶)

جس گھر میں سانپ بچھو یا شیاطین ہوں تو یہ سورۃ لکھ کر لگانے سے وہ گھر محفوظ ہوجائے گا۔

سورۃ الاعلیٰ (۸۷)

بواسیر کیلئے روزانہ ایک بار پڑھ کر پینے سے مرض ختم ہوجاتا ہے۔

سورۃ الغاشیہ (۸۸)

جس کی ہچکی بند نہ ہوتی ہو تو یہ سورۃ باوضو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

سورۃ الفجر (۸۹)

جو شخص چاہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہو تو اس سورۃ کو ۱۰۰ بار پڑھ کر دعا کرے۔

سورۃ البلد (۹۰)

جو شخص درد گردہ کا مریض ہو اس سورۃ کو روزانہ گیارہ بار پڑھ کر دم کرکے پیئے۔

سورۃ الشمس (۹۱) سورۃ اللیل (۹۲)

کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو اس کی سلامتی کیلئے سورۃ اللیل کو ہرن کی کھال پر لکھ کر درخت پر لٹکائیں ان شاء اللہ جلد واپس آجائے گا۔

سورۃ الضحیٰ (۹۳)

بھولی ہوئی چیز کو یاد کرنے کیلئے اس سورۃ کی تلاوت کریں۔

سورۃ الانشراح (۹۴)

جو شخص سات روز تک ہر نماز کے بعد سات بار اس سورۃ کی تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی بے چینی دور فرمادیں گے۔

سورۃ التّین (۹۵)

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے گھر خوبصورت لڑکا پیدا ہو تو حمل کی ابتداسے ۹ ماہ تک چینی کی طشتری پر سورۃ التّین لکھ کر بیوی کو چٹائے۔

سورۃ العلق (۹۶)

اس سورۃ کا فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سات بار پڑھنا پھر سجدہ کرنا اور سجدے میں حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر سات بار پڑھنا جوڑوں کے درد کو ختم کرتا ہے۔

سورۃ القدر (۹۷)

اگر کسی کو خارش ہوگئی ہو تو اس سورۃ کا دم کرنے سے افاقہ ہوتا ہے۔

سورۃ البیّنہ (۹۸)

یرقان کے مریض کیلئے دم کرکے پلائیں اور گلے میں ڈالیں

سورۃ الزلزال (۹۹)

سونے سے قبل تین بات پڑھنے سے وقت پر آنکھ کھل جاتی ہے۔

سورۃ العادیات(۱۰۰)سورۃ القارعہ(۱۰۱)سورۃ التکاثر(۱۰۲)

ہر مشکل عمل کیلئے سورۃ القارعہ کو۱۰۸بار پڑھنا مجرب ہے۔

دنیا کی محبت کو دل سے نکالنے کیلئے سورۃ التکاثر کو ۳بارروزانہ پڑھیں۔

سورۃ العصر(۱۰۳)سورۃ الہمزہ(۱۰۴)سورۃ الفیل(۱۰۵)

ہر عمل میں کامیابی کیلئے سورۃ العصر کو بعد نماز عصر ۱۰۱بار پڑھ کر دعاکریں۔

اگر کسی ظالم وجابر کے سامنے جاناہوتو سورۃ الھُمَزَہ کو ۲۱بارپڑھ لیا کریں۔

سورۃ القریش (۱۰۶)

اگر کسی کے پیشاب میں خون آتاہوتوجب بھی کھانا کھائے تواس سورۃ کو پڑھ کردم کرلیاکرے۔

سورۃ الماعون(۱۰۷)

دشمنوں کے ناحق مقدمات سے بچنے کیلئے ۳۰دن تک روزانہ گیارہ سو بار اس کی تلاوت کریں۔

سورۃ الکوثر(۱۰۸)

دردسر کیلئے سات بارپڑھ کردم کرنا مجرب ہے۔

سورۃ الکافرون(۱۰۹)

مغرب اورفجر کی سنتوں میں اس سورۃ کی تلاوت خاتمہ بالایمان کاذریعہ ہے۔

سورۃ النصر(۱۱۰) سورۃ اللہب(۱۱۱)

سورۃ اللہب کو ۳۰۰۰بار روزانہ پڑھنے سے دشمن برباد ہو گا۔

سورۃ الاخلاص (۱۱۲)

جوعورت بانجھ ہودس دن روزانہ ۱۰۰۰باراس سورۃ مبارکہ کی تلاوت کرے۔

مُعَوَّذَتَیْن (۱۱۳،۱۱۴)

ہر قسم کے سحر و جادو کوختم کرنے کیلئے ان سورتوں کو ۱۰۰بارپڑھ کردم کریں۔

عمل برائے تسخیر عام وخاص

حکماء، ڈاکٹرز، وکلاء، دکاندار اور تاجر حضرات کیلئے انمول تحفہ

اوّل سورۃالرحمٰن خوب اچھی طرح یاد کرلیں اورروزانہ صبح جب سورج نکلے اور ایک نیزہ بلند ہوجائے تو سورج کی طرف منہ کرکے سورۃالرحمٰن پڑھنا شروع کریں۔جب آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِ پر آئیں تو دائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی سے سورج کی طرف ایک اشارہ کردیں۔

اسی طرح ہرمرتبہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِ پرانگلی سے اشارہ کردیا کریں یہاں تک کہ سورۃ ختم ہوجائے۔یہ عمل چالیس دن تک کریں بعدختم چلہ روزانہ ایک مرتبہ سورۃالرحمٰن پڑھتے رہیں۔یہ عمل روزانہ پانچ منٹ کا ہے ایک ہفتہ بعد آمد مخلوق شروع ہوجاتی ہے لیکن یہ زکوٰۃ ہے آپ التفات نہ کریں اور آنے والوں کو کمال اخلاق سے بٹھایا کریں اور خوش مزاجی سے پیش آئیں۔ایک چلہ میں عام مخلوق کی آمد،دوسرے چلہ میں خاص لوگوں کی آمد،تیسرے چلہ میں رئیسوں کی آمد،چوتھے چلہ میں رات دن مخلوق کا ہجوم لگارہتا ہے۔اگر تجارتی کاروبار ہے سب خریداری کریں گے۔اور ہر شخص دکان کی طرف خودبخود کھنچ کر آئے گا۔عجیب وغریب صفات کا عمل ہے اگر کسی حاکم یا افسر کے پاس جانا ہے تو ایک بارسورۃالرحمٰن پڑھ کر جائیں اگرزیادہ وقت نہ ہوتو تین بارفَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِ پڑھ لیا کریں پھر سلام کریں افسر کمال خوش اخلاقی سے پیش آئے گا۔ان شاء اللہ

آیات السکینۃ کی تلاوت دل کے سکون واطمینان کی دوا

حافظ ابن القیم رحمہ اللہ اپنی کتاب(مدارج السالکین-منزلۃ السکینۃ-2 /502 میں فرماتے ہیں کہ اللہ سبحانہ وتعالی نے السکینۃ کا(لفظ)اپنی کتاب میں چھ جگہ ذکر کیاہے،

- اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم

1. وَ قَالَ لَهُمْ نَبِیُّهُمْ اِنَّ اٰیَةَ مُلْكِهٖۤ اَنْ یَّاْتِیَكُمُ التَّابُوْتُ فِیْهِ سَكِیْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ بَقِیَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَ اٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓىٕكَةُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۲۴۸﴾ البقرۃ

2. ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾ التوبۃ

3. اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَ اَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَ جَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۰﴾ التوبۃ

4. هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۴﴾ الفتح

5. لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَ اَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ الفتح

6. اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَ كَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَ اَهْلَهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾ الفتح

حافظ ابن القیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ شیخ الإسلام ابن تیمیۃ رحمہ اللہ کو جب مشکل اور سختی والے امور پیش آتے تو آپ آیات السکینۃ پڑھتے تھے

حافظ ابن القیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے بھی دل کے اضطراب و پریشانی میں ان آیات کو آزمایا ہے اور میں نے دل کے سکون واطمینان میں ان آیات کی ایک عظیم تاثیر دیکھی ہے ابن القیم رحمہ اللہ " السکینۃ " کے شرح فرماتے ہیں کہ یہ منزلۃ ومرتبہ خاص اللہ تعالی کی طرف سے عطا کی ہوئی منازل ومراتب میں ہے یہ کسبی منازل میں سے نہیں ہے ، یعنی اپنے عمل وکوشش سے یہ مرتبہ حاصل نہیں ہوتا بلکہ خاص اللہ تعالی کا عطیہ ہے اور " السکینۃ " کا معنی ہے اطمینان و وقار اور وہ خاص سکون جس کو اللہ تعالی اپنے کسی بندہ کے دل میں اضطراب وخوف وپریشانی کے وقت ڈالتے ہیں حاصل یہ کہ کسی بھی قسم کی پریشانی غم وخوف واضطراب و تنگی اگر پیش آئے تو ان آیات کی تلاوت کرنا سکون واطمینان کے حصول کا مُجرب ذریعہ ہے

یہ آیات روزانہ تین مرتبہ یا پانچ یا سات مرتبہ پڑھے ، اور بہتر یہ ہے کہ کلمہ السکینۃ کو تین مرتبہ تکرار کے ساتھ پڑھے۔

درود شریف
سے
مشکلات کا
حل

درود شریف کی فضیلت وبرکات

درود شریف کی فضیلت و برکات اس قدر ہیں کہ تمام مشکلات اور مصائب کا حل اس کے ورد میں مضمر ہے اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن پاک میں کسی عمل کی تلقین کے بارے میں یہ نہیں فرمایا کہ میں یہ کام کرتا ہوں لہٰذا تم بھی کیا کرو مگر درود شریف کے بارے میں قرآن پاک کی سورۃ الاحزاب آیت ۵۶ میں خاص طور پر فرماتے ہیں کہ:

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

(اللہ پاک اور اس کے فرشتے آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں پس اے ایمان والو! تم بھی ان (نبی کریم ﷺ) پر درود و سلام بھیجو) سبحان اللہ کتنا عظیم ذکر ہے جس کے ذاکر خود اللہ پاک ہیں اس بات پر غور کریں تو یہ نتیجہ سامنے آتا ہے کہ درود شریف اللہ پاک کی بارگاہ میں قبول ہی قبول ہے تو جس دعا کے اوّل آخر درود شریف پڑھا جائے گا وہ دعا کیوں نہ قبول ہوگی۔ حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ دعا آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتی ہے اور اس کا کچھ حصہ اوپر نہیں چڑھتا جب تک کہ تو اپنے نبی کریم ﷺ پر درود پاک نہ بھیجے۔

درود شریف کے فضائل ومناقب اور احکام اتنے زیادہ ہیں کہ اس پر مفصل اور مختصر سینکڑوں کتابیں (بلامبالغہ) لکھی جاچکی ہیں۔ انہی مستند ومعتبر کتب سے منتخب کی گئی چند احادیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں کہ جن میں درود شریف کی فضیلت وبرکات کا بیان ہے۔

حضرت ابو طلحہؓ فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور نبی کریم ﷺ خوش وخرم تشریف لارہے تھے، ارشاد فرمایا: میرے پاس حضرت جبرائیلؑ تشریف لائے اور کہا یارسول اللہ ﷺ کیا آپ اس بات راضی نہیں کہ آپ کا کوئی امتی آپ ﷺ پر ایک بار درود پاک پڑھے تو میں اس پر دس بار درود پاک پڑھوں، آپ ﷺ کا امتی آپ ﷺ پر ایک بار سلام پڑھے اور میں اس پر دس بار سلام پڑھوں۔

حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس کے اسی سال کے گناہ معاف فرمادے گا۔

حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرا جو امتی خلوص دل کے ساتھ مجھ پر درود شریف پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درود بھیجے گا۔اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھے گا اس کے دس درجات بلند ہوں گے اور دس برائیاں مٹادی جائیں گی۔

ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر روز سومرتبہ درددشریف پڑھے اس کی سو حاجات پوری کی جائیں گی، جن میں سے تیس دنیا میں اور باقی آخرت میں پوری کی جائیں گی۔

بیہقیؒ نے لکھا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشادفرمایا کہ جو شخص میری قبر پر درودپاک پڑھتا ہے اس کو میں خود سنتا ہوں اور جو مجھ سے فاصلے پر پڑھتا ہے وہ میرے پاس(فرشتوں کے ذریعے)پہنچادیاجاتاہے۔

اسی طرح بے شمار احادیث مبارکہ سے درودشریف کی برکات ثابت ہیں مگر یہاں ہم درج بالاپر ہی اکتفا کرتے ہیں۔اللہ پاک مجھے اور آپ کو درود شریف کی کثرت نصیب فرمائے۔آمین ثم آمین یارب العالمین

حضور ﷺ کی شفاعت واجب ہوجائے

۱۔ حضرت رویفعؓ بن ثابت انصاریؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا جو شخص اس طرح کہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ط

تو اس پر میری شفاعت واجب ہوجاتی ہے۔

۲۔ یہ درود شریف حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مرفوعاً مروی ہے اورایک حدیث میں ہے کہ جو شخص میرے لئے وسیلہ کی دعا کرے گااس پر میری شفاعت اترے گی یعنی محقق ہوجائے گی۔دوسری جگہ ارشاد ہے کہ واجب ہوجائے گی۔

تریاق مجرب

صلحاء میں سے ایک صاحب نے حضرت شیخ شہاب الدین ابنِ ارسلان (جو بڑے زاہد اور عالم تھے) کو خواب میں دیکھا اور ان سے اپنے مرض کی شکایت اور تکلیف کہی، تو انہوں نے فرمایا: تو تریاق مجرب سے کہاں غافل ہے یہ درود شریف پڑھا کر۔ خواب سے اٹھنے کے بعد ان صاحب نے کثرت سے اس درود کو پڑھا اور ان کا مرض زائل ہوگیا۔ (تمام وبائی اور موذی امراض کے لئے مجرب ہے)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

مال میں برکت ہوگی

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جس شخص کو منظور ہو کہ میرا مال بڑھ جائے وہ یوں کہا کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا اعزاز

روضۃ الاحباب میں امام اسماعیل بن ابراہیم مدنی سے مروی ہے کہ انہوں نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو انتقال کے بعد خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ وہ بولے مجھے بخش دیا اور حکم دیا کہ مجھ کو تعظیم واحترام کے ساتھ بہشت میں لیجاویں اور سب برکت ایک درود کی ہے جس کو پڑھا کرتا تھا میں نے پوچھا وہ کونسا درود؟ فرمایا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ط
(حاشیہ حصن الحصین)

ہر مصیبت سے نجات کیلئے

مناہج الحسنات میں ابن فاکہانی کی کتاب فجر منیر سے نقل کیا ہے کہ ایک بزرگ شیخ صالح موسیٰ ضریر تھے انہوں نے اپنا گزرا ہوا قصہ مجھ سے بیان کیا کہ ایک جہاز ڈوبنے لگا میں اس میں موجود تھا اس وقت مجھ کو غنودگی سی ہوئی اس حالت میں رسول اللہ ﷺ نے مجھ کو یہ درود تعلیم فرماکر ارشاد فرمایا کہ جہاز والے اس کو ہزار بار پڑھیں ہنوز تین سو بار تک نوبت پہنچی تھی کہ جہاز نے نجات پائی وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

فائدہ: حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے زادالسعید کے حاشیہ پر اس درود شریف کا کثرت سے پڑھنا اور مکان میں لکھ کر چسپاں کرنا تمام امراض وبائیہ ہیضہ و طاعون وغیرہ سے حفاظت کیلئے اور مجرب لکھا ہے اور یہ کہ قلب کو عجیب اطمینان بخشتا ہے۔

اس درود شریف کے پڑھنے والے کا

حضور ﷺ نے خصوصی اکرام فرمایا

اس درود شریف کے پڑھنے والے کا حضور ﷺ نے خصوصی اکرام فرمایا اس کو قریب بٹھایا اس پر صحابہؓ کو تعجب ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ صاحب یہ درود پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ ط
(القول البدیع، مختصر حزب الاعظم)

شوہر کے ظلم اور تنگ دستی سے حفاظت کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ ○ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَ مُنْزِلِہٖ مِنْ سَمَآءِ الْقُرْآنِ ○ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ ○

فائدہ: اگر شوہر مارپیٹ اور ظلم وستم کرتا ہو یا کوئی تنگ دستی اور محتاجی کا شکار ہو تو یہ درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب یا عشاء اکہتر ۷۱ بار پڑھ کر دعا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ شوہر بیوی پر مہربان ہو جائے گا اور محتاجی و تنگ دستی سے بھی محفوظ رہے گا۔

دفعِ تکان

بستر پر جاتے وقت سبحان اللہ، الحمد للہ، اللہ اکبر بالترتیب ۳۳، ۳۳ اور ۳۴ بار پڑھیں اور جسم پر دم کریں۔ یہ عمل حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو حضور انور ﷺ نے بتلایا تھا جب آپؓ نے حضور ﷺ سے ایک خادمہ کی خواہش فرمائی تھی۔

حضرت علی مرتضیٰؓ فرماتے ہیں کہ: میں نے اس کا پڑھنا کبھی ترک نہیں کیا، یہاں تک کہ جنگِ صفین کی رات کو بھی نہیں۔

خاص خاص درود شریف کے خاص فضائل
درود شریف کن الفاظ سے پڑھنا چاہئے؟

حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھ سے حضرت کعب رضی اللہ عنہ کی ملاقات ہوئی، وہ فرمانے لگے: میں تجھے ایک ایسا ہدیہ دوں جو مجھے حضور نبی کریم ﷺ

نے عطافرمایا ہے۔میں نے عرض کیا، ضرور مرحمت فرمایئے ۔انہوں نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ یہ تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتلادیا کہ آپ پر سلام کیسے بھیجیں(جیسا کی نماز میں اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ پڑھنے کا حکم ہے)آپ پر درود شریف کن الفاظ کے ساتھ پڑھیں؟آپ ﷺ نے سب صحابہ سے ارشادِ مُبارک فرمایا، کہو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

دل کی گھبراہٹ اور بلڈ پریشر کیلئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ الزَّكِيِّ صَلَاةً تَحُلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتُفَكُّ بِهَا الْكُرَبُ۔

فائدہ: جس کادل خواہ مخواہ گھبرانے لگے اور انجانا خوف طاری ہویا بلڈ پریشر کا مریض ہوتو یہ درود شریف روزانہ بعد نماز مغرب ۳۱۳بار پڑھ کر سینہ میں پھونک لے اور آدھا کپ پانی پر دم کرکے پی لیا کرے تو ان شاء اللہ بہت جلد افاقہ ہوگا اور طمانیت قلب نصیب ہوگی۔امراض قلب میں نہایت اکسیر ہے۔

اسمِ اعظم کی دعاء

ایک مخلص خادم حضرت ابراھیم ادھمؒ کی صحبت میں رہے۔انھوں نے عرض کیا کہ مجھے آپ وہ اسمِ اعظم سکھادیں جس کے ذریعے جو دعاء بھی مانگی جائے،قبول ہو۔حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ یہ کلمات صبح وشام پڑھ لیا کرو جوسائل یہ کلمات پڑھے گا اس کی مراد پوری ہوگی اورجو خوفزدہ پڑھے گا اسے امن ملے گا۔

یَامَنْ لَّہٗ وَجْہٌ لَّا یَبْلٰی وَنُوْرٌ لَّا یَطْفَؤُا وَاسْمٌ لَّا یُنْسٰی وَبَابٌ لَّا یُغْلَقُ وَسِتْرٌ لَّا یُھْتَکُ وَمُلْکٌ لَّا یُفْنٰی اَسْئَلُکَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِجَاہِ مُحَمَّدٍ ﷺ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَتُعْطِیَنِیْ مَسْاَلَتِیْ۔

محبت و مصالحت نادر عمل

از حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ مستفاد از معمولات عزیزی

طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ بَیْنَھُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ

خاصیت:۔ شوہر اور بیوی میں نا موافقت ہو یا شریکوں کے درمیان کسی قسم کا جھگڑا ہو۔ ان کلمات کو شیرینی پر دم کرکے کھلائے نفرت دور ہو کر محبت و مصالحت پیدا ہو گی۔

خاصیت:۔ اگر حاکم خفا ہو۔ اول تین مرتبہ بسم اللہ پڑھے اس کے بعد کٓھٰیٰعٓصٓ کے ہر حرف کو پڑھتا جائے اور بائیں ہاتھ کی انگلی کو کھولتا جائے۔ اس ترکیب کے بعد نظر بچا کر حاکم کی طرف دم کردے ان شاء اللہ تعالیٰ مہربان ہو گا۔

مستقل مزاجی پائیں اور تضیع اوقات سے بچیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ۔ وَکُلَّمَا سَھٰی عَنْہُ الْغَافِلُوْنَ وَعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

فائدہ: جو شخص بھی بعد نمازِ فجر بطور وظیفہ ایک سو بار یہ درود شریف پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو دینی و دنیاوی کاموں میں یکسوئی اور مستقل مزاجی عطا کر دیتے ہیں نیز اس کی برکت سے اوقات ضائع ہونے سے بچ جاتی ہیں اور کاموں میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔

آنکھ کی جملہ تکالیف اور بینائی تیز کرنے کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُہٗ ○ وَالرَّحْمَۃِ لِلْعَالَمِیْنَ ظُھُوْرُہٗ ○ عَدَدَ مَنْ مَّضٰی مِنْ خَلْقِکَ وَ مَنْ بَقِیَ ○ وَمَنْ سَعِدَ مِنْھُمْ وَ مَنْ شَقِیَ ○ صَلَاۃً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِیْطُ بِالْحَدِّ ○ صَلَاۃً لَّا غَایَۃَ لَھَا وَلَا انْتِھَاءَ ○ وَلَا اَمَدَ لَھَا وَلَا انْقِضَاءَ ○ صَلَوَاتِکَ الَّتِیْ صَلَّیْتَ عَلَیْہِ ○ صَلَاۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِکَ ○ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ کَذَالِکَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ۔

فائدہ: اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد یہ درود شریف پڑھ کر انگلیوں پر دم کرے اور آنکھوں پر پھیر لیا کرے تو اللہ تعالیٰ آنکھ کی ایسی تکالیف بھی دور کر دیتے ہیں جس سے ڈاکٹر عاجز آگئے ہوں اور بینائی تیز ہو جاتی ہے۔ آزمودہ ہے۔

ہر قسم کے درد اور لاعلاج بیماری کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَاءٍ ط وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

فائدہ: کسی بھی قسم کے درد اور مرض کیلئے مریض پر یہ درود شریف اس طرح دم کرے اول آخر تین بار یہ درود پڑھے اور درمیان میں سات بار سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھی کو بخش دے اور مریض پر دم کرے تو ان شاء اللہ العزیز فوراً شفاء ہو جائے۔ نیز اگر مریض لاعلاج قرار دے دیا گیا ہو یا بیماری سخت ہو تو یہ درود شریف اول و آخر ایک سو بار پڑھے۔ شوگر اور کینسر جیسے موذی امراض میں نہایت اکسیر پایا ہے۔

قرض سے محفوظ رہنے کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

فائدہ: جو شخص چاہے کہ کبھی قرض دار نہ ہو یا اگر ہو جائے تو جلد نجات پائے اس کو چاہیے کہ بعد نماز ظہر سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو قرض سے بچائیں گے اور اگر مقروض ہوا تو غیب سے قرض کی ادائیگی کا انتظام کر دیں گے اور آخرت میں کسی نعمت کی ناقدری پر پکڑ نہیں ہو گی۔ ان شاء اللہ العزیز

موذی جانوروں سے حفاظت کیلئے

صَلَّی اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَبِحَمْدِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِہٖ وَرَسُوْلِہِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ

فائدہ: اگر کوئی شخص نماز کے بعد سات مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر بدن پر دم کرے تو جن، آسیب اور سانپ بچھو کوئی بھی موذی جانور اس کو تکلیف نہ دے

سکے گا۔اورنہ کوئی ظالم وسرکش اس پر غلبہ پاسکے گانیز کثرت سے اس کا ورد کرنا عجیب حفاظتی حصار کی طاقت رکھتا ہے۔

اولاد کی کامیابی اور عزت کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعَالَمِیْنَ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ ○
صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ ○ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَذَالِكَ۔

فائدہ: اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اور مغرب ۷۱ مرتبہ اور دیگر نمازوں کے بعد سات مرتبہ یہ درود شریف پابندی سے پڑھا کرے تو ان شاء اللہ العزیز اس کو اور اس کی اولاد کو معاشرے میں باعزت مقام حاصل رہے گا۔

۸۰ سال کے گناہ معاف اور ۸۰ سال کی عبادت کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا ط

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضوراکرم ﷺ نے فرمایا مجھ پر درود بھیجنا پل صراط پر گزرنے کے وقت نور ہے اور جو شخص جمعہ کے دن ۸۰ بار مجھ پر درود شریف پڑھے اس کے ۸۰ سال کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔کہا گیا یارسول اللہ!ﷺ آپ پر کس طرح درود شریف پڑھیں؟فرمایا:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ط

(القول البدیع للسخاویؒ)

سب سے افضل حمد اور درود شریف

علامہ ابن المشہرؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ جل شانہ کی ایسی حمد کرے جو سب سے زیادہ افضل ہو جو اس کی مخلوق میں کسی نے (اب تک) نہ کی ہو،اولین واخرین اور ملائکہ مقربین، آسمان والوں اور زمین والوں میں سے بھی افضل ہو اور اسی طرح یہ چاہے کہ حضوراقدس ﷺ پر ایسا درود پڑھے جو ان سب

سے افضل ہو جتنے درود کسی نے پڑھے ہوں اوراسی طرح یہ بھی چاہتا ہو کہ وہ اللہ جل شانہ سے کوئی ایسی دعا مانگے جوان سب سے افضل ہو جو کسی نے (اب تک) مانگی ہوں تو وہ یہ پڑھا کرے:۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا مَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَ اَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ ط

ایک عظیم نیکی کے لکھنے میں فرشتوں کا اللہ سے رجوع کرنا

حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ "اللہ کے بندوں میں سے ایک بندے نے (اللہ تعالیٰ کی اس طرح) تعریف کی:

یَارَبِّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا یَنْبَغِیْ لِجَلَالِ وَجْھِکَ وَلِعَظِیْمِ سُلْطَانِکَ ط

توفرشتے مشکل میں پڑ گئے اور سمجھ نہ سکے کہ وہ اسے کس طرح لکھیں۔تووہ آسمان کی طرف چڑھے اور عرض کیا اے ہمارے پروردگار تیرے بندے نے ایک ایسا جملہ کہا ہے کہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم اس(کے ثواب)کو کس طرح لکھیں۔تواللہ تعالیٰ نے فرمایاکہ اس کلمہ کو اسی طرح سے لکھو جس طرح سے میرے بندے نے کہا ہے یہاں تک کہ میرا بندہ جب مجھ سے ملے گا تو اسے اس کا انعام دوں گا۔(ابن ماجہ،طبرانی،مجمع الزوائد،تفسیر قرطبی،کنزالعمال)

فائدہ: اس روایت سے معلوم ہوا کہ مذکورہ کلمہ پڑھنے کا عظیم ثواب ہے ہمیں اس عمل کو یاد کرکے پڑھتے رہنا چاہیے اللہ پاک ہمیں بھی اس کا بہت بڑا ثواب عطافرمائیں گے۔

اس کا ثواب ستّر فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا۔

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ ط

فائدہ:مشقت میں ڈالنے سے مراد یہ ہے کہ ہزاردن تک اس کاثواب لکھتے لکھتے تھک جائیں گے۔(الترغیب ص ۱۶۴،ج ۳بروایت طبرانی فی الکبیر الاوسط)

صلوٰۃ الحاجت

حضرت امام جعفر صادقؒ نے فرمایا اس عمل کے کرنے سے اللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری کرتے ہیں۔

دو رکعت نماز حاجت پڑھیں اور پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون دس بار اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص دس بار پڑھیں سلام پھیرنے کے بعد دس بار تیسرا کلمہ اور دس بار درود شریف اور دس بار ربنا اٰتنا فی الدنیا اور پھر ہاتھ اٹھا کر درود شریف پڑھیں اور ۱۰۰ بار یارب یارب کہیں اور پھر حاجت کا تذکرہ کریں اور پھر درود شریف پڑھ کر اٰمین کہہ دیں۔

مقاتلؒ سے ایک مجرب دعا منقول ہے جس سے عیسیٰؑ مردوں کو زندہ کرتے تھے جب تو اس دعا کو کو پڑھنا چاہے تو صبح کی نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھ کر ۱۰۰ بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَا قَدِيْمُ يَا دَآئِمُ يَا فَرْدُ يَا اَحَدُ يَا وِتْرُ يَا صَمَدُ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَاِنْ تَوَلَّوْ فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○

پھر جو دعا مانگے قبول ہوگی اگر قبول نہ ہو تو مقاتل کو ملامت کرنا۔

(شمس المعارف صفحہ ۲۶۹)

جس شخص کو کوئی مصیبت درپیش ہو اس کو چاہیے کہ شب جمعہ کو غروب آفتاب کے بعد غسل کرکے اعتکاف میں بیٹھے اور کسی سے کلام نہ کرے یہاں تک کہ عشاء کی نماز پڑھ کر وتر کے آخری سجدہ میں یہ الفاظ یااللہ یارب یاحی یاقیوم بک استغیث یااللہ سو بار کہے اور حاجات مانگے ضرور پوری ہونگی۔

(شمس المعارف ص ۲۶۹)

متفرق
وظائف

جادو کا علاج

جادو کے ربانی علاج کی دو قسمیں ہیں:

پہلی قسم

جس سے انسان جادو سے محفوظ رہتا ہے اس کی تین شرائط یہ ہیں۔

۱۔ تمام فرائض و واجبات کا ادا کرنا اور تمام محرمات کو ترک کر دینا اور تمام گناہوں سے توبہ کرنا۔

۲۔ تلاوت قرآن کریم کی کثرت بایں طور کہ اس کو اپنے معمولات یومیہ میں شامل کر لینا۔

۳۔ دعاؤں، تعوذات اور اذکار مشروعہ سے اپنی حفاظت کرنا۔ مثلاً مندرجہ ذیل دعاؤں کو درج شدہ ترتیب پر پڑھنا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام کو پڑھنا اور ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت اور صبح وشام آیت الکرسی پڑھنا اور سورۃ الاخلاص اور معوذتین کا صبح وشام اور سوتے وقت تین تین مرتبہ پڑھنا اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر کا سو مرتبہ پڑھنا اور صبح و شام اور نماز کے بعد کے اذکار اور سوتے جاگتے گھر میں داخل ہونے، نکلنے، سوار ہونے، مسجد میں داخل ہونے، مسجد سے نکلنے، بیت الخلاء میں جانے اور اس سے نکلنے، مصیبت زدہ کو دیکھتے وقت کی دعاؤں کا پابندی سے پڑھنا۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ان مندرجہ بالا دعاؤں کی پابندی ان اسباب میں سے ہے جو انسان کو (اللہ کے حکم سے) جادو اور نظر بد لگنے اور جنات کے اثر سے محفوظ کر دیتے ہیں۔ اسی طرح ان مذکورہ آفتوں وغیرہ کے آنے کے بعد بھی یہ دعائیں اہم علاج ہیں۔

اگر ممکن ہو تو صبح نہار منہ سات کھجوریں کھانا بھی جادو کیلئے مفید ہے۔اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

مَنْ تَصَبَّحَ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعَ تَمَرَاتٍ عَجْوَةً لَّمْ يَضُرَّهُ فِي ذَالِكَ الْيَوْمِ سُمٌّ وَّلَا سِحْرٌ (بخاری)

عجوہ مدینہ منورہ کی ایک خاص کھجور ہے جو سب سے افضل اور بہتر کھجوروں میں سے ہے۔بہتر یہ ہے کہ یہ کھجوریں مدینہ کے دو حروں کے درمیان پیدا ہونے والی ہوں جیسا کہ مسلم کی روایت میں اس کی تصریح ہے۔لیکن شیخ عبداللہ بن باز رحمہ اللہ (سابق مفتی اعظم مملکت سعودیہ) کا خیال یہ ہے کہ مدینہ کی وہ تمام کھجوریں جن میں یہ خاصیت پائی جاتی ہو ان کا کھانا کافی ہے اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

"جو شخص صبح کو مدینہ کے دونوں پہاڑوں کے درمیان کی سات کھجوریں کھائے۔۔۔"

جیسا کہ شیخ کا خیال ہے کہ اگر کسی نے مدینہ کی کھجوروں کے علاوہ کہیں اور کی سات کھجوریں اس مذکورہ طریقے سے کھالیں تو امید ہے کہ اس کیلئے بھی اسی طرح نافع ہوں گی۔

دوسری قسم جادو چلنے کے بعد جادو کا علاج

۱۔ اس جادو کا نکالنا اور کاٹ کرنا ہے جبکہ اس کی جگہ اور مقام اس طریقہ سے معلوم ہوسکے جو شرعاً جائز ہو اور یہ مسحور کا سب سے بہترین علاج ہے۔

۲۔ (جائز) جھاڑ پھونک ہے۔پھر اس کے بھی بہت سے طریقے ہیں مثلاً

بیری کے سات ہرے پتے لے کر گھوٹے پھر اس میں اتنا پانی ملادے جو غسل کیلئے کافی ہوسکے اور اس پر تعوذ، آیت الکرسی، سورۃ الاعراف کی آیات ۱۱۷ تا ۱۲۲، سورۃ یونس کی آیات ۷۹ تا ۸۲، سورۃ طٰہٰ کی آیات ۶۵ تا ۷۰، سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس پڑھ کر دم کرے اور پھر اس پانی سے تھوڑا سا لے کر تین

مرتبہ پی لے اور باقی پانی سے غسل کرے ان شاء اللہ اس سے جادو کا اثر ختم ہوجائے گا لیکن اگر دوبارہ سہ بارہ ضرورت ہوتو اسی طرح کرتا رہے حتیٰ کہ مرض بالکل ختم ہوجائے۔یہ طریقہ بہت سے لوگوں نے آزمایا ہے اور اللہ نے اس کے ذریعے سے ان کو نفع پہنچایا ہے۔خاص طور پر ایسے آدمی کیلئے زیادہ مجرب ہے جسے سحر کے ذریعے سے اپنی بیوی سے روک دیا گیا ہو۔(الفتح الباری)

سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، سورۃ البقرہ کی آخری دوآیات،سورۃ الاخلاص اور معوذتین کا متاثرہ مقام پر دایاں ہاتھ پھیرتے ہوئے تین مرتبہ پڑھ کردم کرنا بھی انتہائی مفید ہے۔(بخاری و مسلم)

وہ کلمات جن کے روزانہ پڑھنے سے جادو اثر نہیں کرتا

حضرت کعب احبارؒ فرماتے ہیں "لولا کلمات اقولھن لجعلتنی الیھود حمارا" اگر یہ چند کلمات نہ ہوتے جن کو میں پابندی سے پڑھتا ہوں تو یہودی مجھے گدھا بنا دیتے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

أَعُوْذُ بِوَجْهِ اللهِ الْعَظِيْمِ، الَّذِي لَيْسَ شَيْءٌ أَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ، وَبِأَسْمَاءِ اللهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ، مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ

(ص ۲۷۶ معارف القرآن، مؤطا امام مالک)

جادو کے توڑ کیلئے جامع دعائیں

۱۔ سات مرتبہ یہ دعا پڑھ کر مریض پر دم کریں ان شاء اللہ شفایاب ہوگا۔

أَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ أَنْ يَّشْفِيَكَ (ترمذی)

۲۔ مریض خود اپنے جسم کے متاثرہ مقام پر ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پڑھ کر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے اوردم کرے ان شاء اللہ بہت جلد شفا پائے گا۔

أَعُوذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ (مسلم)

۳۔ یہ دعا پڑھ کر دم کرنا بھی مفید ومجرب ہے۔

اللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ أَذْهِبِ الْبَأْسَ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا (بخاری)

۴۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ (بخاری)

۵۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (مسلم)

۶۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ (ابو داؤد)

۷۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ یہ تعوذ اپنے سمجھ دار بچوں کو تو لفظ بلفظ یاد کرواتے تھے اور ناسمجھ بچوں کے گلے میں تعویذ لکھ کر ڈال دیتے۔

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وبَرَأَ وذَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيهَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ۔

مذکورہ بالا تینوں ادعیہ ہر طرح کے شر سے حفاظت کیلئے انتہائی مجرب ہیں جو ان کو روزانہ صبح و شام پڑھے اور بچوں کیلئے لکھ کر گلے میں ڈال دے ان شاء اللہ خود بھی اور بچے بھی ہر طرح کی آفت سے محفوظ رہیں گے۔

جادو وغیرہ کا اثر ختم کرنے کیلئے

اگر کسی کو شک ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے یا علامتیں محسوس ہورہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کیلئے ۱۱دن تک ۱۰۰بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے یا اور کسی پر شک

ہو تو اس پر پڑھ کر پھونکے۔اس دعا کے دوران کوئی دوسرا عمل نہ پڑھے۔

وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ ○ فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسَىٰ ○ 20:69,70

دل کی گھبراہٹ کیلئے

ترکیب: جس شخص کو اختلاج قلب یا دل کی دھڑکن کی شکایت ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالے کہ تعویذ دل تک آجائے یعنی دل پر پڑا رہے۔دراصل سینہ کے گڑھے یعنی کوڑی پر پڑا رہے۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللهِ۔ اَلَا بِذِكْرِ اللهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

غم کا دور ہونا

رمضان کی ستائیسویں کو یہ آیت کریمہ کاغذ پر لکھ کر انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھنے سے پورے سال تمام غموں اور پریشانیوں سے نجات پائے گا۔آیت یہ ہے۔

وَمَا جَعَلَهُ اللهُ إِلَّا بُشْرَىٰ لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوبُكُمْ بِهِ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ○ 03:126

جو شخص پریشانیوں اور غموں میں مبتلا ہو وہ روزانہ ایک ہزار بار "الباقی" کا ورد کرے ان شاء اللہ ۲۱ دن میں نجات ملے گی۔

اولاد یا نوکر کی سرکشی کا علاج

حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو بچہ یا غلام سرکش ہو تو یہ دعا پڑھ کر اس کے کان میں پھونکا جائے (اور گلے میں ڈالا جائے)ان شاء اللہ

سرکشی ختم ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ○ 03:83

دل کے دورے کا علاج

اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ یہ دعا پڑھ کر سینے پر دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دل کی ہر بیماری سے شفاء ہوگی۔

يَا اَللّٰهُ۔ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ۔ دِلِ مَا رَا كُنْ مُسْتَقِيْمُ
بِحَقِّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ط

دل کی تکلیف کیلئے

ہر نماز کے بعد اور جب بھی دل کی تکلیف ہو تو دل پر سیدھا ہاتھ رکھ کر یہ دعا بار بار پڑھیں۔

يَا اَللّٰهُ قَوِّنِيْ وَقَلْبِيْ ط

دل کی بیماری دور کرنے کا نبوی نسخہ

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ روایت کرتے ہیں کہ میں بیمار ہوا میری عیادت کو رسول اللہ ﷺ تشریف لائے انہوں نے اپنا ہاتھ میرے کندھوں کے درمیان رکھا تو ان کے ہاتھ کی ٹھنڈک میری ساری چھاتی میں پھیل گئی۔ پھر فرمایا کہ اسے دل کا دورہ پڑا ہے اسے حارث بن کلدہ کے پاس لے جاؤ جو ثقیف میں مطب کرتا ہے حکیم کو چاہیے کہ وہ مدینہ کی سات عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کر اسے کھلادے۔ (مسند احمد، ابو نعیم، ابوداؤد)

فائدہ: کھجور کے فوائد کے بارے میں یہ حدیث بڑی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ طب کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی مریض کے دل کے دورہ کی تشخیص کی گئی۔

دل کی ہر بیماری کیلئے مجرب نسخہ

دل پر ہاتھ رکھ کر ۱۱۱ مرتبہ سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھیں۔

ہول کے مریض اضطراب قلب خفقان کیلئے بارش کے پانی سے اس آیت کا سات مرتبہ سات روز تک لکھ کر پلانا یا بارش کے پانی سے زعفران گھول کر سات مرتبہ آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالنا بفضلہ تعالیٰ بہت مفید ہے۔ آیت یہ ہے:

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ○ 08:11

اگر بدن میں کسی جگہ درد ہو

یا کوئی تکلیف ہو تو تکلیف کی جگہ داہنا ہاتھ رکھ کر پہلے تین بار بسم اللہ کہے اور پھر سات بار یہ پڑھے أَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ (مسلم)۔

بلڈ پریشر کیلئے

ہر طرح کے بلڈ پریشر کیلئے مندرجہ ذیل آیتیں ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں، ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ○ 13:28.29

(ارشاد فرمودہ حضرت مولانا بدیع الزمان صاحبؒ)

جملہ قسم کے یرقان کیلئے

اگر کسی کو یرقان ہوگیا ہو تو پہلے سورۃ الفاتحہ ایک بار پھر سورۃ الحشر سات بار اور پھر سورۃ القریش ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس وقت تک پلائیں جب تک فائدہ نہ ہو۔

جگر کی بیماری کیلئے

جگر کی تمام بیماریوں کیلئے ۲۱ بار یہ آیت پانی پر دم کرکے پلانا نافع ہے۔(عملیات کشمیری)

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ○ 55:78

دفع درد جگر کیلئے

درد جگر،رفع خفقان اور دل کی دھڑکن کو دور کرنے کیلئے چاہیے کہ آیت الکرسی کو ایک پاک برتن میں تین بار لکھیں اور پھر اس کو دھو کر مریض کو پلادیں اور وہ پیتے وقت یہ کہے: نَوَيْتُ الشِّفَآءَ مِنَ الْعِلَّةِ ط (دیربی)

معدہ کی کمزوری کا علاج

سورۃ القدر ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں ۔دن میں تین مرتبہ یہ دم کیا ہوا پانی پینے سے ان شاء اللہ سات یوم کے اندر اندر معدہ کی کمزوری کی شکایت رفع ہوجائے گی۔(عملیات کشمیری)

درد سینہ کا علاج

یہ آیات لکھ کر سینہ پر باندھنا سینے کے درد کیلئے بے حد مفید ہے۔ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ۔

اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا
يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا
وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِىْ عَنِّىْ فَاِنِّىْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ
اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا
وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ذیابیطس کے مریض کیلئے روحانی علاج

سب سے پہلے درود شریف تین، پانچ یا سات بار پڑھیں۔اس کے بعد یہ آیت ایک بار پڑھیں:اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ اس کے بعد سورۃ العادیات ایک مرتبہ پڑھیں۔

نوٹ :دن میں کسی بھی وقت مقررہ پر روزانہ پڑھیں۔

شوگر کے مریضوں کیلئے ایک اور دعا

ڈھائی ماہ تک بلاناغہ ۳ مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام یہ دعا پڑھ کر پانی پر دم کرکے پیجئے (اول و آخر تین مرتبہ درود پاک)یہی دعا بلڈ پریشر کیلئے بھی مفید ہے۔

رَّبِّ اَدْخِلْنِىْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِىْ مُخْرَجَ صِدْقٍ
وَّاجْعَلْ لِّىْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا ○

(سورہ بنی اسرائیل آیت ۸۰)

تلی بڑھ جانے کا علاج

یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں۔

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ۔(سورۃ بقرہ آیت ۱۷۸ کا کچھ حصہ)

ناف ٹل جانے کا علاج

یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں، ناف اپنی جگہ آجائیگی اور اگر بندھا رہنے دیں تو پھر نہ ٹلے گی۔

إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا وَلَئِنْ زَالَتَآ إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهِ إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ○ 35:41

پیٹ کے درد کا علاج

یہ آیت پانی پر تین بار پڑھ کر پلائیں یا لکھ کر پیٹ پر باندھیں

لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ ○ 37:47

پیٹ کے ہر قسم کے درد کیلئے

۱۔ یہ آیت پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ہاتھ سے پیٹ ملے اگر درد جاتا رہا تو خیر ورنہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ جاتا رہے گا۔

وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ○

(سورۃ نمل آیت ۴۸، آئینہ عملیات)

۲۔ سات مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے خواہ کیساہی درد ہو ان شاء اللہ فوراً دور ہوجائے گا اور سات بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر پیٹ پر دم کرے۔(مجربات، عملیات و تعویذات)

بد ہضمی کا علاج

اگر کوئی شخص زیادہ کھالے اور بد ہضمی کا اندیشہ ہوتو کھانے کے بعد نمک پر سات بار یہ آیت دم کر کے کھلایا جائے بد ہضمی کیلئے مفید ہے۔

وَبِالْحَقِّ أَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا ○

(سورۃ بنی اسرائیل آیت ۱۰۵، عملیات کشمیری)

بھوک کی کمی کا علاج

۱۔ اگر بھوک بالکل نہ لگتی ہو تو یہ آیت اکیس مرتبہ پانی پر دم کرکے پلایا جائے ان شاء اللہ بھوک خوب لگے گی۔ مجرب ہے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيمٌ ○

(سورۃ نور آیت ۱۰، عملیات کشمیری)

۲۔ اگر بھوک کم لگتی ہو تو اکتالیس بار یہ آیت کھانے پر دم کرکے کھلائیں۔

وَالَّذِي هُوَ يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِ ○ (سورۃ الشعراء آیت ۷۹، عملیات کشمیری)

زبان کی لکنت کا علاج

اگر زبان میں لکنت ہو تو اس کو پڑھے اس سے سینہ بھی کشادہ ہو جائیگا۔

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ○ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ○ يَفْقَهُوا قَوْلِي ○ (سورۃ طٰہٰ، آیت ۲۵، ۲۸)

منہ کے چھالوں کا علاج

سورۃ الضُّحیٰ اکتالیس بار چینی پر دم کرکے چبانے سے ان شاء اللہ تمام پھنسیاں اور چھالے ختم ہو جائیں گے۔ (عملیات کشمیری)

دفع بلغم

علامہ دیربیؒ نے لکھا ہے جو شخص عارضہ بلغم میں مبتلا ہو اس کو چاہیے کہ وہ نمک کی

سات چھوٹی چھوٹی کنکریاں لے اور ان میں ہر ایک پر سات مرتبہ "آیت الکرسی" پڑھے اور سات روز نہار منہ استعمال کرے ان شاء اللہ اس عارضے سے نجات پالے گا۔

فالج کا علاج

ابنِ قتیبہؒ نے ایک مفلوج سے نقل کیا ہے کہ میں نے زمزم کے پانی سے دوات درست کرکے اور اس سے ایک برتن میں بسم اللہ اور سورۃ الحشر کی آخری آیات ھو اللہ سے تا آخر لکھ کر زمزم سے دھو کر پی لیا۔ اللہ تعالیٰ نے شفا عطا فرمائی۔(اعمال قرآنی)

ہچکی کا علاج

تین سانس میں پانی پیئے اور سات مرتبہ یا حفیظ کہے ان شاء اللہ ہچکی بند ہوجائے گی۔

گردے اور پتے کی پتھری کا علاج

گردے اور پتے کی پتھری دور کرنے کیلئے ۴۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس وقت تک پلائیں جب تک کامیابی نہ ہو۔

وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ○ 02:74

پیدا ہونے والی اولاد کو شیطانی اثرات سے بچانے کا نسخہ

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی اپنی بیوی کے پاس آئے اور یہ دعا پڑھے پھر اس وقت کی ہم بستری سے اگر ان کے ہاں بچہ پیدا ہوا تو اسے شیطان نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔یعنی گمراہ کبھی نہیں کرسکے گا۔بخاری شریف

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَارَزَقْتَنَا۔

قوت حافظہ کا مجرب ترین عمل

حضرت اقدس شیخ العرب والعجم حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکیؒ نے قوت حافظہ کیلئے فرمایا کہ اس عمل کو روزانہ ۴۱ مرتبہ عشاء کے بعد پڑھے اور پانی پر دم کرکے پیئے حافظہ قوی ہوگا۔ دعا یہ ہے۔

یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ مَالَمْ اَکُنْ اَعْلَمُ یَاعَلِیْمُ

ہر قسم کے جوڑوں کے درد کا علاج

فجر یا عصر کے بعد نیم کی ایک ٹہنی پتوں سمیت لے کر اس پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم مع سورۃ الفاتحہ ۱۱ بار دم کریں اور پھر اس ٹہنی سے مریض کا پورا جسم جھاڑیں درد والی جگہ ۳ بار جھاڑیں ۱۱ دن میں ہر قسم کا درد ختم ہوجائے گا۔

خارش کے مریض کا علاج

خارش کے مریض کو یہ آیت ۲۱ بار دم کریں۔ ۷ دن میں افاقہ ہوگا آیت یہ ہے۔

فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ○ 23:14

پیشاب بند ہوجانے اور پتھری کیلئے دعا

جب پیشاب بند ہو جائے یا پتھری ہو تو یہ دعا پڑھے

رَبُّنَا اللّٰہُ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِی السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِی الْاَرْضِ وَ اغْفِرْلَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجِعِ ط

درد سر کا علاج

عامل اپنا ہاتھ دردمند کے سر پر رکھ کر یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ اسْمُہٗ بَرَکَۃٌ وَّ شِفَآءٌ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ بِیَدِہِ الشِّفَآءُ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ ط

اس کو تین بار یا سات بار پڑھے باذن خدائے شافی درد سر دور ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے سر میں کبھی درد نہ ہو تو وہ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھے ان شاء اللہ کبھی سر درد نہ ہو گا اور کبھی آنکھیں نہیں دکھیں گی۔

یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ 64:01

درد زیرِ ناف

حیض کی کمی یا کسی اور وجہ سے بعض دفعہ خواتین کو زیرِ ناف درد کی شکایت ہوتی ہے۔ یہاں ایک اور علاج بھی دیا جارہا ہے کہ آیت کریمہ

نَحْنُ خَلَقْنٰھُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَھُمْ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَھُمْ تَبْدِیْلًا ○ 76:28

لکھ کر دو تین روز مریضہ کو پلانے سے اس درد کا افاقہ ہو جاتا ہے۔

اکثر خواتین کو بعض عذر کی وجہ سے پیشاب میں جلن کا مرض ہوتا ہے زیر ناف درد یا پیشاب کی جلن کیلئے یہ مجرب عمل ہے کہ روزانہ ۱۱روز تک پانی پر یہ دعا ۳۱۳بار دم کرکے پئیں مرض ان شاء اللہ ختم ہو جائے گا وہ دعا یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

تین بیماریوں سے عافیت

ہر نماز کے بعد تین بار جو شخص پڑھے گا اللہ تبارک وتعالیٰ تین بیماریوں سے عافیت فرمائیں گے۔ اندھا نہیں ہوگا۔ کوڑھ نہیں ہوگا۔ فالج نہیں ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ ط

ہر مرض اور ہر درد کیلئے

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ○ 25:56

فائدہ: ہر مرض اور ہر درد کے واسطے، مقام درد پر ہاتھ رکھ کر اس آیت کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت بحال ہوگی۔

کان جھنجھنانے کے وقت کی دعا

جب کان جھنجھنانے لگے تو نبی کریم ﷺ کو یاد کرے، ان پر درود شریف پڑھے اور یہ کہے:

ذَکَرَ اللّٰہُ بِخَیْرٍ مَّنْ ذَکَرَنِیْ ط

جلے ہوئے پر یہ پڑھ کر دم کرے

اَذْھِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شَافِیَ اِلَّآ اَنْتَ ط

(نسائی، احمد عن محمد بن حاطب)

نیز بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا فَتَّاحُ سہ۳ بار

یَا وَھَّابُ سہ۳ بار یَا کَرِیْمُ سہ۳ بار یَا رَحِیْمُ سہ۳ بار

ان اسماء کو لکھ کر آدھے سر کے درد والے کے سر پر باندھ دے۔

قصیدہ بردہ شریف اور اس کے خواص

قصیدہ بردہ شریف عرب وعجم تمام علماء کے نزدیک پرتاثیر مانا جاتا ہے مجھے الحمدللہ چابی بردارخانہ کعبہ اور صحابہؓ کی اولاد حضرت عبدالرحمٰن بن صالح الشیبی مدظلہ العالی سے اس کی اجازت حاصل ہے انھوں نے اپنے گھر کا جناتی علاج کرانے کے بعد خوش ہوکر اس کی اجازت دی۔الحمداللہ کئی مرتبہ انھوں نے اپنے پاس بٹھا کرسنایا بھی ہے عمر میں اضافے کیلئے اور قحط کے ختم کیلئے اور اولاد کی حاجت کیلئے اور ادائیگی قرض کیلئے اور جنات اور جادو سے حفاظت کیلئے اور کاروباری ترقی کیلئے اور قید سے رہائی کیلئے اس کی تلاوت نہایت پرتاثیر ہے۔

حضرت مولانا عبدالغفور مہاجر مدنیؒ فرمایا کرتے تھے کہ قصیدہ بردہ شریف کا دل یہ بیت ہے۔

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْأَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

اوّل آخر ۳مرتبہ صلوۃ تنجینا پڑھیں پھر تین مرتبہ سورۃ توبہ کی آخری دو آیات پڑھ کر بیت ۴۱بار پڑھیں ہر حاجت پوری ہوگی۔

نظر بد کا علاج

دوتین ہلدی کی گرہ پر تین تین مرتبہ یہ کلمہ پڑھ کر پھونکیں اور پھر آگ میں ڈال کر اس کی دھونی مریض کو دیں ان شاء اللہ نظر ختم ہوگی کلمہ یہ ہے۔

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ

درد چشم

شرجی لکھتے ہیں حضرت خواجہ شیخ فریدالدین سے جو بلادِہند میں مشہور و معروف ہیں روایت ہے کہ اپنے دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں کے ناخنوں پر یہ آیت

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ○ 50:22

سات بار، اول و آخر درود شریف سات بار پڑھ کر پھونکے اور آنکھوں پر پھیرنے سے نور بصر و زوال ضرر کیلئے فائدہ ہو گا۔ان شاء اللہ تعالیٰ

آنکھ دکھنے کی ایک اور دعا

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَأْرِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ ط

الرجی اور ہر قسم کے دانوں کا علاج

بعض ازواج مطہراتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن میرے پاس تشریف لائے اس وقت میری انگلی میں دانہ نکلا ہوا تھا آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ کیا تمہارے پاس ذریرہ ہے؟میں نے کہا ہاں ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس پر لگاؤ اور یہ کہو کہ:

اَللّٰھُمَّ مُصَغِّرَ الْکَبِیْرِ وَمُکَبِّرَ الصَّغِیْرِ صَغِّرْ مَا بِیْ

قدرت جماع

حسن بصریؒ سے ذکر کیا گیا کہ فلاں شخص نے نکاح کیا مگر عورت پر قادر نہیں ہوا تو آپ نے دو انڈے جوش دیئے(ابلے)ہوئے منگائے اور چھلکا اتار کر ایک پر یہ آیت لکھی: وَالسَّمَآءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَّإِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ○ 51:47

اور مرد کو کھانے کیلئے دے دیا۔ اور دوسرے پر یہ آیت لکھی:

وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ ○ 51:48

اور وہ عورت کو کھانے کیلئے دے دیا اور کہا کہ اب مطلب حاصل کرو چنانچہ وہ کامیاب ہوا۔(اعمال قرآنی)

شیشے کے برتن میں آیت:

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا ○ 18:99

لکھ کر اس شخص کو پلایا جائے جو اپنی بیوی کی محبت سے باز رکھا گیا ہو ان شاء اللہ ہر طرح قادر ہو جائے گا (مجربات عملیات و تعویذات ۱۸۶)

قوت باہ کیلئے

پودینے کے سات پتے لے کر ان پر اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۱۱۱ بار دم کرکے ۲۱ دن کھائیں ان شاء اللہ ہر قسم کی کمزوری دور ہو گی افاقہ ہو گا اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۱۰۰ بار دم کرکے پینا بھی پر تاثیر ہے۔

قوت باہ کا مجرب ترین عمل

ایک برتن میں سفید چنے ڈالیں اور اس میں چار لٹر پانی ڈالیں اور پھر اس میں سورۃ الفاتحہ اور سورۃ القدر مشک اور زعفران سے لکھ کر ڈالیں اور مریض نہار منہ پیئے اور اس پانی پر روزانہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۱۰۰ بار دم کریں ۱۱ دن یہ عمل کریں ان شاء اللہ اطباء بھی حیران ہوں گے۔

جریان کا علاج

جریان کے مریض کو سورۃ الحجرات تین بار پانی پر دم کرکے اکتالیس روز تک پلایا جائے ان شاء اللہ شفا ہو جائے گی۔ (عملیات کشمیری ۱۰۰)

بعد نماز عصر اول وآخر سات مرتبہ درود شریف اور سو مرتبہ یہ آیت پڑھنا جریان کیلئے بہت مفید ہے۔

رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ 66:08 (عملیات کشمیری ۱۰۵)

کثرت احتلام کا علاج

بستر پر جاتے وقت سورۃ الطارق پڑھ لی جائے تو کبھی کثرت احتلام کا مرض نہیں ہو گا اور اگر پہلے سے یہ مرض ہو تو بالکل ختم ہو جائے گا۔ بہت مجرب ہے۔
(کمالات عزیزی ص۱۰۶ مجربات عملیات و تعویذات ۱۵۳)

کثرت احتلام کا مریض سوتے وقت اپنے سینے پر شہادت کی انگلی سے "عمر" لکھے اور رات کو جب بھی آنکھ کھلے اسی طرح عمر لکھے ان شاء اللہ ہرگز احتلام نہیں ہو گا۔
(آئینہ عملیات ۲۹۶)

آتشک اور سوزاک کا علاج

سوزاک کے مریض کو یہ آیتیں لکھ کر عرق گلاب میں گھول کر پلانا بہت مفید ہے۔

وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ ○ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُم مَّوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ○ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ۔ (عملیات کشمیری ۱۰۴)

جسے سوزاک کی بیماری ہوگئی ہو اسے سورۃ المزمل لکھ کر گلے میں ڈالی جائے اور بارش کے پانی پر دم کرکے پلایا بھی جائے ان شاء اللہ مرض جاتا رہے گا مجرب ہے۔ (ایضاً ۱۰۴)

۱۰۱ باریہ آیات پانی پر دم کرکے اکتالیس روز تک پلایا جائے، ان شاء اللہ آتشک کا مرض جاتا رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

وَالنَّازِعَاتِ غَرْقاً ○ وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطاً ○ وَالسَّابِحَاتِ سَبْحاً ○
فَالسَّابِقَاتِ سَبْقاً ○ فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْراً ○ 79:1-5

برائے قرار حمل

جب عورت حیض سے پاک ہوجائے تو مندرجہ ذیل تین تعویذات لکھ کر اسے کھلائے امید کامل تو یہ ہے کہ پہلا تعویذ کھانے سے ہی حمل ہوجائے گاورنہ دوسرا تعویذ کھلائے ان شاء اللہ تیسری بار مرد کے قریب جاتے ہی عورت حاملہ ہوجائے گی اور فرزند پیدا ہوگا۔ان تینوں تعویذات کو مشک و زعفران اور گلاب سے لکھے۔

1۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَللّٰہُ وَاِلٰہُ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوۡرَ ثُمَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِرَبِّہِمۡ یَعۡدِلُوۡنَ ○ ھُوَ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ مِّنۡ طِیۡنٍ ثُمَّ قَضٰۤی اَجَلًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنۡدَہٗ ثُمَّ اَنۡتُمۡ تَمۡتَرُوۡنَ ○

2۔ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوۡرَ ثُمَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِرَبِّہِمۡ یَعۡدِلُوۡنَ ○ ھُوَ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ مِّنۡ طِیۡنٍ ثُمَّ قَضٰۤی اَجَلًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنۡدَہٗ ثُمَّ اَنۡتُمۡ تَمۡتَرُوۡنَ ○ یااھیاً استراھیاً

3۔ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوۡرَ ثُمَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِرَبِّہِمۡ یَعۡدِلُوۡنَ ○ ھُوَ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ مِّنۡ طِیۡنٍ ثُمَّ قَضٰۤی اَجَلًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنۡدَہٗ ثُمَّ اَنۡتُمۡ تَمۡتَرُوۡنَ ○ اھیاً ازونی اصباً و توف اللھم بحق یا مالك یوم الدین ایاك نعبد و ایاك نستعین و کان اللہ غفوراً رّحیماً و کان اللہ عزیزاً حکیماً وذالك ھو الفوز العظیم برحمتك یاارحم الرحمین

اسقاط حمل کا علاج

اگر کسی عورت کو حمل نہ رہتا ہو تو یہ آیت چالیس دن تک چینی کے پیالے میں لکھ کر پلائیں اور کاغذ پر لکھ کر کمر میں باندھیں ان شاء اللہ حمل قرار پائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ یَھَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَھَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّکُوْرَ ○ اَوْ یُزَوِّجُھُمْ ذُکْرَانًا وَّاِنَاثًا وَّیَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا اِنَّہٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ○ 42:49.50 (آئینہ عملیات ۱۳۵)

۲۔ وضو کر کے ایک گوشے میں بیٹھ کر یہ کلمات لکھیں اور عورت کے پیٹ پر باندھیں ان شاء اللہ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ ○ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ○ اَللّٰھُمَّ احْفَظْ حَمْلَ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ مِنْ جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اٰمِیْن اٰمِیْن اٰمِیْن۔ (اصلی ۴۹) (آئینہ عملیات ۱۳۵)

جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو سرخ کسوم کا رنگا ہوا دھاگہ اس کے قد کے برابر لے اور سات یا گیارہ یا اکیس تار لے کر اس پر نو گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُکَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْھِمْ وَلَا تَکُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْکُرُوْنَ ○ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ ○ 16:127.128

اور سورۃ الکافرون پڑھ کر پھونکے اور دھاگہ عورت اپنی کمر پر باندھے ان شاء اللہ حمل محفوظ رہے گا۔ (کمالات عزیزی ۱۰۱، اعمال قرآنی ۹۴)

برائے اولاد نرینہ

جب حمل اڑھائی ماہ کے قریب ہو اور تین ماہ کامل نہ گزرے ہوں تو صبح کی نماز کے بعد باوضو اول درود شریف پھر سورۃ الفاتحہ پھر سورۃ البقرہ لَا رَیْبَ فِیْہِ تک پڑھیں اور نئے مٹی کے آبخورہ میں پانی لے کر اس پر دم کر کے حاملہ کو پلا دیں۔ سات دن یہ عمل کریں ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہو گا۔ مجرب ہے۔ (فلاح دارین ۹۶)

شروع مہینہ حمل میں اگر عورت کی داہنی پسلی پر سورۃ الاعلیٰ لکھ دیں تو ان شاء اللہ اولاد نرینہ پیدا ہو (اعمال قرآنی)

اولاد نرینہ کیلئے

رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَآءِ ○ 03:38

جس کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اس آیت کو مغرب کے بعد سات مرتبہ پڑھے تو ان شاء اللہ مقصد پورا ہو گا۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ شب جمعہ میں نصف رات کے بعد مٹھائی یا حلوے کے ٹکڑے پر کسی ایسی جگہ بیٹھ کر جہاں کوئی نہ دیکھے یہ آیت لکھے اور اسے عورت کو کھلائے اور پھر جماع کرے تین بار شب جمعہ کو یہ عمل کرے ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے ضرور بچہ پیدا ہو گا۔

يَٰٓأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِّن نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَآءً وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَآءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ○ 04:01

حیض کی کمی کا علاج

اگر ماہواری رک گئی ہو تو وہ خاتون یہ آیت لکھ کر ناف پر باندھے اور ۱۱ دن یہی آیات پڑھ کر زمزم یا بارش کے پانی پر دم کر کے پیئے ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

فَفَتَحْنَآ أَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ○ وَفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا، وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ○ وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ○ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا، يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُم مِّدْرَارًا ○ حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ۔

حیض کی کمی اور درد کا علاج

۱۔ جس عورت کی ماہواری میں کمی ہو اور اس سے تکلیف ہو تو ان آیات کو لکھ کر

کمر میں اس طرح باندھیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ○ لِيَأْكُلُوا مِن ثَمَرِهِ وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ○ 36:34.35

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا وَ جَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ○ 21:30

کثرت حیض کا علاج

۱۔ حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورۃ الدہر پانی پر دم کرکے پلایا جائے۔ان شاء اللہ خون آنا بند ہو جائے گا۔

۲۔ جس عورت کی ماہواری میں زیادتی ہو اس آیت کو لکھ کر کمر میں باندھیں اس طرح کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔

وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○ 11:44

۳۔ ۳۱۳ بار سورۃ الکوثر روزانہ بارش کے پانی پر دم کر کے پلانا کثرت حیض کی بیماری میں بہت مفید ہے۔

بچوں کی بدتمیزی کا سبب اور اس کا علاج

بچوں کی بدتمیزی اور نافرمانی کا سبب عموماً والدین کے گناہ ہوتے ہیں۔خدا تعالیٰ کے ساتھ اپنا معاملہ درست کریں اور تین بار سورۃ الفاتحہ پانی پر دم کر کے بچے کو پلایا کریں۔(آپ کے مسائل اور ان کا حل ج ۷ ص ۲۰۸ حضرت لدھیانویؒ شہید)

حالت مرض کی دعا

جو شخص حالت مرض میں یہ دعا چالیس بار پڑھے اگر مرا تو شہید کے برابر ثواب ملے گا اور اگر اچھا ہوگیا تو تمام گناہ بخشے جائیں گے۔

لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ (اسوہ رسول اکرم ﷺ ص ۵۷۸)

ڈاڑھ اور کان کے درد کیلئے عمل

جو شخص ہر چھینک کے وقت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَّا كَانَ۔ کہے تو ڈاڑھ اور کان کا درد کبھی بھی محسوس نہ کرے گا۔

(الحصن الحصین ابن ابی شیبہ ص ۳۳۵)

بیمار کی شفا کیلئے

اگر کوئی بیمار ہو اور اس پر یہ آیت ۷ بار پڑھ کر دم کرے وہ بیمار بہت جلد اچھا ہوجائے گا:

وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا أَوْ بِهٖٓ أَذًى مِّنْ رَّأْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ۔ 02:196

نیند نہ آنے کا مجرب علاج

۱۔ دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر سات بار آیت کا صرف اتنا حصہ پڑھیں۔

فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ۔ 18:11

پھر ہاتھ پر دم کرکے سر پر پھیریں، ان شاء اللہ خوب گہری نیند آئے گی۔

۲۔ اگر نیند نہ آرہی ہو تو قرآن پاک کی یہ آیت مبارکہ پڑھیں:

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

يَآأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ 33:56

اس کے بعد درود شریف پڑھتے رہیں جس قدر دھیان اور توجہ سے پڑھیں گے اتنی جلدی نیند آجائے گی۔

۳۔ بستر پر باوضو دائیں کروٹ قبلہ رخ لیٹ کر سات مرتبہ پڑھیں:

تَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ۔ 18:18 ان شاء اللہ خوب نیند آئے گی۔

(از حضرت صندل بابا جی مدظلہ)

مقررہ وقت پر بیداری کا خاص عمل

سورۃ الکہف کی آخری آیات اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سے تا آخر سورۃ، اول و آخر سات سات بار درود شریف ۔۔۔ان کا ایصال ثواب جناب حضرت رسول اکرم ﷺ کیلئے کریں اور دعا کریں کہ یااللہ! مجھے اتنے بجے جگا دیجئے گا۔ان شاء اللہ اسی وقت آنکھ کھلے گی۔

اچھا رشتہ ملنے کیلئے اہم دعائیں

ماں باپ، بڑے بہن بھائیوں کو چاہیے کہ بچوں اور چھوٹے بھائی بہنوں کو جوان ہونے کے بعد ایسی دعائیں یاد کروادیں جن میں اچھے رشتے کا ملنا اور عافیت کے ساتھ زندگی کا گزرنا طلب کیا گیا ہو۔چونکہ یہ دعائیں خود اللہ تعالیٰ ہی نے بتلائی ہیں گویا آقا خود ہی بتلارہا ہے کہ ہمارے دربار میں ہم سے اس طرح مانگو۔لہٰذا وہ دعائیں قبولیت کے زیادہ قریب ہیں۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ
وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا ○ 25:74

اللہ تعالیٰ نے اس دعا کو اپنے خاص بندوں کی دعا فرمایا ہے۔یہ دعا ہر مرد

عورت کو زندگی بھر مانگتے رہنا چاہیے۔بہت مبارک دعا ہے اس میں شوہر ،بیوی،بچے اور خاندان سب کیلئے دنیا اور آخرت دونوں کی دعائیں آگئی ہیں۔

بیٹے یا بیٹی کی شادی مبارک ہو

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا ○ 25:54

فائدہ: اگر آپ کے بیٹے یا بیٹی کا عقد نہ ہوتا ہو تو آپ اپنی اس مراد کیلئے ۲۱دن تک ۳۱۳ بار اس آیت مبارکہ کو پڑھیں۔

اصحاب کہف کے ناموں کی فضیلت

اصحاب کہف کے ناموں میں عاملین نے بہت خواص لکھے ہیں اگر کسی گھر میں لکھ کر رکھ دیں تو اس گھر میں سے جنات نکل جائیں گے اور کوئی حادثہ نہیں پہنچے گا۔اگر کوئی اپنے پاس رکھے گا وہ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔ کاروبار میں مزید ترقی ہوگی۔اصحاب کہف کے نام یہ ہیں۔

یملیخا ۔ مکسلمینا ۔ کشفوطط ۔ اذرفطیونس۔

کشافطیونس ۔ تبیونس ۔ یوانس بوس

فائدہ: اگر آپ کا بچہ کند ذہن ہو یا طالب علم ہو تو اس کو مندرجہ ذیل آیت ۱۲۱بار پانی پر دم کرکے روزانہ پلائیں ان شاء اللہ اس کی برکت سے عالم فاضل ہوجائے گا۔

إِیَّاكَ نَعْبُدُ وَإِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ○ 01:05

عزت و وقار اور نام پیدا کرنے کیلئے

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○ وَلَهُ الْكِبْرِیَاءُ فِی السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ○ 45:36.37

فائدہ: عزت وو قار اور نام کیلئے ۱۱بار روزانہ پڑھیں۔

امتحان میں آسان پرچوں کیلئے

فَإِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ هُوَ الَّذِيْ أَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ○ 08:62

فائدہ: امتحان میں آسان پرچوں، فتح اور کامیابی کیلئے جانے سے پہلے ۱۱ بار ضرور پڑھ لیں۔

مقدمہ میں کامیابی کیلئے

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ○ 17:81

فائدہ: اگر آپ کو مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنی ہو تو روزانہ کسی نماز کے بعد ۱۳۳ بار مذکورہ آیت پڑھ لیں اگر حق پر ہیں تب پڑھیں، ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

غصہ دفع کرنے کیلئے

وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ○ 03:134

فائدہ: اگر آپ کو غصہ شدید آتا ہے اور آپے سے باہر ہو جاتا ہے تو ۱۰۱ بار مذکورہ آیت ۲۱ دن تک چینی پر پڑھ کر کھالیں۔

ہر قسم کے نشے کا علاج

نشہ کرنے والا جب سو جائے تو اس کے قریب کھڑے ہو کر یہ آیت ۴۱ بار پڑھیں اور ۴۱ بار دم کر کے ۴۱ دن پلائیں ان شاء اللہ ہدایت ملے گی آیت یہ ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ 05:90

اولاد کا مطیع ہونا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہوتو ہر نماز کے بعد اس آیت کو پڑھا کرے اور ذُرِّیَّتِی کی جگہ اپنے بچے کانام ذہن میں رکھے آیت یہ ہے:۔

وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ○ 46:15

اگر نافرمان اولاد پرایک ہزارمرتبہ "یَاشَھِیْدُ" پڑھا جائے تو وہ فرمان بردار ہوجائے گی ان شاء اللہ

کنواں یا بورنگ کراتے وقت کا عمل

کنواں کھودتے وقت اس آیت کو روزانہ ۲۱بار اور درود تنجینا ۱۱ بار اول آخر پڑھیں ان شاء اللہ میٹھا اور کثیر پانی آئے گا۔(مجربات شبیی)

اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ○ 38:42

ہر قسم کی شوگر کیلئے

۵۰دن فجر کے بعد کدو کا جوس ایک گلاس نکال کر اس پر یہ آیت کریمہ ۲۱باردم کریں اور پھر ۹۰۰قدم روزانہ چلیں ان شاء اللہ ہر قسم کی شوگر ختم ہوجائے گی۔ آیت یہ ہے۔

وَقُلْ رَّبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّي مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيرًا ○ 17:80

ہائی بلڈ پریشر کیلئے

کلونجی پر یہ آیت ۱۱باردم کرکے ایک چھوٹاچمچہ پانی کے ساتھ پئیں۔ صبح وشام یہ عمل کریں۔۱۱دن میں ان شاء اللہ افاقہ ہوگا آیت یہ ہے۔

وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ○ 03:134

چہل کاف

چہل کاف کا یہ عمل سلطان الاولیاءپیرانِ پیر محبوب العلماء حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی طرف منسوب ہے ہندوستان میں اس کو سب سے پہلے لانے والے شیخ القران امام المفسرین حضرت مولانا حسین علیؒ(واں بچھراں)ہیں جادو اور جنات کے اثرات کو زائل کرنے کیلئے بہت پر تاثیر ہے چہل کاف کے ذریعے جادو کرنے والے پر واپس لوٹانے کا بھی ایک بہت مجرب عمل میرے پاس ہے۔

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيكَ وَا كِفَةً كِفَكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلَكَا۔ تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِ فِيْ كَبِدِ۔ تَحْكِيْ مُشَكْشِكَةً كَلَكُلُكِ لَّكَكَا كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافُّ كُرْبَتَهٗ۔ يَا كَوْ كَبًا كُنْتَ تَحْكِيْ كَوْ كَبَ الْفَلَكَا۔

۱۔ اوّل وآخر دس دس بار درودشریف پڑھے اور درمیان اس کے اسم یا بدُوُح کو بیس تسبیح یعنی دوہزار مرتبہ پڑھ کرمٹھائی پر دم کرکے مطلوب کو کھلائے ان شاء اللہ تعالیٰ مطلوب تابعدارہوجائے گا۔ یہ عمل آزمودہ اور مجرب ہے۔

۲۔ اگر کوئی شخص اپنی محبت میں کسی کو برقرار کرنا چاہےتو کسی گلاس وغیرہ میں پانی لے کر اس پر یَابَدُوُح سات بار پڑھ کر دم کرے اور اس میں سے تھوڑا سا پانی اپنے منہ میں لے کر غرارہ کی طرح پانی کو حرکت دے پھر اسی گلاس میں ڈال دے ۔جواسے پیئے گا اس سے محبت کرنے لگے گا۔

۳۔ تھوڑا سا سرمہ لے کراس پر سورۃ الفاتحہ۲۱بار پڑھ کردم کرکے اپنی آنکھوں میں لگاکر جس کے سامنے جاوے وہ محبت کرنے لگے مگر اس کا نام اور اسکی والدہ کا نام بھی ساتھ پڑھے۔

۴۔ خوشبو کے سات عدد پھول لے کر ایک ایک پھول پر سات سات بار یہ آیت پڑھ کر پھونک دے تاکہ وہ اس کو سونگھےوہ اسی وقت محبت کرنے لگے گا۔آیت یہ ہے: وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ○ 38:34

عمل برائے تسخیر

۱۔ بعد نماز عشاء تین تسبیح یاودود،یارؤف اور یارحیم اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے دعا مانگیں ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔مجرب ہے۔یہ عمل گیارہ یوم ہوگا۔نوچندی جمعرات کو شروع کیا جائے۔

۲۔ عمل اسم باری تعالیٰ اللہ تسخیر کیلئے مجرب ہے۔اگر چاہیں کہ کسی کو دوست اور مسخر بنائیں یا کسی امیر سے نفع حاصل کرنا ہو تو چاہیے کہ عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز اس عمل کو شروع کریں۔اس ترتیب سے کہ رات کے وقت دو زانو قبلہ رخ ہوکر بیٹھیں اور اپنی آنکھیں بند کریں پہلے گیارہ بار آیت الکرسی العلی العظیم تک پڑھیں اس کے بعد ایک ہزار دس بار اسم ذات اللہ پڑھیں اوراپنے مطلوب کو اپنے سامنے دست بستہ کھڑا ہوا تصور کریں۔جب اسم تمام ہوجائے اس کے سینہ پر دم کریں۔اوراپنے دل میں اشارہ کریں کہ میرا مطیع ہوجائے۔اسی طرح پندرہ روز تک بدستور پڑھیں اگر ممکن ہو تو کسی چیز پر دم کرکے مطلوب کو کھلائیں ان شاء اللہ مطیع اور فرمانبردار ہوجائے گا۔

ہر تکلیف سے حفاظت کیلئے

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا جو شخص دو رکعت نفل پڑھے اور ہر سجدہ میں(سبحان ربی الاعلی)کے بعد تین بار یہ دعا پڑھے ہر غم اور تکلیف سے محفوظ رہے گا دعا یہ ہے۔

فَقِيْرُكَ بِفِنَائِكَ وَعُبَيْدُكَ بِفِنَائِكَ وَسَائِلُكَ بِفِنَائِكَ

(فِنَاء) کا لفظی مطلب صحن خانہ یعنی تیرے در پر ہے)

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو ہر روز ہزار مرتبہ اس آیت اوراسماء کو پڑھ کر شیرینی یا

پھولوں پر دم کریں اور محبوب کو کھلائیں یا سنگھائیں ان شاء اللہ تعالیٰ مطیع و فرمانبر دار ہو جائے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ آیت اور اسماء یہ ہیں:۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ يَا رَفِيْقُ يَا شَفِيْقُ نَجِّنِيْ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ يَا بَدِيْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ۔

پانچ سو بار پڑھے اول وآخر دس دس بار درود شریف خدا کے فضل وکرم سے تمام لوگ تابع رہیں گے کوئی وقت معین نہیں کوئی سا بھی وقت مقرر کرلے۔ مجرب المجرب ہے۔

شخصی جاہ وعزت اور تسخیر کیلئے ذیل کا عمل دس بار پڑھ کر اپنے منہ پر مل کر جس کے پاس جائے گا وہ بے حد محبت سے پیش آئے گا اور اس میں بہت سے فائدے ہیں۔ مجرب ہے۔

أَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَأْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَقْصُوْدِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَطْلُوْبِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَحْبُوْبِيْنَ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا أَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔

تقویٰ حاصل کرنے کا عمل

انابت الی اللہ اور اطاعت الی اللہ کیلئے رجوع الی اللہ کا عمل مجرب ترین عمل۔ اگر دل اللہ کی طرف مائل نہ ہو تو اس ورد کو یکسوئی کے ساتھ روزانہ ۱۰۰ بار پڑھیں قلب نورانی ہو گا۔

سُبْحَانَ مَنْ يَرَانِيْ، سُبْحَانَ مَنْ يَسْمَعُ كَلَامِيْ، سُبْحَانَ مَنْ يَعْرِفُ مَكَانِيْ، سُبْحَانَ مَنْ يَذْكُرُنِيْ وَلَا يَنْسَانِيْ.

اور مزید یہ بھی عمل 100 بار پڑھیں:

اَللّٰهُ حَاضِرِیْ اللّٰهُ نَاظِرِیْ اللّٰهُ مَعِیْ

بھول جانے کا علاج

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے فرمایا کہ اگر قرآن اور حدیث کا مفہوم حل نہ ہوتا ہو تو ۴۱ بار یہ دعا روزانہ پڑھیں ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو گا۔ مبلغ حضرات تقریر سے پہلے اور مدرس کتاب پڑھنے سے پہلے سات بار اس کو پڑھیں ان شاء اللہ تقریر کی آمد ہو گی وردیہ ہے۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ۔

سگریٹ، چرس ہر قسم کا نشہ چھڑانے کیلئے عمل

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ جنھوں نے نبی کریم ﷺ کے روضہ اطہر کے سامنے اٹھارہ سال حدیث کا درس دیا جب ان کے پاس کوئی نشہ کے مریض کو لاتے تو آپ اس کیلئے نمک منگواتے اور یہ آیات اور دعائیں دم کرکے دیتے اللہ اس کو نشے کی نفرت ڈال دیتے۔ عمل یہ ہے۔

سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، اور چاروں قُل ہیں تین بار دم کریں پھر

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۳ بار

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ، وَعِقَابِهٖ، وَشَرِّ عِبَادِهٖ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ، وَأَنْ يَّحْضُرُوْنَ ۳ بار اس کے ساتھ درود ابراھیمی ۳ بار دم کریں۔

ظالم پر غلبہ حاصل ہو

جو مظلوم شخص کسی ظالم کے سامنے پچاس بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس ظالم کو مغلوب کرکے پڑھنے والے کو غالب کریں گے۔ (خزانہ اعمال ص۸)

ذہن اور حافظہ قوی ہو جائے

جس کسی کا حافظہ کمزور ہو وہ سات سو چھیاسی بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پانی پر دم

کرکے طلوع آفتاب کے وقت پئے تو ذہن کھل جائے گا۔اور حافظہ قوی ہوجائے گا۔

حصول شفا کیلئے قرآنی وظیفہ

بعض روایات میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ سورۃ الانعام پوری سورۃ جس مریض پر پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفا دیتے ہیں۔
(معارف القرآن ج۳ص۵۱۲)

شوہر کی ناراضگی دور کرنے کیلئے

۱۔ جس کا شوہر ناراض ہو وہ اپنے شوہر کو یہ آیت مٹھائی پر دم کرکے کھلائے ان شاء اللہ اس کی ناراضگی دور ہوجائے گی۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ○ 02:165

۲۔ اگر سورۃ یوسف لکھ کر بازو پر باندھے تو بیوی اسے دل سے چاہنے لگے۔

۳۔ کسی میٹھی چیز پر لفظ "بدوح" لکھ کر جسے کھلائے وہ اس شخص کو بہت چاہنے لگے اور اس سے محبت کرے اور اگر لفظ بدوح چھری پر لکھ کر کوئی چیز اس چھری سے کاٹ کر کسی کو کھلائے تو وہ شخص اس سے محبت کرنے لگے گا۔

ہر قسم کی مشکلات کیلئے مجرب عمل

قرآن پاک کا قلب سورۃ یٰس اور سورۃ یٰس کا قلب یہ آیت ہے اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ بغیر سلا ہوا کپڑا (احرام) پہنیں اور اول آخر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر یہ آیت ۱ ہزار بار پڑھیں۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○ 36:58

دعا کی قبولیت کیلئے

۱۔ جمعہ کے دن بعد نماز عصر پوری آیت الکرسی ستّر مرتبہ پڑھنے کے بعد جس مقصد کیلئے بھی دعا کی جائے گی وہ قبول ہوگی۔

۲۔ اسم باری تعالیٰ "الکبیر المتعال" کو ان دونوں ناموں کے اعداد کے مطابق یعنی ۷۸۳ بار پڑھ کر جو بھی دعا کی جائے گی قبول ہوگی۔

۳ وَإِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ أُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ۘ اَللّٰهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ۔ 6:124

۴۔ اس آیت میں لفظ اللہ متصلاً دو جگہ آرہا ہے ان دونوں اللہ کے درمیان جس چیز کیلئے بھی دعا کی جائے گی ان شاء اللہ ضرور قبول ہوگی۔

۵۔ جمعرات کے روز بعد نماز چاشت پانچ سو بار "السمیع" پڑھ کر دعا کی جائے تو دعائیں قبول ہوں۔

۶۔ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ مجھ سے آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دعا کرنے سے پہلے اسے پڑھ لیا کرو۔

يَا اَوَّلَ الْاَوَّلِيْنَ وَيَا اٰخِرَ الْاٰخِرِيْنَ وَيَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِيْنَ
وَيَا رَاحِمَ الْمَسَاكِيْنَ وَيَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

نکسیر کا مجرب علاج

مریض کی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے یہ آیت لکھیں اور تھوڑی سی ہلدی لے کر اس پر تین بار دم کرے پھر اس کو سونگھے دو تین بار عمل کرنے سے مرض ختم ہو جائے گا۔

إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ إِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ○ 35:41

ہر قسم کے پھوڑوں کا علاج

پاک مٹی لے کر اس پر شہادت کی انگلی لگائیں اور یہ کلمات پڑھتے ہوئے مٹی آلود انگلی سے پھوڑوں کے گرد دائرہ کھینچیں اور گیارہ (۱۱) دن یہ دم کریں گیارہ (۱۱) مرتبہ تمام پھوڑے پھنسی ختم ہوجائیں گی۔ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ رَبَّنَا، تُرْبَۃُ اَرْضِنَا، بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا، لِیُشْفٰی سَقِیْمُنَا، بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

لیکوریا کا خاتمہ

ایک پاؤزو (پنساری سے) لے کر اسے اچھی طرح پاؤڈر بنالیں۔ اس پر ہفت سلام گیارہ بار پڑھ کر دم کرکے وہ پاؤڈر سونے سے پہلے روزانہ اندام نہانی میں لگائے تو ان شاء اللہ چند روز میں اس آزار سے مکمل نجات نصیب ہوجائے گی۔

اگر کسی کی جادو کے ذریعے مردانہ قوت باندھ دی گئی ہو تو اس کے لئے یہ عمل تیر بہدف کا کام کرے گا۔

چہرہ خوبصورت ہوجائے

چہرے کی خوبصورتی کیلئے روزانہ ایک بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ الْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ الزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ○ 24:35

پھوڑے پھنسی کا تیر بہدف علاج

شہادت کی انگلی پر لعاب لگائیں پھر تین بار بسم اللہ، اللہ اکبر اور ایک بار اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ (زخرف ۷۹)پڑھ کر دم کریں اور وہ لعاب پھوڑے پھنسی یا زخم پر لگائیں ۔سبحان اللہ عجیب وغریب تاثیر رکھتا ہے۔خصوصاً وضو کے فوراً بعد اعضاء کو خشک کرنے سے پہلے اگر یہ عمل کیاجائے تو اس کی تاثیر بڑھ جاتی ہے۔عورتوں کیلئے یہی دم تیل پر کرکے دیں یعنی لعاب پر دم کرکے اسے تیل میں شامل کردیں۔الحمداللہ اس دم کی برکت سے کوڑھ جیسی بیماری کے مریض بھی ٹھیک ہوگئے۔وہ افراد جن کی انگلیوں کے پھوڑے گل کر گررہے تھے اس پر دم والے تیل کے لگانے سے بالکل ٹھیک ہوگئے۔

چہرے کے کیل مہاسوں کا علاج

لیموں کا رس تین بار کپڑے سے چھنا ہوا دوتولہ،عرق گلاب سہ آتشہ دوتولہ،گلیسرین بڑھیاوالی دوتولہ تینوں چیزوں کو ایک شیشی میں ڈال کر یکجان کرلیں۔چہرے کی خوبصورتی بڑھانے کیلئے ایک بہترین چیز تیار ہے۔دن میں کم ازکم تین مرتبہ استعمال کرنے سے چہرے کے داغ دھبے،کیل مہاسے وغیرہ کے دفعیہ کیلئے بے حد مفید ہے۔چہرے کی رنگت نکھر آتی ہے اور جلد ریشم کی مانند ملائم ہوجاتی ہے۔

داغ دھبوں کا علاج

اگر بدن یا چہرے پر کوئی داغ دھبہ ہواور اسے دور کرنا مقصود ہوتواکتالیس مرتبہ دوا یا مرہم پر مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کریں اور پھر وہ دوا یا مرہم استعمال کریں ان شاء اللہ ہر طرح کا داغ دھبہ دورہوجائے گا۔

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا

حضرت خضر علیہ السلام کی دعا

حضرت علیؓ فرماتے ہیں غزوہ بدر سے ایک دن پہلے حضرت خضر علیہ السلام سے میری ملاقات ہوئی۔ میں نے کہا کوئی ایسی دعا بتا دیجئے جس پر دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو۔ حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ دعا پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ بِحَقِّ الٓمٓ وَالٓمٓصٓ وَالٓرٰ وَالٓمٓرٰ وَ کٓھٰیٰعٓصٓ وَطٰہٰ وَطٰسٓمٓ وَطٰسٓ یٰسٓ وَصٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓعٓسٓقٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ وَقٓ وَ نٓ یَا مَنْ ھُوَ یَا مَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اِغْفِرْلِیْ وَانْصُرْنِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر۔

گویا والدین کا حق ادا کر دیا

ایک روایت میں آیا ہے کہ جو شخص اپنے والدین کی طرف سے حج کرے تو ان کو ایک حج کا ثواب ہوتا ہے اور حج کرنے والے کیلئے ۹ حجوں کا ثواب ہوتا ہے۔ علامہ عینیؒ نے شرح بخاری میں ایک حدیث نقل کی ہے کہ جو شخص ایک بار یہ دعا پڑھے اور اس کے بعد یہ کہے یا اللہ اس کا ثواب میرے ماں باپ کو پہنچادے تو اس نے والدین کا حق ادا کر دیا۔ دعا یہ ہے:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَ رَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ وَلَہُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔ لِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَلَہُ الْعَظَمَۃُ فِی السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔ ھُوَ الْمَلِکُ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ وَلَہُ النُّوْرُ فِی السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔

(حل مشکلات اور قضائے حاجات کے موثر، مجرب اور خاص اعمال)

یَالَطِیفُ کا عمل

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھیں نماز کے بعد گیارہ بار سورۃ الم نشرح پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر سولہ ہزار چھ سو اکتالیس (۱۶۶۴۱) بار یالطیف پڑھیں اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے دعا مانگیں۔ بہت عجیب اور سریع التاثیر عمل ہے۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سو انتیس (۱۲۹) دانے والی تسبیح لے کر قبلہ رخ بیٹھ جائیں ایک تسبیح پڑھ کر ان چاروں آیات کو پڑھیں یا ان میں سے کسی ایک کو پڑھیں۔

آیت نمبر ۱ : لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ○ 06:103

آیت نمبر ۲ : اَللّٰهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ○ 42:19

آیت نمبر ۳ : أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ○ 67:14

آیت نمبر ۴ : فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ○ وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا وَقَالَ يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِن قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي حَقًّا وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ بِكُم مِّنَ الْبَدْوِ مِن بَعْدِ أَن نَّزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ○ 12:99.100

آیت پڑھنے کے بعد پھر ایک تسبیح پڑھیں اور ہر تسبیح کے بعد چاروں آیات یا ان میں سے کوئی ایک یا دو آیات پڑھیں۔ یہ عمل ۱۲۹ بار دہرائیں اس طرح عدد ۱۶۶۴۱ پورا ہو جائے گا۔ یعنی ۱۲۹ دانوں والی تسبیح ۱۲۹ بار پڑھیں۔

درمیان میں آیات پڑھی جاتی ہیں ان کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کسی کو دشمنوں کی طرف سے تکلیف اور پریشانی ہو تو وہ ہر تسبیح کے بعد آیت نمبر ۱ پڑھے۔

جو روزی کی تنگی اور مشکل کا شکار ہو وہ آیت نمبر ۲ پڑھے۔

جو کسی مرتبے مقام عہدے یا درجے کا طلب گار ہووہ آیت نمبر ۳پڑھے۔

جو قید وبند کی مصیبت میں مبتلا ہووہ آیت نمبر ۴پڑھے

اور جسے چاروں طرح کی مشکلات درپیش ہوں وہ چاروں آیات پڑھ لے اسی طرح دویا تین آیات بھی حسب ضرورت پڑھ سکتے ہیں۔

اس عمل کیلئے عشاء کے بعد کا وقت بہترین ہے وضواچھی طرح آداب واہتمام سے کریں عمل توجہ اور محبت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی رضاء کیلئے ذکر اللہ کی نیت سے کریں اور تواضع اختیار کریں۔یادرکھیں یالطیف کا اکسیر عمل اسے بہت فائدہ دیتا ہے جو تواضع اختیار کرنے والا ہو۔ ہوسکے تو زندگی میں ایک بار یہ عمل ضرور کرلیں۔تب زندگی کا رخ آسانیوں اوررحمتوں کی طرف ہوجاتا ہے اور اگر توفیق ملے تو باربار کریں۔اللہ تعالیٰ کا ذکر جتنا کیا جائے اتنا مفید ہے۔یہ عمل کرنے کے بعد اگر روزانہ ایک سوانتیس باریالطیف کو معمول بنالیں اور آخر میں کوئی آیت بھی پڑھ لیا کریں تو بے حد مفید ہے۔

بسم اللہ کا عمل

اول آخر سات سات مرتبہ درودشریف مصلّٰی پر قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں پھر اٹھ کر دورکعت نماز پڑھ کر اپنی حاجت کیلئے دعا کریں۔پھر ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں یہ عمل بارہ مرتبہ دہرائیں۔اس طرح کل بارہ ہزار باربسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تلاوت ہوجائے گی اوربارہ مرتبہ دورکعت نماز اوربارہ مرتبہ دعا۔

درودشریف عمل کے شروع اور آخر میں سات سات بار پڑھ لیں اور دعا میں ہر بار ایک حاجت پیش کریں یا دویاتین اس سے زیادہ نہیں۔

یہ عمل بے حد موثر اور مفید ہے ناجائز کاموں کیلئے ہر گز نہ کریں اور نہ ہی

فضول اور مکروہ کاموں کیلئے۔

(تلقین فرمودہ امام العارفین حضرت مولانا قاری محمد عرفان صاحب زید مجدہم)

سورۃ الاخلاص کا مجرب عمل

باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار بار سورۃ الاخلاص پڑھیں پہلی مرتبہ پڑھنے سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر باقی بغیر بسم اللہ کے پڑھیں عمل کے اول وآخر میں سات سات بار درود شریف پڑھ لیں۔آخر میں اپنے مقصد کیلئے دعا کریں۔بہت طاقتور عمل ہے اور بعض اہل علم نے اسے اسم اعظم قرار دیا ہے۔

سورۃ الفاتحہ کا مجرب عمل

اچھی طرح وضو کرکے خلوت میں دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں پھر کھڑے ہو کر گیارہ بار درود شریف پڑھیں پھر اکتالیس بار سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف) اس طرح پڑھیں کہ پہلے ہر بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں پھر دوبارہ بسم اللہ اس طریقے سے پڑھیں کہ الرحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملادیں (رحیمِ الحَمدُللہِ) اس طریقے سے اکتالیس مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کر سجدہ میں چلے جائیں اور اپنی مشکلات کے حل کیلئے دعا کریں۔ان شاء اللہ ضرور قبول ہوگی۔اس عمل میں بیاسی بار بسم اللہ پڑھی جائے گی اور اکتالیس بار سورۃ الفاتحہ۔ نیز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس بار سورۃ الفاتحہ پڑھنا بھی بے حد مفید ہے۔

سحر کا مجرب علاج

بیری کے سات پتے جن میں سوراخ نہ ہو لے کر ان میں سے ہر پتے پر تین بار یہ آیت پڑھیں اور ہر بار پڑھ کر دم کریں

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُو الشَّيٰطِيْنُ۔۔۔سے۔۔۔لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ تک پوری آیت (البقرہ ۱۰۲)

اس طرح سات پتوں پر کل اکیس بار یہ آیت پڑھی جائے گی۔ان پتوں کو پاک ہاتھوں سے توڑکر پانی میں ڈال دیں۔مریض سات دن تک یہ پانی پیتا رہے۔پانی کم ہونے پر مزید پانی ملاتے رہیں۔یہ پانی گھر اوردکان پر بھی چھڑکیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ مجرب ہے۔

عمل آیت الکرسی

حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب نور اللہ مرقدہ جادو کے علاج کیلئے عمل آیت الکرسی تلقین فرمایا کرتے تھے عمل آیت الکرسی یہ ہے:

درود شریف تین بار،سورۃ الفاتحہ تین بار، آیت الکرسی تین بار ،سورۃ الاخلاص تین بار،سورۃ الفلق تین بار،سورۃ الناس تین بار،تین بار درود شریف۔

فجر، ظہر اورعشاء کے بعد پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور ہاتھوں پر دم کرکے پورے جسم پر پھیریں۔یہ دم مریض پر بھی کیا جاسکتا ہے۔بعض مشائخ اس میں سورۃ الکافرون کا اضافہ بھی فرماتے ہیں۔

دل کی غفلت دور کرنے اور ہدایت پانے کیلئے

وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ○ 79:19

فائدہ: جو سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہو یا برے افعال میں پڑ گیا ہو یا اللہ کی طرف سے غافل ہوگیا ہو تو اس آیت کو روزانہ ۱۰۱ بار پانی پر دم کرکے اسے پلائیں۔

ہر قسم کی مشکل سے نجات کا مجرب ترین عمل

شیخ حرم مولانا محمد مکی حجازی دامت برکاتہ عرصہ ۴۰ سال سے حرم کعبہ میں

درسِ قرآن دے رہے ہیں۔اس سے قبل ان کے والد صاحب مولانا خیر محمدؒ درس دیتے تھے وہ شفقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بندہ سے علاج بھی کرواتے ہیں اور اجازت بھی عطا فرمائی ان کا سب سے مجرب عمل لوگوں کے نفع کے لئے پیش کیا جارہا ہے۔

لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ○ 53:58

۱۰۰مرتبہ ۲۱دن اوّل آخر ۳ بار درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔

ایک مسنون دعاء

عصر کے بعد ۳۱۳ بار یہ مسنون دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

اوّل و آخر درود شریف پڑھیں۔

ایک آیت کریمہ کا عمل

عصر کے بعد پہلے دن ۶۱۳ مرتبہ اور آئندہ جس قدر چاہیں پڑھیں۔

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ○ 54:45 اوّل آخر درود شریف۔

اللہ الصّمد کے خواص

(ماخوذ از تبرکات مرتبہ حکیم محمد مشیر الدین صاحب رحمہ اللہ بابوزئی، شاہجہانپور)

۱۔ جس کسی کو مہم (اہم ضرورت) کلی وجزوی پیش آئے کسی طرح حل نہ ہو سکتی ہو چاہیے کہ اس کو نماز فجر وعشاء کے بعد ہزار بار اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور جو شخص بعد ہر نماز سو سو بار پڑھے کسی وقت رنجیدہ نہ ہو اور ایمان سلامت رہے۔

۲۔ اگر اَللّٰہُ الصَّمَد نماز عصر کے بعد پچاس بار پڑھے تو اس کا مرتبہ دونوں جہان میں بلند ہو۔

۳۔ اگر کسی کو کام مشکل ودشوار پیش ہو اور کوئی حل کی صورت نہ ہو تو بدھ کی رات کو نہائے اور ہزار بار پڑھے اس کا کام ان شاء اللہ تعالیٰ پورا ہو جائے۔

۴۔ جو کوئی تہجد کی نماز کے وقت بہت سا پڑھے جمال وجلا ل اللہ تعالیٰ جل شانہ کا نصیب ہو۔سب خلائق آسمان وزمین چرند پرند سب اس سے محبت رکھیں۔

۵۔ جس نے بعد عشاء اَللّٰہُ الصَّمَد پر مداومت کی صرف سوبار، تو وہ زیارت حضرت رسول مقبول(روحی فداہ)ﷺ سے مشرف ہو گا۔

ڈاڑھ کے درد کا دم

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ لکھتے ہیں کہ بصرہ میں ایک شخص ڈاڑھ کے درد کا دم کرتا تھا اور بخل کی وجہ سے کسی کہ نہ بتلاتا تھا۔جب مرنے لگا تو اس وقت دوات قلم منگوا کر وہ عمل لکھ کر بتا دیا عمل یہ تھا:

اَلٓمّٓصٓ طٰسٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اُسْكُنْ بِكٓهٰيٰعٓصٓ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا اُسْكُنْ بِالَّذِيْ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ اُسْكُنْ بِالَّذِيْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

شیخ الا سلام امام ابن القیمؒ اپنی کتاب "زاد المعاد فی ھدی خیر العباد" میں ایک حدیث بیان فرماتے ہیں کہ حضرت ابو خزامہؓ سے مروی ہے کہ میں نے حضورﷺ سے دریافت کیا کہ "آپ کی رائے جھاڑ پھونک،دوا اور بیماری سے بچنے کی دوسری تدبیروں کے بارے میں کیا ہے؟کیا ان سے خدا کی تقدیر ٹل سکتی ہے؟"حضورﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "یہ بھی تو خدا کی تقدیر ہے۔"

رحمتوں والے اعمال
کم عمل
زیادہ ثواب

ستّر ہزار فرشتوں کی دعائیں

حضوراکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص صبح کو یہ دعا تین بار پڑھ کر پھر سورۃالحشر کی آخری تین آیتیں پڑھے گا تو شام تک ستّر ہزار فرشتے اس کیلئے دعا کرتے رہیں گے اور اگر رات کو پڑھے تو صبح تک ستّر ہزار فرشتے دعا کریں گے اور اس دن مرگیا تو شہید مرے گا(ترمذی)

أَعُوذُ بِاللهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔

پھر سورۃالحشر کی آخری تین آیتیں:

هُوَ اللّٰهُ الَّذِی لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ○هُوَ اللّٰهُ الَّذِی لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ○هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِی السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ○ 59:22-24

مجلس کے خاتمہ پر مبارک دعا

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

(مستدرک جلداص ۵۳۶)

فائدہ: اس دعا کا فائدہ یہ ہے کہ اگر مجلس میں اچھی باتیں کی ہوں گی تو یہ کلمات ان پر مہر بن جائیں گے اور اگر فضول اور لغوباتیں کی ہوں گی تو وہ معاف ہوجائیں گی۔

ماہ شعبان کا عمل

یہ کلمہ تورات کے اندر بھی تھا اللہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا۔جو شخص یہ کلمہ شعبان میں کہے گا ایک ہزار سال کے گناہ معاف ہوں گے۔اسے ہزار سال کی

عبادت کا ثواب دوں گا۔جب وہ قبر سے نکلے گا اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح چمک رہا ہو گا۔ اسے صدیقوں کی شان دوں گا کلمہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْکَافِرُوْنَ۔

روزانہ ۱۰۰ بار پڑھیں۔

ابدال بننے کا نسخہ

حضرت امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ یہ دعا تین مرتبہ پڑھے گا اس کیلئے ابدال کا درجہ لکھا جاتا ہے۔ابدال اولیائے کرام میں بہت بڑا درجہ ہوتا ہے۔دعا یہ ہے :

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّۃِ مُحَمَّدٍ ﷺ

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ ﷺ

اَللّٰھُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ ﷺ

(مظاہر حق جدید ج ۴ ص ۵۹ قسط ۱۳۰)

مشکلات آسان ہو جائیں

رسول مقبول ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح ہوتے ہوئے اور شام ہوتے ہوئے یہ دعا سات مرتبہ پڑھ لے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام کاموں کا کفیل ہو جائے گا اور تمام فکروں سے نجات ہو جائے گی۔یعنی اس کی تمام حاجات پوری اور مشکلات آسان ہو جائیں گی دوسری روایت میں یہ ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن صبح کی نماز سے پہلے تین مرتبہ پڑھ لے گا اس کے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے دعا یہ ہے:

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ 9:129

(ذکر اللہ ص ۲۸)

حضرت شیخ بونیؒ کا ایک خاص الخاص عمل

جس کو کوئی حاجت درپیش ہو وہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کے روزے رکھے۔ جمعہ کے روز غسل کرکے مسجد جائے۔ راہ میں کچھ صدقہ دے پھر نماز سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَاَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ اَلَّذِیْ مَلَأَتْ عَظَمَتُہُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ وَاَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَبْصَارُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُعْطِیَنِیْ مَسْأَلَتِیْ وَتَقْضِیَ حَاجَتِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

یہاں اپنی ضرورت کا نام لے جو اسی وقت پوری ہوگی۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا یہ دعا جاہلوں کو نہ سکھاؤ ورنہ وہ ایک دوسرے پر بددعا کریں گے اور قبول ہوگی۔ (شمس المعارف الکبریٰ ص۲۵۹)

قید سے رہائی کا عمل

جمعرات کی رات اس دعا کو ایک ہزار بار پڑھیں۔ قید سے حفاظت اور قید سے خلاصی کیلئے مجرب ہے:

یَارَبِّ اَنْتَ صَمَدِیْ وَمِنْکَ مَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ

اول آخر گیارہ بار یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

یہ درود شریف درود قادری کہلاتا ہے۔ اور اس عمل کی تلقین ہمارے شیخ،

شیخ طریقت حضرت مولانا سید محمود صاحب عرف صندل باباجی زید مجدہ فرماتے ہیں۔نیزروزانہ ایک ہزار یا واحد یا احد پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ قید سے خلاصی عطا فرماتے ہیں۔

ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں

حضوراکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص لَآاِلٰہَ اِلَّا اللہ پڑھے گا اس کیلئے جنت واجب ہوجائے گی اور جو شخص سومرتبہ پڑھے گا اس کیلئے ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی۔(الحاکم وقال صحیح الاسناد)

اور اس تسبیح کے ہر مرتبہ پڑھنے پر جنت میں ایک درخت لگادیاجائے گا۔(بزار)

بے بسی ختم ہواور کام جلدی ہو

رزق کی ترقی اور برکت کیلئے یا کوئی کام بس سے باہر ہواور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو یا اگر کسی کام میں آسانی اور جلدی مطلوب ہوتو سورۃ المزمل ایک بیٹھک میں ۴۱بارتین دن تک پڑھیں اس عمل سے دوسروں کو نقصان پہنچانا مقصود نہیں ہونا چاہیے۔

عظیم الشان وظیفہ

حضرت ابو ایوب انصاریؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جب سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، آیت شَهِدَ اللّٰهُ اور قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ ۔۔۔بِغَيْرِ حِسَابٍ○ نازل ہوئی تو عرش سے معلق ہوکر فریاد کی کہ کیا آپ ہم کو ایسی قوم پر نازل فرمارہے ہیں جو گناہوں کا ارتکاب کریں گے ارشاد ہوا کہ قسم میری عزت وجلال اور ارتفاع مکان کی کہ جو لوگ ہر نماز فرض کے بعد تمہاری تلاوت کریں گے ہم ان کی مغفرت

فرمائیں گے اور جنت الفردوس میں جگہ دیں گے اور ہر روز ستّر مرتبہ نظر رحمت سے دیکھیں گے اور اس کی ستّر حاجتیں پوری کریں گے جس کا ادنیٰ درجہ مغفرت ہے۔(دیلمی)

فائدہ : بعض روایات میں ہے کہ ہم اس کے دشمنوں پر اس کا غلبہ عطا کریں گے۔(تفسیر روح المعانی پ۳ص۱۰۶)

پڑھنے کا طریقہ : الحمد شریف، آیت الکرسی پڑھ کر یہ پڑھے

شَهِدَ اللَّهُ أَنَّهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَآئِكَةُ وَأُولُو الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ ۚ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَمَن يَكْفُرْ بِآيَاتِ اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ○ 03:18-19 پھر یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَاءُ وَتَنزِعُ الْمُلْكَ مِمَّن تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَن تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ 03:26-27

اللہ تعالیٰ کو محبوب کلمات

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں ترازو میں بہت وزنی ہیں اور اللہ تعالیٰ کو بہت پیارے ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ط

دشمن سے حفاظت کیلئے

اگر اس دعا کو پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرکے پورے بدن پر پھیر لے تو دشمن

سے محفوظ رہے گا۔ دشمن کے ہجوم سے بھی گزر جائے تو وہ اسے نہ دیکھ سکیں گے وہ یہ ہے:

لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ○ 06:103

مال کا گم ہو جانا

۱۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو یہ دعا پڑھ کر اپنی گم شدہ چیز کے مل جانے کی دعا کر لے ان شاء اللہ بہت جلد وہ چیز مل جائے گی۔

"یَاجَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیهِ إِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیعَادِ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ کَذَا" فَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَجْمَعُ بَیْنَكَ وَبَیْنَ ذَالِكَ الشَّیْءِ۔

"ذَالِكَ الشَّیْءِ" کی جگہ اپنی گم شدہ چیز کا تذکرہ کرے اسی طرح اگر کسی انسان کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو اس شخص کا نام لے۔

۲۔ اگر کسی چیز یا مال کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو تو سورۃ القصص لکھ کر اس جگہ لٹکا دے جہاں مال رکھا ہوا ہو، ان شاء اللہ وہ مال ضائع اور برباد نہیں ہو گا۔

۳۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو سورۃ الضحیٰ سات بار پڑھ کر اس چیز کی واپسی کیلئے دعا کرے۔ جب وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی پر پہنچے تو اسے تین بار پڑھے ان شاء اللہ وہ چیز مل جائے گی اگر وہ چیز نہیں ملے گی تو اللہ تعالیٰ اس کا نعم البدل عطا فرمائے گا۔

۴۔ اگر کسی کی کوئی چیز چوری ہو گئی ہو تو جس دروازہ سے مال نکلا ہو اس دروازہ پر کھڑے ہو کر سورۃ الطارق پڑھنے سے وہ مال واپس مل جائے گا۔

۵۔ جس شخص کی کوئی چیز گم ہو جائے تو ۱۱۹ بار یا حفیظ اور ۱۱۹ بار یہ آیت پڑھ کر اس چیز کی واپسی کی دعا کرے ان شاء اللہ وہ چیز مل جائے گی۔ مجرب ہے آیت یہ ہے:

یَابُنَیَّ إِنَّهَا إِن تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُن فِی صَخْرَةٍ أَوْ فِی السَّمَاوَاتِ أَوْ فِی الْأَرْضِ یَأْتِ بِهَا اللّٰهُ۔ 31:16

۶۔ گمشدہ چیز کے مل جانے کیلئے اس دعا کی کثرت کرلے:

"یَاجَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّارَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ۔"

ان شاء اللہ اس دعا کی برکت سے وہ چیز مل جائے گی۔

۷۔ ان آیتوں کو روٹی یا کسی کھانے کی چیز پر لکھ کر جس پر چوری کا شبہ ہو اسے کھلائے اگر وہ واقعی چور ہوگا تو وہ نہیں کھاسکے گا۔ آیات یہ ہیں:

وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْساً فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ○ يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ وَمِن وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ○ أَلَّا يَسْجُدُوا لِلّٰهِ الَّذِي يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ○ اَللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ○ وَبِالْحَقِّ أَنزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا○ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ۔

۸۔ اگر کسی کی کوئی چیز کھو گئی ہو تو اپنی انگشت شہادت کو اپنے سر کے چار جانب گھماتے ہوئے سات مرتبہ سورۃ الضحیٰ پڑھے پھر ایک مرتبہ

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ۔ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ اَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ۔

پڑھ کر تین مرتبہ تالی بجائے اس عمل کے دوران کھوئی ہوئی چیز کا تصور ذہن میں رکھے ان شاء اللہ بہت جلد وہ چیز مل جائے گی۔ نہایت مجرب عمل ہے۔ (مجربات حضرت مولانا عبداللہ شہید)

مفرور کی واپسی

۱۔ جمعہ کی رات میں نماز عشاء کے بعد دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد تین بار سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے

بعد تین بار سورۃ الاخلاص پڑھے پھر سلام پھیر کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دوہزار بار سورۃ الضحیٰ مع بسم اللہ پڑھے اور پھر گیارہ باردرود شریف پڑھ کر بھاگے ہوئے کی واپسی کی دعا مانگ کر سوجائے۔ان شاء اللہ مفرور بہت جلد واپس آجائے گا۔

۲۔ دو رکعت نفل پڑھ کر ۱۱۹ بار یہ آیت پڑھ کر دعامانگے ان شاء اللہ بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔یہ عمل ۴۰ روز تک جاری رکھے۔آیت یہ ہے:

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ۔ 28:85

دفع آسیب وجن

۱۔ حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ امام غزالیؒ نے ایک بزرگ کا قصہ نقل کیا ہے کہ کسی بزرگ کی ایک لونڈی شب کو پیشاب کرنے بیٹھی اور آسیب کے اثر سے بے ہوش ہوگئی۔ان بزرگ نے اٹھ کر یہ کلمات پڑھے تو وہ اسی وقت اچھی ہوگئی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ الٓمّٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمّٓ كٓهٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ۔

۲۔ چالیس روزتک روزانہ دو رکعت نفل نماز پڑھ کر ۱۱۹ بار یہ آیت پڑھے اور پھر بھاگے ہوئے کی واپسی کیلئے دعا کرے۔ان شاء اللہ مفرورواپس آجائے گا۔

یَا بُنَیَّ إِنَّهَا إِن تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُن فِی صَخْرَةٍ أَوْ فِی السَّمَاوَاتِ أَوْ فِی الْأَرْضِ یَأْتِ بِهَا اللَّهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَطِیفٌ خَبِیرٌ ○ 31:16

مکان کی حفاظت کیلئے

جس مکان میں جن وشیاطین یا آسیب یا بھوت پریت چڑیل وغیرہ ارواح خبیثہ کا اثر ہو تو پیر کے دن یا بدھ یا جمعرات کے دن بساعت مشتری یا زہرہ پوری سورۃ البقرہ اس مکان میں بیٹھ کر درمیانی آواز سے پڑھے اور ایک گلاس پانی کا بھر کر اپنے

قریب رکھ لے اور جب سورۃ ختم ہوجائے تو اس پانی پر دم کرکے مکان کی دیواروں پر اس طرح چھڑک دے کہ پانی زمین میں نہ گرے اور ساعت کا حساب سورج نکلنے کے وقت سے لگائے۔ان شاء اللہ کسی قسم کا اثر مکان میں نہ رہے گا۔ مجرب ہے۔

ہر قسم کی بواسیر کیلئے

دو رکعت اس مرض کی شفاء کیلئے پڑھیں پہلی رکعت میں اَلَمْ نَشْرَحْ دوسری رکعت میں اَلَمْ تَرَ کَیْفَ پڑھیں سلام کے بعد ستّر 70 مرتبہ اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ، سبحان اللہ وبحمدہ پڑھیں، ان شاء اللہ ۲۱ دن میں مرض سے شفامل جائے گی۔

چلاسی مجربات

ہر قسم کے حل مشکلات کا مجرب عمل بعد از نماز مغرب ۲ رکعت نفل صلوٰۃ حاجت پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد آیت الکرسی ۳بار اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص ۳بار پڑھیں نماز کے بعد یہ آیت ۱۰۰بار پڑھ کر دعا کریں ہر قسم کی مشکل ترین حاجات بھی حل ہوں گی اس کی اجازت اور دیگر اعمال کی اجازت بندہ کو حضرت اقدس چلاسی بابا نے عطا کی ہے آیت یہ ہے۔

اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ۔ 39:36

(مجربات چلاسی بابا)

برائے حاجت

۱۔ بعد نوافل مغرب تنہائی میں بیٹھ کر اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر ۱۰۰ بار یَارَبِّ یَارَبِّ یَارَبِّ کہے جو خدا سے چاہے گا وہ ملے گا اور اگر ہزار بار اس کی تکرار کرے گا تو یقیناً اس کی حاجت پوری ہوگی۔سات دن تک اس عمل کو کرے عروج

ماہ میں نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔

۲۔ جس شخص کو کوئی سخت سے سخت کام درپیش ہو تو اس کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر چند بار یہ کلمات پڑھے جب تک وہ پریشانی دور نہ ہو برابر ایسا کرتا رہے دعایہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَفْتِحُکَ بِاُمِّ یَحْیٰی بْنِ زَکَرِیَّا یَا مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔

حادثات سے بچنے کا وظیفہ

حضرت طلق فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابوالدرداءؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ آپ کا مکان جل گیا۔ فرمایا نہیں جلا پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی تو فرمایا نہیں جلا پھر تیسرے آدمی نے یہی خبر دی آپ نے فرمایا نہیں جلا پھر ایک اور شخص نے آکر کہا کہ اے ابوالدرداء! آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے مگر جب آپ کے مکان تک آگ پہنچی تو بجھ گئی فرمایا مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرا مکان جل جائے)۔ کیوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے اس لئے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا۔

وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَ اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَ مَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ

بِنَاصِيَتِهَا إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ۔

پورا ہفتہ شر سے محفوظ رہنے کیلئے عمل

اگر یہ عمل کوئی بھی شخص اپنا وظیفہ بنالے پورا ہفتہ یہ شر سے محفوظ رہے گا اور رزق میں بے پناہ ترقی ہوگی قیامت کے دن ذاکرین میں اُٹھایا جائے گا۔

بروز جمعہ کا وظیفہ	یَآ اَللّٰہُ یَاوَاحِدُ	300 بار
بروز ہفتہ	یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ	300بار
بروز اتوار	یَاوَاحِدُ یَآاَحَدُ	300 بار
بروز پیر	یَاصَمَدُ یَارَؤُفُ	300 بار
بروز منگل	یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ	300 بار
بروز بدھ	یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ	300 بار
بروزجمعرات	یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ	300 بار

اس کے علاوہ ابدال میں شامل ہونے کیلئے روزانہ تیسرا کلمہ،درود شریف اور استغفار ۲۰۰بار پڑھیں۔

ان شاء اللہ اہل اللہ سے نسبت قائم ہوگی

درد سر کیلئے

مریض کی کنپٹیوں کو شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے دبائیں اورسورۃ الناس پڑھتے ہوئے انگلی اور انگوٹھے کو ماتھے کی طرف لاتے ہوئے آخر میں آپس میں ملائیں اسی طرح سورۃ الناس ۳بار پڑھیں اور لفظ الناس تین بار دھرائیں۔

(مجربات شاہ زمان)

آیات الحفظ کی فضیلت

یہ آیات آیات الحفظ کہلاتی ہیں صبح وشام انکا ورد کرنے والا ہر شر اور نقصان سے محفوظ رہتا ہے امام دیربی نے کسی بزرگ کا واقعہ لکھاہے کہ ایک بار وہ سفر میں تھے کہ ایک بھیڑیے کو بکری کے بچے کے ساتھ کھیلتے ہوئے دیکھا تو بہت حیران ہوئے تو اچانک ان کی نگاہ بکری کے بچے کے گلے پر پڑی، تو دیکھا اس میں یہ آیات لکھ کر باندھی ہوئی تھیں۔

وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا ص وَّهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ○ وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ ○ وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيْمٍ ○ وَحِفْظًا ط ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○ إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ○ إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ○ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ○ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ○ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ○ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ○ هَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ○ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ○ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ○ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ○ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ○ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ○ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۔ إِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ○ لَهٗ مُعَقِّبَاتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ ۔ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ ○ وَكُنَّا لَهُمْ حَافِظِيْنَ ○ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ○ اَللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَآ أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ○ وَعِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيْظٌ ○ لِكُلِّ أَوَّابٍ حَفِيْظٍ ○ وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِيْنَ ○

تمام دن ظالموں کے شر سے محفوظ رہیں
حضرت انسؓ کی دعا

یہ دعاجناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت انس بن مالکؓ کو تعلیم فرمائی اور فرمایا کہ جو شخص صبح کو یہ دعا پڑھے تو دن بھر کوئی ظالم اسے نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی اَھْلِیْ وَ مَالِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ اَعْطَانِیْہِ رَبِّیْ أَللّٰہُ اَکْبَرُ أَللّٰہُ اَکْبَرُ أَللّٰہُ اَکْبَرُ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِمَّآ اَخَافُ وَ اَحْذَرُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا عَزَّ جَارُکَ وَ جَلَّ ثَنَآءُکَ وَ تَقَدَّسَتْ اَسْمَآءُکَ وَ لَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ ط اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَّ شَیْطٰنٍ مَّرِیْدٍ وَّمِنْ شَرِّ قَضَآءِ السُّوْءِ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ط

دعاءامام ابو حنیفہؒ برائے قرب الی اللہ

امام ابوحنیفہؒ نے اللہ تعالیٰ کو سوبار خواب میں دیکھاجب سوویں مرتبہ خواب میں دیکھا تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے پوچھا کہ یااللہ تیرے بندے تیرا قرب حاصل کرنے کیلئے کیا پڑھیں تو یہ دعا رب العزت نے خواب میں بتلائی:

سُبْحَانَ الْاَبَدِیِّ الْاَبَدِ، سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ، سُبْحَانَ الْفَرْدِ الصَّمَدِ، سُبْحَانَ رَافِعِ السَّمَآءِ بِغَیْرِ عَمَدٍ، سُبْحَانَ مَنْ بَسَطَ الْاَرْضَ عَلٰی مَاءٍ جَمَدٍ۔ سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الْخَلْقَ فَاَحْصَاھُمْ عَدَدًا.

اگر کوئی برے افعال کا شکار ہو جائے

جو دین سے غافل ہو سیدھے راستے سے بھٹک جائے یا برے افعال میں مبتلا ہو جائے تو اس کو پانی پر ۱۰۱ بار پڑھ کر دم کر کے ۴۱ دن تک پلائیں۔

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ 02:05

عزت و عظمت میں اضافہ کیلئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی مقبولیت، عزت و عظمت اور شان و بزرگی کی لوگ قدر کریں اور اسے عزت دیں تو اسے چاہیے کہ بعد نماز عشاء روزانہ پابندی کے ساتھ اوّل تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ۹۴ بار یا عزیز پڑھے اس کے بعد ۳ بار یہ پڑھے:

یَاعَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِكَ یَاعَزِیْزُ۔

آخر میں ۳ بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت و عظمت میں اضافے کی دعا کرے۔ چند ہفتے کرنے کے بعد ان شاء اللہ اس کی عزت و عظمت میں اضافہ ہو جائے گا۔

عزت پانے کیلئے

اگر کوئی شخص لوگوں کی نظروں سے گر گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی عزت قائم ہو جائے تو وہ اس آیت کو ۱۱ بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لے۔

فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ 36:83

شیاطین سے حفاظت کیلئے

یہ دعا ہر نماز کے ساتھ تین بار پڑھتے رہنے سے جنات ہمیشہ کیلئے پیچھا چھوڑ دیتے ہیں۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ کَفٰی، سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ دَعَا، وَلَیْسَ وَرَآءَ اللّٰہِ الْمُنْتَھٰی۔

جنات سے حفاظت کا عمل

اگر آپ کہیں بھی جنات کے شکنجے میں آجائیں کتنے ہی جنات کیوں نہ ہوں آپ ایک بار آیت الکرسی اور ۷۰ بار وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا پڑھیں تمام جنات آپ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے۔

نظر بد کیلئے

نظر بد کیلئے یہ آیت ۷ بار پڑھنا نہایت مجرب ہے۔

وَإِنْ يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ○ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ○ 68:51.52

نماز مغرب کے بعد یہ پڑھے

حضرت مسلم تمیمی ؓ نے رسول اکرم ﷺ کا ارشاد نقل فرمایا ہے کہ نماز مغرب سے فارغ ہوکر کسی سے بات کرنے سے پہلے سات مرتبہ یہ کہہ لو

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ط

اور پھر اگر اسی رات کو تمہاری موت آگئی تو دوزخ سے محفوظ ہوجاؤ گے اور اگر اس دعا کو سات بار نماز فجر کے بعد کسی سے بات کئے بغیر کہہ لوگے اور اسی دن مرجاؤ گے تو دوزخ سے محفوظ رہو گے۔(ابوداؤد،نسائی، ابن حبان)

نماز عشاء کے بعد یہ پڑھے

آخرت میں کامیابی کیلئے روزانہ ایک بار بعد نماز عشاء سورۃ الملک کی تلاوت کریں۔

جو مانگے وہ عطا ہو

حضرت حسنؒ فرماتے ہیں کہ حضرت سمرہ بن جندبؓ نے فرمایا کہ میں تمہیں ایک ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے کئی بار سنی اور حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ سے بھی کئی بار سنی ہے میں نے عرض کیا ضرور سنائیں۔ حضرت سمرہؓ نے فرمایا جو شخص صبح اور شام یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ أَنْتَ خَلَقْتَنِیْ، وَأَنْتَ تَھْدِیْنِیْ، وَأَنْتَ تُطْعِمُنِیْ، وَأَنْتَ تَسْقِیْنِیْ، وَأَنْتَ تُمِیْتُنِیْ، وَأَنْتَ تُحْیِیْنِیْ۔

اوراس کے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے جو مانگے گا اللہ تعالیٰ ضرور اس کو عطا فرمائیں گے۔(الطبرانی فی الاوسط باسناد حسن، مجمع الزوائد)

بڑا نور حاصل کرنے کیلئے

حافظ ابو بکر بزارؒ اپنی کتاب میں لائے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس آیت کو رات کے وقت پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے اتنا بڑا نور عطا فرمائے گا جو عدن سے مکہ شریف تک پہنچے:

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ أَحَدًا ○ 18:110

موت کے سوا ہر چیز سے امن

مسند بزار میں حدیث ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تم بستر پر لیٹو اور سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص پڑھ لو تو موت کے سوا ہر چیز سے امن میں رہو گے۔ (تفسیر ابن کثیر، ج ۱، ص ۳۲)

نمازِ جمعہ کے بعد گناہ معاف کروانے کا ایک نبوی نسخہ

جو آدمی جمعہ کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے گا

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ

تو حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ اس کے پڑھنے والے کے ایک لاکھ گناہ معاف ہوں گے اور اس کے والدین کے چوبیس ہزار گناہ معاف ہوں گے۔

(رواہ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ ص۲۳۴)

حصول ملازمت کیلئے سورۃ الضحیٰ کا خاص عمل

سورۃ الضحیٰ کو عالمین نے پر تاثیر مانا ہے اس میں نو مقام پر کاف(ک) آیا ہے آپ نماز فجر کے بعد وہیں بیٹھیں اور یہ سورۃ اس طرح پڑھیں کہ جب کاف آئے تو یاکریم نوبار پڑھیں اگر خدانخواستہ ملازمت نہ ملی تو یہ عمل اٹھارہ بار پڑھیں اگر پھر بھی حاجت پوری نہ ہو تو ستائیس بار پڑھیں اور ہر کاف پر ستائیس بار یاکریم پڑھیں بفضل خدا شرطیہ ملازمت مل جائے گی۔

(شرعی علاج بحوالہ خزانہ اعمال ص۱۱)

لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ○ 28:24

فائدہ: اگر آپ کی لڑکی کیلئے رشتہ نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو تو آپ ۱۱۲ بار اس آیت کو پڑھیں اور تین بار سورۃ الضحیٰ پڑھیں اور یہ عمل ہر مہینہ کے شروع میں ۱۱دن تک کریں اور تین مہینہ تک جاری رکھیں۔ان شاء اللہ اچھا رشتہ نصیب ہو گا۔

ہفت سلام کا عمل

اگر جادو کے ذریعے کسی پر بیماری مسلط کی گئی ہو تو ان آیات شفاء اور ہفت سلام کو ۱۱بار پڑھ کر دم کرکے پئیں اور تیل پر دم کرکے مالش کریں۔

(1)سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (2)سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ(3)سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ (4)سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَ هٰرُوْنَ(5)سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ(6)سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ(7)سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔

(1) وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ(2)وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ(3) یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ(4)وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ(5)وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ(6)قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَآءٌ۔

شب قدر کی پہچان کا طریقہ

شیخ محی الدین ابن عربیؒ لیلۃ القدر کی پہچان میں فرماتے ہیں کہ اگر پہلا روزہ جمعہ کے دن کا ہوتو لیلۃالقدر ۲۹ویں شب ہوگی،اگر ہفتہ کا ہوتو ۲۱ویں،اگر اتوار کا ہوتو ۲۷ویں،اگر پیر کا ہوتو ۱۹ویں،اگر منگل کاہوتو۲۵ویں،اگر بدھ کا ہوتو ۱۷ویں اور اگر جمعرات کا ہوتو ۱۰ویں کے بعد کی طاق راتوں میں سے کسی رات میں ہوگی۔(الکنزالمدفون ص۳)

حضرت شیخ ابوالحسن خرقانیؒ اپنے ایک رسالہ میں لکھتے ہیں کہ اگر یکم رمضان اتوار کو ہوتو شب قدر۲۹ویں شب ہوگی،اگر پیر کو ہوتو ۲۱ویں،منگل کو ہوتو۲۷ویں،بدھ کو ہوتو۱۹ویں،جمعرات کو ہوتو ۲۵ویں،جمعہ کو ہوتو۱۷ویں اور اگر ہفتہ کو ہوتو ۲۳ویں شب ہوگی۔

ہر سال حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کیلئے خاص عمل

طواف الوداع کے بعد میزاب رحمت کے نیچے دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر سامنے کعبہ کی دیوار پر انگلی سے یہ آیت لکھیں:

اِنَّ الَّذِیۡ فَرَضَ عَلَیۡکَ الۡقُرۡاٰنَ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ۔ 28:85

اس کے بعد دعاکریں کہ حق تعالیٰ ہر سال حاضری اور حج و عمرہ کی سعادت عطافرمائیں۔اس کے بعد گھر پہنچ کر صلوٰۃ الحاجت دو رکعت پڑھیں اس کے بعد سورۃ یٰس کی تلاوت کریں اور ہر مبین پر سات بار سورۃ الفاتحہ پڑھیں،سورۃ پوری ہونے پر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ ہر سال حج کی سعادت عطاءفرمائیں۔ان شاء اللہ ہر سال حاضری نصیب ہوگی۔(اکابر علماءدیوبند کا مجرب عمل ہے۔جو حضرات قارئین یہ عمل کریں لکھنے والے کو بھی اس دعا میں شامل فرمائیں۔)

برائے زیارت نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

جو شخص خواب میں حضرت نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی زیارت سے مشرف ہونا چاہے تو اس کو چاہیے کہ دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃالفاتحہ کے بعد سو بار سورۃالاخلاص پڑھے جب نماز سے فارغ ہوجائے تو اس دعا کو ۷ بار پڑھے:

وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ

ان شاء اللہ تعالیٰ وہ زیارت سے مشرف ہوگا۔اس عمل کو پڑھنے کے وقت ان باتوں کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے جسم پاک ہو، کپڑے پاک ہوں، بستر پاک ہو اور عطریات سے ہرچیز کو بسائے اور اس کو منگل کا دن ختم ہوکر بدھ کی شب سے شروع کریں۔ان شاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی شب میں ورنہ تین راتوں میں ضرور زیارت سرورِ کونین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے مشرف ہوگا۔مجرب ہے۔

آیت قطب کے عجیب وغریب اوصاف

۱۔ جو شخص بعد نماز فجر روزانہ چالیس بار پڑھے جو کچھ چاہے حق سبحانہ وتعالیٰ اس کو عطا فرمائیں گے۔

۲۔ جس کسی کو بادشاہ یا امیر سے کوئی کام درپیش ہو اور مشکل نظر آئے، دو رکعت نماز نفل ادا کرے مصلّے پر تین بار یہ آیت پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیرے، مراد بر آئے۔

۳۔ جس کسی پر دیو، جن، پری، آسیب کا اثر ہو بائیں کان میں یہ آیت پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ اثر جاتا رہے گا۔

۴۔ بچھو کے کاٹے ہوئے پر اس کے سیدھے کان میں پڑھ کر پھونک مارے ان شاء اللہ صحت پائے گا۔

۵۔ جو شخص کسی مہم یا جنگ کیلئے پندرہ یا تیرہ مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ فتح پائے گا۔

۶۔ جو شخص چار بار پڑھ کر دشمن کے گھر پر پھونک مارے دشمن کا گھر خراب ہو جائے گا۔

۷۔ جو شخص دشمن پر غالب آنا چاہے ۱۲ بار پڑھے ان شاء اللہ دشمن مطیع ہو جائے گا۔

۸۔ جو کوئی سات بار پڑھ کر اگر کسی مجلس میں آئے تو مجلس والے اس سے تعظیم سے پیش آئیں گے۔

۹۔ جو کوئی نو درم شہد اور دو درم دکھنی مرچوں پر دم کر کے کھائے قوت باہ زیادہ ہو جائے۔

۱۰۔ جو کوئی روزانہ ہزار بار پڑھے گا روزی زیادہ ہو گی۔ غیب سے رزق پہنچے گا۔

۱۱۔ اگر گھوڑا شرارت کرے تو تین بار پڑھ کر دم کرے۔

آیت یہ ہے:

ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّن بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَغْشَىٰ طَائِفَةً مِّنكُمْ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ الْأَمْرِ مِن شَيْءٍ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ يُخْفُونَ فِي أَنفُسِهِم مَّا لَا يُبْدُونَ لَكَ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَاهُنَا قُل لَّوْ كُنتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ

لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ○ 03:154

دعا کی قبولیت کیلئے مجرب عمل

مشائخ وعلماء نے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھنے کے فوائد میں لکھا ہے کہ اس آیت کو ایک ہزار مرتبہ جذبہ ایمان اور اعتقاد کے ساتھ پڑھا جائے اور دعا مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ رد نہیں فرماتا۔ ہجوم افکار اور مصائب کے وقت مجرب ہے۔

وظیفہ خاص حضرت شاہ ابرار الحق

اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں پھر اس کے بعد آیت حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ درج ذیل مقاصد میں سے جس کیلئے پڑھیں کامیابی ہوگی۔

۱۔ حفاظت از شرور وفتن کیلئے ۳۴۱ بار پڑھیں۔

۲۔ برائے وسعت رزق و ادائے قرض ۳۰۸ بار پڑھیں۔

۳۔ برائے تکمیل خاص کام ۱۱۱ بار پڑھیں۔

۴۔ برائے کفالت از مصائب وپریشانی ۱۴۰ بار پڑھیں۔

(بیان فرمودہ حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب)

نظر بد دور کرنے کا مسنون وظیفہ

ابن عساکر میں ہے کہ جبرائیل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس تشریف لائے آپ ﷺ اس وقت غمزدہ تھے سبب پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا حسنؓ و حسینؓ کو نظر لگ گئی ہے۔ فرمایا یہ سچائی کے قابل چیز نظر واقعی لگتی ہے۔ آپ نے یہ کلمات پڑھ کر انہیں پناہ میں کیوں نہ دیا؟ حضور ﷺ نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں؟ فرمایا:

اَللّٰھُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِیْمِ ذَا الْوَجْہِ الْکَرِیْمِ
وَبِاَنَّ الْکَلِمَاتِ التَّآمَّاتِ وَالدَّعَوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ
الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ.

حضور ﷺ نے یہ دعا پڑھی تو اسی وقت دونوں بچے اٹھ کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ کے سامنے کھیلنے کودنے لگے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا لوگو! اپنی جانوں کو اپنی بیویوں کو اور اپنی اولاد کو اسی پناہ (دعائے جبرائیل) کے ساتھ پناہ دیا کرو اس جیسی اور کوئی پناہ کی دعا نہیں۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۵، ص ۴۱۶)

فائدہ: اول آخر درود شریف پڑھ کر مذکورہ بالا دعا تین مرتبہ پڑھیں اور مریض پر دم کریں عمل ایک مجلس میں تین بار کریں۔ دعا کے اندر جہاں حضرت حسنؓ و حسینؓ کا نام ہے ان کی جگہ پر موجودہ مریض کا نام لیں۔ مثلاً عافِ الطافِ من انفس الجن واعین الانس

خیر وبرکت کیلئے

جمعرات کے دن باوضو اس آیت کو لکھ کر مکان یا دکان کے دروازے پر لٹکانے سے خیر وبرکت ہو۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ○
یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ○ 3:73.74

جو شخص جمعہ کے دن بعد عصر آیت الکرسی ۳۱۳ بار پڑھے تو ایسی خیر وبرکت ہو کہ جس کا وہم و گمان بھی نہ ہو۔

کاروبار کی ترقی کا عمل

فجر کی نماز کے بعد سورۃ النصر (اذا جاء نصر اللہ) ۴۱ مرتبہ ۴۱ دن پڑھیں بہترین کاروبار چلے گا۔

برائے مکان اور ترقی رزق

اگر کسی کا ذاتی مکان نہ ہو اس کیلئے یہ عمل نہایت مجرب ہے کہ بعد از نماز عشاء مع اوّل آخر ۱۱ بار درود شریف یہ آیت ۱۵۰ بار پڑھے۔(سورۃ الاعراف، آیت ۱۰)

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ○

کشائش رزق کیلئے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَحْمَدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

جو شخص بعد نماز جمعہ پاک وصاف ہو کر پینتیس مرتبہ یہ لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اسے غیب سے رزق عطا فرمائے گا اور وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

جنتی تعویذ

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے یہ تعویذ بطور حضور ﷺ کے معجزہ کے نقل کیا ہے فرماتے ہیں جب حضرت آمنہؓ کے بطن مبارک میں آنحضرت ﷺ منتقل ہوئے تو حضرت آمنہؓ کو خواب میں کچھ فرشتے نظر آئے انہوں نے حضرت آمنہؓ کو عرض کیا آپ کو ساری کائنات میں سے افضل ترین ذات گرامی کا حمل ہے جب آپ ان کو جنیں تو ان کا نام محمد رکھنا اور سونے کے طباق میں ایک تعویذ رکھا ہوا پیش کیا کہ یہ ان کو ولادت کے بعد پہنادیں۔اس تعویذ کو امام بیہقی نے اور امام ابو نعیم اصفہانی نے اپنی اپنی دلائل النبوۃ میں اور ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں اور علامہ سیوطی نے الخصائص الکبریٰ میں ذکر کیا ہے۔ہم اس تحفہ خاص کو اپنے قارئین کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں ہم نے خود بھی اس کو بہت سے مقاصد میں استعمال کیا اور کرایا ہے تیر بہدف پایا ہے۔ایک شخص کو اولاد نرینہ کیلئے دیا تھا اور ہدایت کی تھی کہ عورت کو امید ہونے اور بچہ کے

اعضاء جسمانی بننے سے پہلے پہلے اس کو کمر میں اس طرح پہنائیں کہ تعویذ ناف پر رہے ان شاء اللہ بیٹا پیدا ہو گا۔ چنانچہ اس نے ایک دن آکر بیٹے کی ولادت کی خبر سنائی۔ یہ تعویذ میرے حضرت مفتی جمیل احمد صاحب تھانویؒ کے معمولات میں سے تھا آپ اس کو ہر مقصد میں استعمال کراتے تھے اور اس مقصد کے مطابق طریقہ استعمال تجویز کرتے تھے۔ تعویذ یہ ہے۔

اعیذہ بالواحد من شر کل حاسد وکل خلق رائد من قائم و قاعد عن السبیل عائد علی الفساد جاھد من نافث او عاقد و کل خلق ماردیا خذ بالمراصد فی طرق الموارد انہا ھم عنہ باللہ الاعلیٰ و احوطہ منہم بالید العلیا و الکف الذی لا یری ید اللہ فوق ایدیہم و حجاب اللہ دون عادیہم لا یطردوہ ولا یضروہ فی مقعد ولا منام ولا مسیر ولا مقام اول اللیالی و آخر الایام۔

فائدہ:

یہ تعویذ جنات، جادو اور شرِ دشمناں کو دور کرنے کیلئے بھی خاص چیز ہے۔

شب قدر کے برابر ثواب

قرآن کریم کی رو سے شب قدر میں عبادت کرنے کا ثواب ایک ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے اور ایک ہزار مہینوں میں تیس ہزار راتیں ہوتی ہیں اور سالوں کی تعداد تراسی سال چار ماہ بنتی ہے جو محض حق تعالیٰ کا انعام ہی انعام ہے اور چونکہ ان کی رحمت کی کوئی انتہا نہیں ہے اس لئے اگر وہ کسی اور عمل پر بھی شب قدر کا ثواب دے دیں تو ان کے خزانۂ رحمت میں کچھ کمی نہیں آتی۔ چنانچہ درج کلمات تین مرتبہ کہنے سے شب قدر کے برابر ثواب ملتا ہے۔ آپ بھی یاکرلیں اور یہ ثواب حاصل کریں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط (کنز العمال، ص۲۲۶، جلد۲)

چار کلمے بہت بڑھے ہوئے ہیں

حضور اکرم ﷺ ایک دن نماز فجر کیلئے تشریف لے گئے تو ام المومنین حضرت جویریہؓ مصلے پر بیٹھی تھیں آپ ﷺ نماز فجر کے بعد چاشت کے وقت تشریف لائے تو آپؐ وہیں بیٹھی تھیں پوچھنے پر بتایا کہ ہاں صبح سے یہیں بیٹھی ہوں، آپ ﷺ نے خوش ہوکر ایک وظیفہ بتایا کہ میں نے پاس سے جانے کے بعد یہ چار کلمات کہے ہیں اگر تیرے سارے وقت کے وظیفے سے تولے جائیں تو یہ بڑھ جائیں وہ یہ ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضَا نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ ط (مُسلِم)

ذاتی مکان اور وسعت رزق کیلئے

اگر آپ کے پاس رہنے کی جگہ یا مکان نہ ہو یا روزی کا ذریعہ نہ ہو یا رزق سے تنگی ہو یا مسافرت ہو اور سامان آپ کے پاس کوئی نہ ہوتو مذکورہ آیت کو ۱۵۱بار روزانہ پڑھ لو جب تک کامیابی نہ ہو۔ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○ 07:10

اولاد نرینہ اور حفاظت حمل کیلئے

وَيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ○ 71:12

اگر آپ کے یہاں اولاد نرینہ نہیں ہے توحمل ٹھہرتے ہی نو مہینے تک ۱۱بار روزانہ پڑھئے۔رزق کی تنگی کو دور کرنے کیلئے بھی اس دعا کوروزانہ سات مرتبہ پڑھئے۔

مرگی کا علاج

جب مریض کو مرگی کا دورہ پڑا ہو، اس وقت اس کے کان میں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ الٓمّٓصٓ۔ طٰسٓمّٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ۔

پڑھ کر پھونک دیں۔ ان شاء اللہ ہوش میں بھی آئے گا اور آئندہ دورے سے بھی محفوظ ہو جائے گا۔

پریشانیوں کا حل

جس شخص کو پریشانیوں نے آگھیرا ہو اور دوستوں نے بے وفائی کی ہو اور تنگی و غربت اور ڈپریشن کا شکار ہو یہ دعا ۱۱۱ بار صبح و شام پڑھے ہر قسم کی تنگی اور غربت اور پریشانیاں بھی ختم ہوں گی اور ان شاء اللہ خاتمہ بالایمان ہو گا۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَھَوِّنْ عَلَیْنَا شِدَّۃَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا بَعْدَ الْمَوْتِ یَا خَالِقَ الْحَیٰوۃِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِیْنَ۔

اگر لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو تو وہ "یَاوَارِثُ" ۷۰۷ بار ۴۱ دن صبح و شام پڑھ کر دعا کرے ان شاء اللہ سبب بنے گا۔

اگر لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو تو ۱۱۰۰ بار "یَافَتَّاحُ" ۴۱ دن پڑھ کر دعا کرے۔

ہر قسم کی کاروباری بندش کا حل

سات دن بعد از نماز فجر کاروباری جگہ کے باہر کھڑے ہو کر سات بار سورۃ الفلق اور سات بار سورۃ الناس پڑھ کر بند دروازے پر پھونک ماردیں۔ اور

پھر وہاں سے کسی کنواں و تالاب یا دریا کے کنارے بیٹھ کر ۴۱ بار سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھیں اور پھر پانی میں دیکھتے ہوئے اپنے سر کو دونوں ہاتھوں سے جھاڑیں تاکہ سب اثرات پانی میں گر جائیں۔اس عمل سے سخت ترین بندش بھی ختم ہو جاتی ہے۔

خارش سے نجات کا مجرب عمل

امام جعفر صادق رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ اگر کسی انسان کو خارش کی بیماری ہو اور بے سکونی کی کیفیت ہو جسم پر نشانات پیدا ہو جائیں تو اس کو چاہیے کہ سورۃ القدر سترہ مرتبہ پانی پر دم کر کے سات دن تک پئیں اور سرسوں کے تیل پر دم کر کے مالش کرے۔

جوڑوں کے درد کا مجرب علاج

جوڑوں کا درد آج کل عام بیماری ہے، بوڑھوں کے ساتھ ساتھ جوان بھی اس مرض میں مبتلہ ہیں اس بیماری کا مجرب علاج یہ ہے کہ مریض خود یا وہ انسان جو مریض سے دلی محبت رکھتا ہے وہ مریض کے گھٹنے پر ہاتھ رکھ کر دس مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الکافرون دم کریں اور پھونک کر ہاتھ اٹھالیں پھر دوسری مرتبہ ہاتھ رکھ کر دس دس بار سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الکافرون دم کریں اور ہاتھ اُٹھالیں پھر تیسری بار اس طرح سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الکافرون دس دس بار دم کریں اور ہاتھ اُٹھا لیں یہ عمل چالیس یوم تک کریں ان شاءاللہ کامل شفا ہو گی۔

رزق میں برکت اور حاجات کے لئے اعمال

عمل سورۃ المزمل شریف

پہلا طریقہ: فجر کی نماز کے بعد سورۃ المزمل ایک دفعہ پڑھنے کا وردرکھے اور ان چار آیتوں کو تین تین دفعہ پڑھا کرے۔

اول: رَّبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ○ 73:09

دوئم: وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۔73:20

سوم: يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ ۔73:20

چہارم: وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۔73:20

جب یہ عمل تمام ہوجو حاجت چاہے بر آئے۔

دوسرا طریقہ: جس وقت اس سورۃ مبارکہ کو کسی مہم اور کسی حاجت کیلئے پڑھے تو اس ترکیب سے پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے رَبُّ الْمَشْرِقِ سے وَكِيلًا تک پڑھ کر حَسْبِيَ اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ سومرتبہ اور جب وَاسْتَغْفِرُو اللهَ إِنَّ اللهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ پر پہنچے تو اسی پورے جملہ کی سو بار تکرار کرے اس ترکیب سے ۳بار اس سورہ مبارکہ کو پڑھے اس کے بعد يَامُغْنِيُّ يَامُعْطِيُ کو گیارہ سوبار پڑھے اول و آخر یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

گیارہ گیارہ بار اس درود شریف کو پڑھنا چاہیے۔جب پڑھ کر فارغ ہوجائے تو سجدہ میں جاکر اپنا مقصد اللہ تعالیٰ سے طلب کرے اور اگر کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا ہوتو سجدہ میں دعا کرتے وقت اس طرح دعا مانگے:

يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهٗ اِلَيَّ (یعنی فلاں بن فلاں) مِنْ رَّحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ

تیسرا طریقہ: فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان میں ایک مرتبہ سورۃ المزمل

شریف پڑھے اور جب فرض ادا کرچکے تو دو بار اور پڑھے اسی طرح ہر نماز کے بعد دومرتبہ پڑھا کرے۔اس طرح اس کی تعداد کل گیارہ بارہوگی۔اول آخر درود شریف تین تین بار یا پانچ پانچ بار یا گیارہ گیارہ بار پڑھے۔اس کا ورد ہمیشہ رکھے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی دور ہوگی اور رزق میں ترقی ہوگی۔

حب کیلئے اس سورۃ مبارکہ کو ۴۱ بارپڑھ کر کسی شیرینی پر دم کرکے کھلائے یا کسی اور چیز پر پڑھ کر دم کرکے پلائے ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

برائے ادائیگی قرض

۱۔ عشاء کی نماز سے فارغ ہوکر جب سونے کا ارادہ کرے تب باوضو چت لیٹ کر اپنے بستر پر آیت الکرسی ۱۷۰ بار اول وآخر درودشریف گیارہ گیارہ بارپڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہوجائے گا۔

۴۰ روز اس کو پڑھے

۲۔ عشاء کی نماز پڑھ کر اسی جگہ پر سورۃ النصر (اِذَا جَآءَ نَصْرُاللّٰہِ)کو ۴۱ بار۴۱ روز تک برابر پڑھیں۔ان شاء اللہ تعالیٰ قرض سے سبکدوش ہوجائیں گے۔مجرب و اکسیر ہے۔اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بارپڑھیں۔

روزی میں برکت کیلئے نبوی نسخہ

جوآدمی گھر میں داخل ہو کر سلام کرے چاہے گھر میں کوئی ہو یا نہ ہو پھر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک مرتبہ سورۃالاخلاص پڑھے تو روزی میں برکت پائے۔(الحصن الحصین)

اَلْمُعْطِیْ هُوَاللہ کا سریع الاثر عمل

جو شخص چاہے کہ روزی کی تنگی دور ہو اور رزق خوب فراخی سے نصیب ہو اسے چاہیے کہ پابندی کے ساتھ جمعہ کی نماز فرض کے بعد بحالت تشہد قبلہ رخ بیٹھے بیٹھے ستّر بار توجہ کے ساتھ پڑھے اَلْمُعْطِیْ هُوَاللہ اول وآخر سات بار درود شریف۔

اَللّٰھُمَّ اِکْفِنِی والا مسنون و مجرب عمل

جو شخص جمعہ کے دن ستّر بار یہ دعا پڑھے عجیب تاثیر دیکھے دو جمعے نہ گزرنے پائیں گے کہ قرضے کی ادائیگی اور روزی میں برکت کے اثرات ظاہر ہوں گے۔اول وآخر سات سات بار دردشریف بھی پڑھیں۔

ایک اکسیر عمل

روزانہ پانچ سو بار سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھیں روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔روایات سے ثابت ہے کہ اس کلمہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ ساری مخلوق کو روزی عطا فرماتے ہیں۔

سورۃ الفلق کا لاجواب عمل

جو شخص کثرت سے سورۃ الفلق پڑھے گا اس پر روزی ان شاء اللہ بارش کے قطروں کی طرح برسے گی۔یقین اور توجہ شرط ہے۔

یا غنی یا مغنی کا مجرب عمل

فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان گیارہ سومرتبہ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُ پڑھیں روزی کا مسئلہ ان شاء اللہ حل ہوجائے گا۔اوّل آخر طاق عدد میں درود شریف

روزی کا اصل الاصل عمل

مغرب کی نماز کے بعد سورۃ الواقعہ کا معمول بنائیں اور روزی کے معاملے میں قدرت الٰہی کا مشاہدہ دیکھیں۔

ختم خواجگان برائے حل مشکلات

پہلے تین دفعہ درودِ ابراھیمی پڑھیں پھر ایک مرتبہ سورۃالفاتحہ پھر تین بار سورۃالاخلاص پڑھیں یہ دعا تین بار پڑھیں

یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔

اس کے بعد ۳۶۰مرتبہ پڑھیں

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا مَلْجَا وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔

پھر سورۃ الم نشرح ۳۶۰مرتبہ پڑھیں پھر ۳ مرتبہ درودشریف پڑھ کر دعا کرلیں مشکل سے مشکل حاجت بھی ان شاء اللہ حل ہوگی۔

روزی میں برکت کا ایک فطری عمل

کھانے پینے کی اشیاء اور روزی کی دیگر چیزوں کو ضائع نہ کریں۔دسترخوان پر بچے ہوئے ٹکڑے کھالیں اور پلیٹ کو اچھی طرح صاف کریں اور جو رزق ملے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔اس عمل کی برکت سے روزی کے دروازے بحمداللہ کھل جاتے ہیں اور تنگی دور ہوجاتی ہے۔

برائے ترقی رزق

۱۔ جو شخص فجر یا عشاء کی نماز کے بعد یَالَطِیْفُ کو ۱۱۹ بار پڑھے پھر ۱۱۹ بار یہ آیت کریمہ "اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ" پڑھے اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ان شاء اللہ غیب سے رزق کے اسباب پیدا ہوجائیں گے۔

۲۔ جو شخص چاہے میری عمر زیادہ ہوجائے اور دشمنوں پر فتح پائے اور رزق میں ترقی ہو اور مردہ سے عذاب دور ہوجائے پس صبح وشام یہ دعا تین بار پڑھے:

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئاً۔

۳۔ یہ عمل ترقی رزق کیلئے مجرب ہے۔ فجر کی نماز کے بعد ۴۵ بار روزانہ پڑھے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

۴۔ بعد نماز فجر ۱۰۰ بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ رزق زیادہ ہوگا اور قرض بھی ادا ہوجائے گا۔

۵۔ سورۃ المزمل چالیس روز تک اس ترکیب کے ساتھ مقررہ وقت پر پڑھنا کشائش رزق کیلئے نہایت مفید ہے۔ جگہ بھی متعین ہو تو بہتر ہے۔ پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ بار یا مغنی اس کے بعد گیارہ بار سورۃ المزمل پڑھ کر کشائش رزق کیلئے دعا کرے پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ختم کردے۔ اگر اس عمل کو اپنا معمول بنا لیا جائے تو غیب سے طرح طرح کی امداد ہو۔

۶۔ چاندی کی انگوٹھی پر یہ آیت کندہ کرا کے پہننا بہت مفید ہے۔ ایسی جگہ سے رزق ملے کہ وہم و گمان بھی نہ ہو: لٰمعسق

۷۔ جب گھر میں داخل ہو تو سورۃ الاخلاص پوری پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ اس کے رزق میں برکت ہوگی۔

۸۔ سورۃ الانشراح اور سورۃ الکافرون کی کثرت خیر وبرکت اور کثرت رزق کیلئے نہایت مفید ہے۔

اولاد نرینہ کیلئے عمل

اولاد نرینہ کیلئے درج ذیل تعویز لکھ کر حاملہ کے ناف پر باندھیں ان شاء اللہ بیٹا ہو گا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا
وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○ 03:200

درج ذیل آیات حاملہ کے گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ بیٹا ہو گا۔

فَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً قَالُوا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوهُ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ ○ فَأَقْبَلَتِ
امْرَأَتُهُ فِي صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوزٌ عَقِيمٌ ○ قَالُوا كَذَٰلِكِ قَالَ
رَبُّكِ إِنَّهُ هُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ ○ 51:28-30

قرار حمل کیلئے

جس عورت کا حمل ضائع ہوجاتا ہو تو یہ آیات لکھ کر مریضہ کی ناف پر باندھیں حمل محفوظ رہے گا۔

فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ○ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنْثَىٰ وَمَا
تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ ○ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا
رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ○

لیکوریا کے لئے علاج

درج ذیل آیات روزانہ ۴۱ بار پانی پر دم کرکے پئیں اور گلے میں پہنیں مرض ختم ہو گا۔

وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ
وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○ 11:44 قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ
أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَأْتِيكُمْ بِمَاءٍ مَّعِينٍ ○ 67:30

کا لکھ کر زیر ناف باندھنا اور پانی پر (اکتالیس بار) پڑھ کر پلانا نہایت مجرب ہے۔

استخارہ

حضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے مَاخَابَ مَنِ اسْتَخَارَ وَمَاَنِدِمَ مَنِ اسْتَشَارَ (جس نے استخارہ کیا وہ نقصان میں نہ ہوگا اور جس نے مشورہ کیا وہ پریشان نہ ہوگا)۔ کوئی بھی نیک اور مباح کام کرنے سے پہلے قابل مشورہ لوگوں سے مشورہ کرنا ضروری ہے اور ان کاموں سے پہلے استخارہ کرنا بھی سنت رسول ﷺ ہے حضرت جابرؓ بن عبداللہ انصاری فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ استخارہ یوں سکھایا کرتے تھے جیسے قرآن سکھاتے تھے۔

عام طور پر لوگ استخارہ کیلئے عاملوں اور خطباء اور پیروں کی طرف رجوع کرتے ہیں ان کا گمان ہوتا ہے کہ ہم تو گنہگار ہیں یہ صحیح رہنمائی کریں گے مزید ظلم تو یہ ہوا کہ اکثر ٹی وی چینلز پر ٹیلی ویژن کے ذریعے استخارہ کرایا جاتا ہے اگر دوسروں سے استخارہ کرانا یا مقصد شخصیات سے استخارہ کرانا افضل ہوتا تو حضور ﷺ صحابہؓ کو استخارہ سکھانے کے بجائے فرماتے جسے استخارہ کرانا ہو تو مجھ سے رجوع کرلیا کرے یا صحابہ از راہِ عقیدت آپ ﷺ سے استخارے کی استدعا فرماتے لیکن تاریخ اور حدیث میں کسی صحابیؓ کا بھی واقعہ ہمیں نہیں ملتا کہ اس نے حضور ﷺ سے استخارہ کرایا ہو نہ آپ کے بعد خلفاء راشدینؓ سے کسی صحابیؓ نے استخارہ کرایا ہو۔ اس لئے استخارہ ہمیشہ خود ہی کریں۔ ذیل میں مسنون استخارہ کے ساتھ ساتھ کچھ مجرب استخارہ بھی نقل کررہے ہیں تاکہ لوگ خود ہی استخارہ کرکے اپنے معاملات میں مطمئن ہوں۔

نوافل کا استخارہ

شیخ حقیؒ نے خزینۃ الاسرار میں حضرت علیؓ سے روایت کیا ہے کہ تین سلاموں کے ساتھ چھ نفل پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ

الشمس ۷ بار، دوسری رکعت میں سورۃ اللیل سات بار، تیسری رکعت میں سورۃ الضحیٰ سات بار، چوتھی رکعت میں سورۃ الانشراح ۷ بار اور پانچویں رکعت میں سورۃ التین ۷ بار اور چھٹی رکعت میں سورۃ القدر ۷ بار پڑھیں پھر بعد میں ایک سو بار سبحان اللہِ وبحمدہٖ پڑھ کر یہ دعا کریں اور سوجائیں دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّرَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَ رَبَّ مُوْسٰی وَ رَبَّ اِسْحٰقَ وَ رَبَّ یَعْقُوْبَ وَرَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَرَبَّ مِیْکَائِیْلَ وَرَبَّ اِسْرَافِیْلَ وَرَبَّ عِزْرَائِیْلَ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَمُنْزِلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِی اللَّیْلَۃَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ۔

ایمرجنسی استخارہ کا عمل

سورۃ الفاتحہ و سورۃ الاخلاص اور درود شریف اور تیسرا کلمہ گیارہ گیارہ بار پڑھیں پھر دو رکعت نفل استخارہ کی نیت سے پڑھ کر پہلی رکعت میں اھدنا الصراط المستقیم پر پہنچیں تو اسے مسلسل پڑھیں کچھ دیر کے بعد ایک نادیدہ طاقت آپ کا چہرہ دائیں یا بائیں موڑ دے گی آپ سیدھا کھڑا ہو ہی نہ سکیں گے اگر دائیں مڑ جائیں تو ہاں اور بائیں مڑ جائیں تو نہ ہوگی۔

تین سورۃ استخارہ

امام یافعیؒ نے یہ استخارہ کا عمل بیان کیا ہے کہ سوتے وقت داہنی کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے یہ تین سورتیں سورۃ اللیل، سورۃ الضحیٰ اور سورۃ الانشراح سات سات بار تلاوت کر کے پھر یہ دعا (یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ) پڑھ کر سوجائیں ان شاء اللہ خواب میں ایک شخص آپ کو مطلع کرے گا۔

مختصر ترین عمل استخارہ

رات کو تازہ غسل کرکے صاف کپڑے پہنیں اور خوشبو لگا کر اول آخر ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر ۱۰۰ بار یہ وظیفہ پڑھ کر دعا کرلیں اور پھر سو جائیں ان شاء اللہ ضرور رہنمائی ہوگی۔ دعا یہ ہے۔ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَاکَاشِفَ الْغَرَائِبِ

سورۃ الاخلاص کا استخارہ

رات کو سونے سے پہلے ۴۵ بار سورۃ الاخلاص پڑھ کر بغیر بات کئے سوجائیں ان شاء اللہ رہنمائی ملے گی ۷ دن یہ عمل کریں۔

مسنون استخارہ

دو نفل استخارہ کی نیت سے پڑھیں پھر بعد میں یہ دعا پڑھیں ھٰذَا الْاَمْرَ پر پہنچ کر مقصد کا خیال کریں اور پھر قبلہ کی رخ سوجائیں:

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنتَ عَلَّامُ الْغُیُوبِ. اَللّٰھُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ ھٰذَا الْأَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِیْ، فَاقْدُرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ ھٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِیْ بِهٖ۔

مجرب ترین استخارہ

یہ استخارہ علماء دیوبند کا مجرب اور آزمودہ ہے سوتے وقت اول آخر سو بار درودِ ابراہیمی اور درمیان میں ۱۱۰۰ بار یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ پڑھ کر داہنی کروٹ قبلہ رخ سو جائیں اس عمل سے ان شاء اللہ بہت اہم رہنمائی ہوگی۔

تین دن کا یقینی استخارہ

یہ استخارہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو کرے وضو کرکے پہلے ۳۰۰ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اس کے بعد سورۃ الم نشرح ۷۰ بار پڑھ کر اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے پھر دعا کرے اور یہ درود شریف سو بار پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَکَ۔

اسمائے حسنیٰ کا استخارہ

درج ذیل پانچ اسماء احسنیٰ کے ذریعے اللہ سے مدد حاصل کریں اور ان شاء اللہ بہترین رہنمائی ہوگی اول آخر ۱۱بار درود شریف پڑھ کر ۱۰۰ بار یہ کلمات پڑھ کر دعا کریں اور پھر سوجائیں۔

یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَارَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ یَاھَادِیُ اِھْدِنِیْ یَامُبِیْنُ بَیِّنْ لِیْ

حضرت علیؓ کی دعا

حضرت علیؓ جب بارگاہِ الٰہی میں دعافرماتے تو اس طرح دعاکرتے تھے:

یَا کٓھٰیٰعٓصٓ یَاحٰمٓ عٓسٓقٓ اِغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ

اورارشاد فرماتے کہ جو شخص اس اسم کے ساتھ دعاکرے گا ان شاء اللہ اس کی دعا مقبول ہو گی اور اس کے مقاصد پورے ہوں گے (شمس المعارف)

پریشانی کے وقت سرورِ کائنات ﷺ کا وظیفہ

مفسرین نے لکھا ہے کہ جب آنحضرت ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی۔

حٰمٓ ○ عٓسٓقٓ ○ کَذٰلِکَ یُوْحِیْ اِلَیْکَ وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ اللّٰہُ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ○ 42:1-3

تو حضور ﷺ نے ہر سختی و شدت کے وقت اس کو اپنا وظیفہ بنالیا۔

خبریں اخبار کے ڈپٹی ایڈیٹر محبوب بٹ صاحب اور سینئر صحافی محمد عاصم جیلانی صاحب نے حافظ اقبال قریشی صاحب سے خصوصی طور پر انٹرویو لیا جو خبریں کے سنڈے میگزین میں بھی چھپ چکا ہے۔ نذر قارئین ہے۔

اسلام امن کا مذہب ہے اور امن اور انسانیت کی بھلائی کا درس دیتا ہے۔ دین اسلام سے دوری کی وجہ سے آج پوری دنیا میں مسلمان ذلیل و خوار ہو رہے ہیں۔ جب تک مسلمان اللہ کی رسی کو مضبوطی سے نہیں تھامیں گے تب تک مسلمان زوال کا شکار رہیں گے۔ سچے دل سے توبہ، نماز کی پابندی اور شریعت محمدی ﷺ پر کامل ایمان سے ہی مسلمان اقوام عالم میں سرخرو ہو سکتے ہیں۔ پورے ملک میں جعلی عامل سادہ لوح لوگوں کو جادو ٹونے، غیر اسلامی اور غیر شرعی طریقوں سے لوٹنے میں مصروف عمل ہیں۔ یہ ناسور اسلامی معاشرے میں تیزی سے پھیل رہا ہے جس کا حل صرف قرآنی آیات اور مسنون دعاؤں میں ہے۔ قرآنی آیات جسمانی بیماریوں، جادو اور جنات کے اثر کو ختم کر سکتی ہیں۔جادو برحق ہے اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا تاہم اس کا علاج موجود ہے۔ معروف روحانی معالج مولانا حافظ اقبال قریشی کو اللہ تعالیٰ نے کم عمری میں بہت سی نادر صلاحیتوں سے نوازا ہے، جو قرآنی آیات اور مسنون دعاؤں سے جسمانی بیماریوں ، جادو اور جنات کے اثرات کو زائل کرنے میں کمال رکھتے ہیں۔ علماء کرام کی صحبت اور والدین کی دعاؤں نے ان کے عملیات کو پر تاثیر بنا یا ہے جس کی وجہ سے ملک کے علاوہ بیرون ممالک کی ایک کثیر تعداد روحانی مسائل کے حل کیلئے ان سے رجوع کرتے ہیں۔ دنیا کی عظیم ہستیاں جن میں مہتمم دار العلوم دیوبند (بھارت) حضرت مولانا ابوالقاسم نعمانی دامت برکاتہم و ناظم مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور، حضرت مولانا شاہد الحسنی دامت برکاتہم(نواسہ شیخ الحدیث مولانا زکریا نور اللہ مرقدہ)، بیت اللہ شریف کے کنجی بردار حضرت عبدالرحمان الشیبی اور خانہ کعبہ کے مدرس شیخ حرم مولانا محمد مکی حجازی اور پاکستان کے معروف علماء کرام نے ان کے وظائف اور عملیات کی تقریظ اور ان کی سرپرستی فرمائی ہے۔نیز مولانا حافظ اقبال قریشی نے مولانا نذر الرحمٰن صاحب(مقیم رائیونڈ تبلیغی مرکز)،مفتی تقی عثمانی صاحب (مفتیٔ اعظم پاکستان)، مفتی حسن صاحب (جامعہ مدنیہ لاہور) سے اجازت، پیر بلال چشتی صاحب (گدی

نشین اجمیر شریف انڈیا) سے خلافت اور مولانا یونس پالن پوری(مؤلف بکھرے موتی)سے خلافت و اجازت حاصل کی۔ مولانا حافظ اقبال قریشی کو عملیات میں خاص مہارت حاصل ہے۔جنات کے اثرات زائل کرنے اور جادو، نظر بد اور ہر قسم کی بندش کو صرف قرآن و سنت کے علم کے مطابق ختم کرتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ جعلی عاملوں کے ستائے ہوئے مجبور لوگ ان کے آستانے سے شفایاب ہونے کے بعد دل سے دعائیں دیتے ہیں۔ جادو اور جنات کی حقیقت، اس کے علاج کے متعلق جاننے کے لیے "روزنامہ خبریں" نے فاضل وفاق المدارس العربیہ، خطیب جامع مسجد الشیبی مورگاہ، الشیبی ٹرسٹ کے بانی و معروف روحانی معالج مولانا حافظ اقبال قریشی کے ساتھ خصوصی نشست کا اہتمام کیا ہے جو قارئین کی نذر ہے۔

س: جادو، جنات کے اثرات کو زائل کرنے اور جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج کرنے کا علم کہاں سے سیکھا؟ اور جنات کے اثر سے بچنے کا آسان طریقہ کیا ہے؟

ج: حفظ قرآن اور عالم کورس کرنے کے بعد درس و تدریس کے سلسلہ کے ساتھ ساتھ اپنا کاروبار شروع کیا۔ میرے والد محترم کی خواہش تھی کہ میں عامل کا علم سیکھوں چنانچہ والد محترم کے اصرار پر میں نے مدرسہ نصرت العلوم گوجرانوالہ کے حضرت پیر مفتی عزیز الرحمان جو بعد میں جامعہ محمدیہ اسلام آباد میں حدیث کے معلم متعین ہوئے ان سے عمل سیکھنا شروع کیا انہوں نے مجھے پانچ چلے اور سورۃ المزمل کا چلہ کروایا اور اجازت بھی عطا فرمائی۔ اس کے علاوہ جاگام کے پہاڑوں میں مصروف عبادت ۱۳۲ سالہ عامل اور عالم حضرت مولانا شاہ محمود المعروف صندل بابا سے اجازت کا شرف حاصل ہوا انہوں نے مجھے حدیث کی سند عطا فرمائی۔ رومیٔ وقت حضرت چلاسی بابا مدظلہ اور رائیونڈ تبلیغی مرکز کے بزرگ حضرت مولانا نذرالرحمان مد ظلہ نے بھی اعمالِ قرآنی کی اجازت عطا فرمائی ہے۔ جنات سے بچنے کیلئے صبح و شام کی دعائیں روزانہ پڑھیں، آیت الکرسی، سورۃ الفاتحہ اور چاروں قل سات بار روزانہ دم کر کے پئیں تو جنات کے شر سے بچ جائیں گے۔

س: عملیات کے علم کیلئے اجازت کی کیا اہمیت ہے؟

ج: کسی بھی کام کے سیکھنے کیلئے استاد کی ضرورت ہوتی ہے۔از خود چلہ کرنا خطرناک ہوسکتا ہے، روحانی سلسلہ میں بیعت ہونے کے بعددوسرے لوگوں کی رہنمائی

کیلئے مرشد سے اجازت ملتی ہے۔اگر مرشد اجازت دے تو وہ مجاز اور خلیفہ کہلاتا ہے ورنہ نہیں۔یہی طریقہ کار عملیات کے میدان میں بھی رائج ہے۔ استاد کی اجازت کے بغیر کوئی ایک قدم نہیں اٹھا سکتا لیکن آج کل کے نام نہاد عاملین سمجھتے ہیں کہ اب اس چیز کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ خود اپنے استاد بن جاتے ہیں۔ عملیات کی اصل بنیاد قرآن پاک اور احادیث کی دعائیں ہیں اور وہ موقوف استاد کی اجازت پر ہے۔

س: آپ کے پاس کون کون سے عمل کی اجازت ہے؟

ج: میرے اساتذہ اور عاملین نے ہر قسم کے جنات کے اثرات زائل کرنے کا حل اور جادو کا توڑ و نظر بد و شادی و کاروبار وغیرہ کی بندش کا توڑ، ہیپاٹائٹس، کینسر اور بے اولادی ختم کرنے کے اعمال کی بھی اجازت دی ہے۔

س: ملک بھر میں جعلی عامل سادہ لوح لوگوں کو لوٹ رہے ہیں جو جادو کے ذریعے عملیات کرتے ہیں، جادو کرنے اور کرانے والوں کے بارے میں قرآن پاک اور اسلام کیا کہتا ہے؟

ج: جادو کرنے اور کرانے والا دونوں دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتے ہیں۔ اگر کسی پر جادو یا جنات کا اثر ہو جائے تو صرف قرآنی آیات اور مسنون دعاؤں سے ہی دور کروانا چاہئے۔ اس بارے میں اکابرین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، ابن تیمیہؒ، حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اور امام غزالیؒ کی کتب بھی موجود ہیں۔

س: بعض اوقات خواتین گھریلو (مریض) پریشانیوں اور الجھنوں کے حل کیلئے گھر سے باہر نہیں نکل سکتیں۔ایسی صورت میں آیا مریض کا سامنے ہونا ضروری ہے؟ اور کیا آپ نے وظائف کیلئے کوئی کتاب لکھی ہے جس سے لوگ مستفید ہو سکیں؟

ج: جناتی و دیگر اثرات ختم کرنے کیلئے مریض کا سامنے ہونا زیادہ بہتر ہے لیکن ضروری نہیں ہے۔ میرے بہت سے مریض بیرون ممالک سے تعلق رکھتے ہیں۔ میں ان کا علاج سامنے آئے بغیر ان کے نام، والدہ کا نام اور مکمل پتہ لے کر مرض کے بارے میں مکمل بتا دیتا ہوں اور پھر کوئی بھی اثر ہو اس کو ختم کر دیتا ہوں۔ مجھے

دکھی انسانیت کا روحانی علاج کر کے دلی سکون ملتا ہے۔ گھریلوں پریشانیوں، الجھنوں اور بیماریوں کیلئے مجربات کا نادر ذخیرہ "وظائف الصالحین" نامی کتاب لکھی جسے ملکی و بین الاقوامی سطح پر پذیرائی ملی اور بھارت، نیو دہلی میں آئی ایس بی کمپنی کو صدقہ جاریہ کے طور پر فری حقوق دیئے گئے جہاں اس کتاب کا اردو، عربی اور انگریزی زبانوں میں ترجمہ کیا جا رہا ہے۔

س: آیا یہ بات درست ہے کہ بیت اللہ کے کلید (چابی) بردار الشیخ عبد الرحمان الشیبی کے خاندان پر جنات کا اثر ہو گیا تھا جو آپ نے زائل کیا؟

ج: جی ہاں بیت اللہ کے کلید (چابی) بردار الشیخ عبدالرحمان الشیبی کے خاندان پر جنات کا اثر ہو گیا تھا جن کا روحانی علاج کرنے کیلئے سوڈان، مصر سمیت کئی ممالک کے عاملوں کو بلایا گیا لیکن کسی سے ان جنات کا اثر زائل نہ ہو سکا پھر مجھے پاکستان سے بلوایا گیا جہاں میں نے قرآن و سنت کے مطابق عملیات کیے جس کی بدولت جنات کا اثر زائل کرنے کے بعد شیخ عبدالرحمان الشیبی میری دعوت پر پاکستان تشریف لائے اور جامع مسجد الشیبی اور الشیبی ٹرسٹ کا افتتاح کیا اور اب اللہ کے فضل سے الشیبی ٹرسٹ سے نادار لوگوں کی مدد کی جاتی ہے۔

جنات کے علاج کیلئے غیر شرعی طریقے استعمال کرنا اور بدعتی اور غلط عقائد والے لوگوں سے رجوع کرنا اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سبب بنتا ہے۔ آج کل ہر گلی کوچے میں جعلی عامل بیٹھے ہوئے ہیں اور بعض اوقات یہ لوگ جہالت کی وجہ سے خدائی کا دعوی کر بیٹھتے ہیں اور لوگوں کو بے وقوف بناتے ہیں کہ مریض پر بیک وقت کئی جنات کا اثر ہے حالانکہ جن صرف ایک ہی ہوتا ہے اور اگر وہ بھی ان جاہل عاملوں کے سامنے آجائے تو ان کے ہوش اڑ جائیں۔ لہذا پریشانی اور دکھ تکلیف میں صرف قرآن و سنت کی دامن ہرگز نہ چھوڑیں۔

س: کیا جادو کے ذریعے رشتوں کی بندش ہو سکتی ہے؟

ج: جی ہاں جادو کے ذریعے رشتوں کی بندش کے علاوہ کاروبار اور مردانگی کی بندش بھی ہو سکتی ہے۔ اس بندش کے خاتمہ کیلئے سورۃ مریم روزانہ پڑھنا مجرب عمل ہے۔

س: اولاد دینا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ کیا اولاد کی بھی بندش کی جا سکتی ہے؟

ج: یہ بات درست ہے کہ اولاد دینا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے لیکن جادو وغیرہ سے اولاد کی بندش کی جا سکتی ہے۔ بعض اوقات میاں بیوی بغیر کسی طبعی مرض کے اولاد کی نعمت سے محروم ہوتے ہیں۔ اصل میں ان پر جادو یا جناتی اثرات ہوتے ہیں۔ جب ان اثرات کو ختم کر دیا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان کو اولاد کی نعمت عطا کر دیتے ہیں۔ بے شمار گھرانوں کو اللہ تعالیٰ نے ہمارے مجربات سے اولاد کی نعمت سے نوازا ہے۔ اس کیلئے ۴۱ دن کا تعویذ پینے کا عمل ہوتا ہے۔

س: لا علاج بیماریوں کا علاج کس طرح کیا جاتا ہے؟

ج: جی میں لا علاج بیماریوں کا علاج بارش کے پانی سے کرتا ہوں۔ اس پر ۷۰ مرتبہ سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، چہار قل دم کر کے مریضوں کو گیارہ دن تک پلایا اور نہلایا جاتا ہے اور مریض کے سرہانے سورۃ الانعام کی گیارہ دن تک تلاوت کی جاتی ہے۔ اس طرح کینسر، ہیپاٹائٹس اور دوسری بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں۔

س: انسان کو ہر حال میں اللہ تعالیٰ پر یقین رکھنا چاہیے۔ کیا تعویذ و عملیات کروانے سے انسان کا عقیدہ خراب نہیں ہوتا؟

ج: ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو پکارنا چاہیے لیکن یہ خیال تاثر غلط ہے کہ تعویذ و عملیات کرانے سے لوگوں کا عقیدہ خراب ہو جاتا ہے۔ ہماری پریشانی کی اصل وجہ اللہ سے دوری ہے اور اگر تعویذ و عملیات قرآنی آیات اور مسنون دعاؤں سے ماخوذ ہوں تو ان کے برحق ہونے کی دلیل حدیث سے بھی ملتی ہے۔ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے مایہ ناز شاگرد شیخ الاسلام علامہ ابن القیم نے اپنی کتاب "زادالمعادفی ھدی خیرالعباد" میں ایک حدیث بیان فرمائی ہے کہ حضرت ابو خزامہؓ سے مروی ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ آپ کی رائے جھاڑ پھونک، دوا اور بیماری سے بچنے کی دوسری تدبیروں کے بارے میں کیا ہے؟ کیا ان سے خدا کی تقدیر ٹل سکتی ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا یہ بھی تو خدا کی تقدیر ہے۔ میں ہر مرض کو صرف قرآنی آیات دم کر کے پینے اور پڑھنے کو دیتا ہوں۔ اس کے علاوہ اللہ پر یقین رکھنے، نماز، فرائض و واجبات کی پابندی کی تلقین کرتا ہوں۔ اگر عملیات قرآن و سنت اور مسنون دعاؤں سے ماخوذ ہوں تو ان کے برحق ہونے کی دلیل احادیث سے بھی ملتی ہے۔

س:روحانی علاج کروانے کیلئے کسی خاص مسلک کے، عقیدے سے تعلق رکھنے والے لوگ آپ سے رابطہ کرتے ہیں یا ہر کوئی آپ سے روحانی علاج کروانے کیلئے رابطہ کرتا ہے؟

ج: روحانی علاج کروانے کیلئے میرے پاس ہر مسلک، عقیدے اور مذہب کے لوگ آتے ہیں اور کئی ایسے مریض بھی ہیں جو بیرون ممالک سے علاج کیلئے آتے ہیں۔ جڑواں شہروں میں کئی ایسے سرکاری و پرائیویٹ ہسپتال ہیں جن کے سربراہان لاعلاج مریضوں کو میرے پاس بھجوادیتے ہیں جو اللہ کے فضل سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

س: آپ کے شاگرد اس علم میں کتنے ہیں؟

ج: الحمد للہ بے شمار علماء کرام اور عام مرد و عورتوں نے مجھ سے اس کتاب کی باقاعدہ اجازت حاصل کی ہے لیکن باضابطہ طور پر تقریباً ۸ لوگوں کو میں نے سکھانا شروع کیا ہے۔ ان شاء اللہ عنقریب الشیبی مسجد میں اس کی کلاس کا اہتمام کیا جائے گا۔

جو احباب اپنے روحانی شرعی مسائل (جادو، نظر بد و بندش اور جناتی اثرات) کیلئے پیر حافظ اقبال قریشی صاحب سے ملاقات کرنا چاہتے ہوں وہ درج ذیل مقامات پر طے شدہ اوقات میں رابطہ کر سکتے ہیں۔

1۔ جامع مسجد الشیبی، نیو روڈ، بالمقابل اٹک آئل ہسپتال، مور گاہ، راولپنڈی بروز جمعہ و اتوار
2۔ ہر ماہ کی پہلی تاریخ لاہور
3۔ ہر ماہ کی آخری تاریخ کراچی
اسکے علاوہ عرب اور یورپ کے ممالک میں بھی ملاقاتوں کا اہتمام ہوتا ہے۔ Website: www.alshaibitrust.org Cell: 0300-5802404 Website: www.alshaibitrust.com

جائز تعویذ اور ناجائز تمیمہ

شیخ العاملین پیر حافظ اقبال قریشی حفظہ اللہ

امام بخاریؒ کے شیخ الحدیث امام ابو بکر بن ابی شیبہؒ کی کتاب "المصنف" کی کتاب "الطب" کے باب: جس نے اجازت دی تعویذ لٹکانے کی احادیث ملاحظہ ہوں:

حضرت مجاہدؒ بچوں کے لئے تعویذ لکھتے تھے پھر وہ ان پر اسے لٹکاتے تھے۔

۲۳۸۹۳- ..... حضرت جعفرؒ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ تعویذاتِ قرآنیہ کو چمڑے میں ڈال کر گلے وغیرہ میں لٹکانے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

۲۳۸۹۴- ..... حضرت عمرو بن شعیبؒ اپنے والد سے اور وہ ان کے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی نیند میں ڈر جائے تو یہ دعا پڑھے:

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ

(یعنی۔ میں اللہ کے غضب، عتاب، اسکے بندوں کے فساد، شیطانی وساوس اور ان (شیطانوں) کے ہمارے پاس آنے سے اللہ کے پورے کلمات کی پناہ مانگتا ہوں) اگر وہ یہ دعا پڑھے گا تو وہ خواب اسے ضرر نہیں پہنچا سکے گا۔ عبد اللہؓ بن عمرو(بن العاص) یہ دعا اپنے بالغ بچوں کو سکھایا کرتے تھے اور نابالغ بچوں کے لیے لکھ کر ان کے گلے میں ڈال دیا کرتے تھے۔[جامع الترمذي » كِتَاب الدَّعَوَاتِ» بَاب مَا جَاءَ فِي عَقْدِ التَّسْبِيحِ بِالْيَدِ۔۔۔ رقم الحديث: 3475 (3528)

سنن أبي داود» كِتَاب الطِّبِّ» بَاب كَيْفَ الرُّقَى۔ رقم الحديث: 3397 (3893)]

۲۳۸۹۵- ..... حضرت ابن سیرینؒ تعویذاتِ قرآنیہ میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

۲۳۸۹۶- ..... حضرت ایوبؒ نے حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمرؒ کے بازو میں ایک دھاگہ دیکھا۔

۲۳۸۹۷- ..... حضرت عطاءؒ(تابعی ومفتی مکہ) نے فرمایا: نہیں ہے کوئی حرج کہ (گلے میں) لٹکایا جائے قرآن۔

۲۳۸۹۸- ..... یونس بن حبابؒ سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابو جعفرؒ سے سوال کیا گیا تعویذات بچوں پر لٹکانے کے بارے میں؟ تو انہوں نے رخصت (اجازت) دی۔

تمائم و تعویذات میں فرق:

التميمة :وهي خرزات كانت العرب تعلقها على أولادهم يتقون بها العين في زعمهم (النهاية لابن الأثير: ج ۱، ص ۱۹۷)

"تمیمۃ : "یہ خرزات (پتھر، منکے اور کوڑیوں کی مالا) کو کہتے ہیں جنہیں (زمانہ جاہلیت میں) عرب لوگ (موثر بالذات سمجھ کر) بچوں کو اس کے ذریعہ سے نظر بد سے بچانے کے زعم (عقیدہ و نظریہ) سے پہناتے تھے".

یہی بات غیر مقلد اہل حدیث بھی لکھتے ہیں:

نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہا) فرماتی ہیں کہ: (لَيْسَتِ التَّمِيمَةُ مَا تَعَلَّقَ بِهِ بَعْدَ الْبَلَاءِ إِنَّمَا التَّمِيمَةُ مَا تَعَلَّقَ بِهِ قَبْلَ الْبَلَاءِ)، "تمیمہ وہ نہیں جو بلاء (مرض) کے بعد لٹکایا جائے، تمیمہ تو وہ ہے جو بلاء سے پہلے لٹکایا جائے۔" (المستدرک للحاکم: ۴/۲۱۷، الترغیب: ج۵ ص۲۷؛ طحاوی: ۲/۳۶۰) (البیہقی: 9/351)

امام أحمد بن حنبل رحمہ اللہ سے جب کسی بلاء (بیماری وغیرہ) آنے کے بعد تعویذات لٹکانے کے بارے پوچھا گیا؟ تو انھوں نے فرمایا (أرجو أن لا يكون به بأس) میں یہ امید کرتا ہوں کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے، اور امام أحمد بن حنبل رحمہ اللہ بخار وغیرہ امراض میں تعویذ لکھتے تھے۔

جہاں تک ان احادیث کا تعلق ہے جس میں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تعویذ لٹکانے سے منع فرمایا ہے تو یہ اس صورت پر محمول ہیں۔

(۱) جب کہ اس میں غیر اللہ سے استمداد چاہی گئی ہو، جس میں شرکیہ و کفریہ کلمات لکھے ہوں۔

(۲) یا تعویذ کو موثر بالذات (ذاتی طور اثر رکھنے والا)، نافع (نفع دینے والا) اور ضار (نقصان دینے والا) سمجھا جائے جیسا کہ لوگ زمانۂ جاہلیت میں اعتقاد رکھتے تھے۔

(۳) یا وہ عجمی زبان میں لکھے ہوں تو ان کے معنی معلوم نہ ہوں۔

علمی شجرہ
یعنی تفسیر و حدیث کی سند
(ہمارے سلسلہ سند کے تین حصے ہیں)

حصہ اوّل:

ہم سے لے کر حضرت شاہ ولی اللہؒ تک ہے جو ہم نے نقشہ میں لکھ دیا ہے۔

حصہ دوم:

حضرت شاہ ولی اللہؒ سے لے کر اصحاب صحاح ستہ تک ہے۔ جس کو شاہ عبدالعزیزؒ نے اپنے رسالہ عجالۂ نافعہ میں ذکر کیا ہے۔ ہم نے صرف شاہ ولی اللہؒ کی بخاری کی سند ذکر کر دی ہے۔

حصہ سوم:

ائمہ صحاح ستہ والوں سے لے کر حضور ﷺ تک یہ حصہ ان کتابوں میں لکھا ہوا ہے۔ ہر روایت کے ساتھ پوری سند ذکر کر دیتے ہیں۔ ہم نے بطور نمونہ صرف حدیث نیت کی سند بیان کر دی ہے تا کہ سلسلۂ سند حضور ﷺ تک پہنچے۔

سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ
عمر بن الخطابؓ
علقمہ بن وقاص اللیثیؒ
محمد بن ابراہیم التیمیؒ
یحییٰ بن سعید انصاریؒ
سفیان بن عیینہ مکیؒ
شیخ عبداللہ بن زبیر الحمیدیؒ
امیر المؤمنین فی الحدیث شیخ ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم البخاری
ابوعبداللہ محمد بن یوسف الفربری
ابوعبداللہ محمد بن احمد السرخسیؒ
شیخ ابو الحسن عبدالرحمٰن بن مظفر الطاؤسؒ
شیخ ابو الوقت عبدالاوّل بن عیسیٰ بن شعیب السجزی الھرویؒ
سراج الدین حسین بن مبارک زبیدیؒ
ابوالعیاض احمد بن ابی طالب الحجارؒ
ابراہیم بن احمد التنوخیؒ
شیخ الحافظ ابوالفضل شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانیؒ
شیخ احمد زکریا بن محمد ابویحییٰ انصاریؒ
شیخ شمس الدین محمد بن احمد الرملیؒ


احمد بن عبد القدوس ابو المواہب الشناویؒ
شیخ احمد قشاشیؒ
شیخ ابراہیم کردی مدنیؒ
شیخ ابو طاہر محمد بن ابراہیم کردی مدنیؒ
شاہ ولی اللہؒ
شاہ عبد العزیزؒ
شاہ محمد اسحاقؒ
شاہ عبد الغنیؒ
فقیہہ العصر مولانا رشید احمد گنگوہی
حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم نانوتوی
حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن دیوبندی
شیخ العرب والعجم مولانا سید حسین احمد مدنی
حضرت مولانا انور شاہ کشمیری
حضرت مولانا ضیاء الحق نور پوری
حضرت مولانا خیر محمد جالندھری
حضرت مولانا زین العابدین مدظلہ
حضرت مولانا عبد القیوم ہزاروی
حضرت مولانا حافظ اقبال قریشی صاحب

حضرت شیخ صندل بابا کی طرف سے حافظ اقبال کا شجرہ نسب برائے تصوف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شجرۂ مبارکہ عالیہ قادریہ غفوریہ محمودیہ

اللھم بجاہ سیدنا و مرشدنا حضرت الشیخ السید محمود صاحب دامت برکاتہم (صندل بابا)

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشیخ ولی احمد قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ نجم الدین قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت اخوند شاہ عبدالغفور قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت حافظ محمد قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ صدیق پشونزی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشیخ جنید پشاوری قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ احمد ملتانی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ عالم دہلوی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ منور قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت شاہ دولہ قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الغوث الاعظم السید محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ ابو سعید مخزومی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشاہ ابو الحسن علی الھنکاری قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت خواجہ ابوالفرح الطرطوسی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت خواجہ عبدالواحد زید تمیمی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت خواجہ ابو بکر شبلی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشیخ جنید بغدادی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت الشیخ عبداللہ سری سقطی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت معروف کرخی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت داؤد الطائی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت حبیب عجمی قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت حسن البصری قدس اللہ سرہ

وبجاہ شیخ المشائخ حضرت سیدنا امیر المؤمنین علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ

وبجاہ حضرت سیدنا ومولانا سید المرسلین خاتم النبیین احمد المجتبیٰ محمد المصطفیٰ ﷺ

طھر قلبی عمن سواك ونوره بانوار معرفتك ووفقنی لما تحبه وترضاه واجعلنی من عبادك الصالحین۔ (آمین)

بیعت کی شرعی حقیقت

امام ربانی مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں

الطریقة والمعرفة کلاهما وزیران للشریعة

طریقت ومعرفت دونوں شریعت کے وزیر ہیں اور فرمایا۔

الطریقة خلاف الشریعة زندقة

جو طریقت شریعت کے خلاف ہے وہ بے دینی ہے۔

تصوف سے باطن کو درست کرے گا تو ظاہر بھی درست ہوجائے گا۔ اس لئے تصوف ظاہر اور باطن کی اصلاح کا ذریعہ ہے جو شخص طریقت کو شریعت اور شریعت کو طریقت سے الگ جانے وہ درحقیقت جاہل ہے حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں۔

التصوف ذکر مع اجتماع ووجد مع سماع وعمل مع اتباع

ترجمہ: تصوف تین چیزوں کا نام ہے(۱)اجتماع میں ذکر اللہ کو نہ چھوڑے(۲) اللہ تعالیٰ کا نام سنے تو وجد میں آجائے(۳) عمل میں اتباع سنت کا خیال رکھے۔

ان تینوں نعمتوں کو حاصل کرنے کے لیے مراقبات و ریاضات اور وظائف اور بیعت کرنا ایسے ہے جیسے جہاد کے لئے آلاتِ جدیدہ کا استعمال کرنا۔ جیسے حدیث و قرآن میں ٹینک و توپ کا ذکر نہیں لیکن یہ سب کوئی بدعت نہیں کہتا اسی طرح مراقبہ اور وظائف بھی قرب الٰہی کا ذریعہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے کہ کسی فن میں کمال بغیر استاد کے حاصل نہیں ہوتا۔ جس طرح انسان ظاہری امور میں کسی کی شاگردی حاصل کر کے ان امور کو حاصل کرنے کے طریقے سیکھتا ہے اسی طرح باطنی امور میں کمال حاصل کرنے کے لئے مرشدِ کامل کی بیعت کے بغیر چارہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے لئے سب سے آسان راستہ کسی مرشد متبع سنت کا دامن مضبوطی سے تھامنا ہے۔

مرشد کامل ولی کامل پانچ زبانوں(عربی، اردو، فارسی، پشتو اور چلاسی) کے شاعر اور علم لدنی کے مالک حضرت اقدس مولانا غلام نصیر المعروف چلاسی بابا دامت برکاتہم نے مولانا حافظ اقبال قریشی مدظلہ کو سلاسل اربعہ (نقشبندی و سہروردی و قادری اور چشتی) میں خلافت اور بیعت کی اجازت عطا فرمائی تاکہ لوگ گمراہی سے نکل کر ہدایت کے راستے پر آئیں۔ اس سے قبل دنیا کے اکابرین علماء جن میں خاص طور پر شیخ حرم مولانا محمد مکی حجازی مدظلہ نے حرم کعبہ میں بخاری شریف کے اسباق پڑھا کر وہ عالی اجازت عطا فرمائی جس میں چار واسطوں کے بعد سندِ اجازت حضورِ اقدس تک پہنچتی ہے۔ مولانا حافظ محمد اقبال قریشی صاحب نے اجازت حاصل کی مولانا محمد مکی مدظلہ سے انہوں نے مولانا خیر محمدؒ انہوں نے امۃ الرؤف (شاہ اسماعیل شہیدؒ کی بہن) انہوں نے شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، انہوں نے شیخ جنی(جن صحابی ہے) انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت لی۔

نوٹ:۔

۱۔پیر مولانا حافظ اقبال قریشی صاحب سے بیعت کیلئے صرف بروز جمعۃ المبارک کو رابطہ کریں۔

۲۔ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو درس قرآن حکیم اور مجلس مراقبہ کا اہتمام جامع مسجد الشیبی میں ہوگا۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا "جو شخص دنیا میں اللہ کا گھر بنائے گا اللہ اس کیلئے جنت میں محل بنائے گا۔"

مرکزی جامع مسجد الشیبی

زیر تعمیر (رجسٹرڈ)

سرپرست: حضرت عبدالرحمٰن الشیبی مدظلہ چابی بردار خانہ کعبہ

بانی و چیئرمین: پیر مولانا حافظ اقبال قریشی مدظلہ

الشیبی ٹرسٹ کا آغاز بیت اللہ کے چابی بردار حضرت عبدالرحمٰن مدظلہ نے کیا۔ مخیّر حضرات سے پُرزور اپیل کی جاتی ہے کہ اپنے صدقات، زکوٰۃ عطیات دے کر ذخیرہ آخرت بنائیں۔

مخیّر حضرات کیلئے صدقہ جاریہ کا بہترین موقع

اپنے پیارے والدین اور دیگر مرحومین کے ایصالِ ثواب کیلئے مسجد و مدرسہ کی تعمیر میں حصہ ڈال کر ذخیرہ آخرت بنائیں۔

ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد

مساجد کی تعمیر و تزئین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔طالبات کیلئے لائبریری کمپیوٹر لیب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دارالافتاء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دارالاقامہ یتیموں اور ناداروں کیلئے امداد، فری ڈسپنسری، فری تعلیم سکول سروس

اکاؤنٹ نمبر : 01026726

یو بی ایل برانچ کوڈ : 1155

یو بی ایل سکول روڈ برانچ، اسلام آباد، پاکستان

مرکزی جامع مسجد الشیبی، اٹک آئل کمپنی مورگاہ، راولپنڈی

Cell: 0300-5802404, 0334-5451794

www.alshaibitrust.org **www.alshaibitrust.com**

محترم ومکرم: السلام علیکم

کتاب وظائف الصالحین کا ہدیہ پیش خدمت ہے۔اس قیمتی کتاب میں اسماء الحسنیٰ کے فضائل، منزل (آسیب وسحر سے حفاظت کے لئے قرآنی آیات)، درود شریف سے مشکلات کا حل، متفرق دعائیں، رحمتوں والے اعمال، رزق میں برکت کے اعمال، قرآنی دعائیں، دعاؤں سے بیماریوں کا علاج، سحر وجادو سے حفاظت، قرآنی سورتوں کے فضائل وغیرہ قلمبند کئے گئے ہیں۔

روزمرہ کی عام مشکلات اور روحانی بیماریوں کے حل کے لئے زیر نظر کتاب آج کل کے دور میں ایک اکسیر کا درجہ رکھتی ہے کیونکہ اس میں موجود مواد قرآن وسنت سے ماخوذ ہے اور اکابرین کی تعلیمات کو سامنے رکھتے ہوئے روزمرہ کے اوراد و وظائف پر ایک بہترین مجموعہ ہے۔اپنی مشکلات اور مسائل کے (عند اللہ) پسندیدہ حل کے لئے ہمیشہ قرآن وسنت سے رجوع فرمائیں۔ اس مجموعہ سے جتنی دعائیں بآسانی یاد ہوسکیں کوشش کریں اور فرصت کے لمحات مثلاً سفر میں انتظار کرتے ہوئے پڑھنے کی عادت بنائیں اور دوست احباب کو بھی ترغیب دیں۔اور اپنے لئے اور پوری امت کے لئے خصوصی دعا کا اہتمام فرمائیں۔

وظائف الصالحین کے یوٹیوب چینل کو سبسکرائب کر کے مولانا پیر حافظ اقبال قریشی صاحب کے وظائف، جادو، بندش، جنات اور بیماریوں کا علاج بااجازت حاصل کریں۔

https://www.youtube.com/c/WazaifulSaleheenTv

Web: www.alshaibitrust.org

Facebook: iqbalqureshiofficial, Whatsapp only: 00923005802404